# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 24 مئی 2021ء بمطابق 12 شوال 1442 ہجری بعداز دوپہر دو بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، مشتاق احمد غنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَفَحُكۡمَ الۡجَاهِلِيَّةِ يَبۡغُوۡنَ O وَمَنۡ اَحۡسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكۡمًا لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ O يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوا الۡيَهُوۡدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوۡلِيَآءَ O بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ O وَمَنۡ يَّتَوَلَّهُمۡ مِّنۡكُمۡ فَاِنَّهٗ مِنۡهُمۡ O اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ O فَتَرَى الَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوۡنَ فِيۡهِمۡ يَقُوۡلُوۡنَ نَخۡشٰٓى O اَنۡ تُصِيۡبَنَا دَآئِرَةٌ O فَعَسَى اللّٰهُ اَنۡ يَّاۡتِىَ بِالۡفَتۡحِ اَوۡ اَمۡرٍ مِّنۡ عِنۡدِهٖ فَيُصۡبِحُوۡا عَلٰى مَاۤ اَسَرُّوۡا فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ نٰدِمِيۡنَ ۔

(ترجمہ): (اگر یہ خدا کے قانون سے منہ موڑتے ہیں) تو کیا پھر جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں؟۔ حالانکہ جو لوگ اللہ پر یقین رکھتے ہیں ان کے نزدیک اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! ہودیوں اور عیسائیوں کو اپنا رفیق نہ بناؤ یہ آپس ہی میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں اور اگر تم میں سے کوئی ان کو اپنا رفیق بناتا ہے تو اس کا شمار بھی پھر انہی میں ہے۔ یقیناً اللہ ظالموں کو اپنی رہنمائی سے محروم کر دیتا ہے۔ تم دیکھتے ہو کہ جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہے وہ اُنہی میں دوڑ دھوپ کرتے پھرتے ہیں کہتے ہیں "ہمیں ڈر لگتا ہے کہ کہیں ہم کسی مصیبت کے چکر میں نہ پھنس جائیں" مگر بعید نہیں کہ اللہ جب تمہیں فیصلہ کن فتح بخشے گا یا اپنی طرف سے کوئی اور بات ظاہر کرے گا تو یہ لوگ اپنے اِس نفاق پر جسے یہ دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں نادم ہوں گے۔ وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ الۡعَٰلَمِينَ۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جزاک اللہ۔Leave applications: جناب محب اللہ خان صاحب، منسٹر آج کے لئے ، جناب وزیر زادہ صاحب، ایم پی اے آج کے لئے، جناب نذیر احمد عباسی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب شرافت علی خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، سید فخر جہاں صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، حاجی انور حیات خان، ایم پی اے آج کے لئے، محترمہ ثومی فلک ناز صاحبہ، ایم پی اے تمام اجلاسوں کے لئے، سردار یوسف زمان صاحب، ایم پی اے آج کے لئے جناب عاقب اللہ خان صاحب، ایم پی اے آج کے لئے، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، جناب محمود احمد بٹنی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The Leave granted.

## مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: Penal of Chairmen: In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a Penal of Chairmen for the current session:-

1. Mr. Muhammad Idress Khan;
1. Mr. Babar Saleem Swati.
1. Dr. Asia Asad Sahiba,
1. Mr. Sardar Hussain Babak.

## عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: 'Committee on Petitions': In pursuance of sub-rule (1) of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a Committee on Petitions, comprising the following Members under the Chairmanship of Mr. Mehmood Jan, honourable Deputy Speaker:

1. Mr. Babar Saleem Swati;
2. Mr. Humayun Khan;
3. Pir Fida Muhammad;

4. Mr. Shafique Afridi;
5. Mr. Sahibzada Sana Ullah;
6. Mian Nisar Gul Sahib.

میں ارباب شہزاد صاحب، Advisor to Prime Minister جو آج ہمارے اس اجلاس میں بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اس کو Witness کر رہے ہیں، میں انہیں ایوان کی طرف سے Witness ہیں، خوش آمدید کہتا ہوں، یہ ہمارے Former Chief Secretary بھی رہ چکے ہیں۔ درانی صاحب، پہلے بیگم نسیم ولی صاحبہ کے لئے جی۔

## مرحومہ بیگم نسیم ولی خان کو خراج عقیدت

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): بیگم نسیم ولی خان صاحبہ ایک بڑے خاندان اور اس صوبے کے لئے ان کی بڑی خدمات ہیں اور وہ ہمارے ساتھ 1992 میں یہاں پر اس اسمبلی میں رکن بھی تھیں، پراونشل اسمبلی کی، تو وہ وفات پاچکی ہیں، تو میرے خیال میں آج ہماری اس اسمبلی کی طرف سے، گورنمنٹ کی طرف سے بھی اور ہماری طرف سے بھی ان کے خاندان کے ساتھ اس کے غم میں ہم شریک ہیں اور میرے خیال میں ان کے لئے آپ کسی کو کہہ دیں کہ دعا بھی کرلیں تاکہ ان کی روح کو تسکین پہنچے۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب، دعا کروادیں۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر، اس سلسلے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے بعد بات کرلیں، سردار حسین بابک صاحب کو پہلے موقع دے دیتے ہیں۔

جناب عنایت اللہ: ثنااللہ صاحب کی والدہ فوت ہوئی ہیں، حلیم خٹک صاحب سابق ہیلتھ منسٹر رہے ہیں، ان کے لئے بھی، اس کے علاوہ جو اس پر ہمارے کئی ممبران نے قرار دادیں پیش کی ہیں، جو غزہ کے اندر قتل و غارت ہوئی ہے، اس کو بھی بعد میں لیں، اس سے پہلے اس پر بات ہو جائے۔

جناب سپیکر: پہلے دعا کرالیتے ہیں۔

جناب عنایت اللہ: دعا کرالیں جی۔

جناب سپیکر: حافظ عصام الدین صاحب دعا کرائیں۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه جناب سپیکر صاحب، زه د درانی صاحب هم ډیره زیاته شکریه ادا کومه او زما خیال دا دے چې دا ډیره زیاته ضروری ځکه ده چې دا خو یوه حقه لار ده او بیا مونږه د دې صوبې خلق روایتی خلق یو او بیا د بیگم نسیم ولی خان چې کوم شخصیت وو او بیا ظاهره خبره ده چې په دې معاشره کښې هسې هم زنانه، دا معاشره Man dominated معاشره گڼلې شی، په داسې معاشره کښې د یوې زنانه کردار چې هغه په داسې وخت کښې سیاست ته راغله چې هغه وخت د پارټئ نارینه ځومره خلق چې وو هغه ټول جیلونو ته شو او دا ډیر لوئے امتحان وو جناب سپیکر صاحب، په دې خاوره هم، په ولی باغ هم او د هغه وخت په پارټئ هم، چې ټول لیډر شپ لاړو جیلونو ته، بی بی رااووتله، ځان ئې جناب سپیکر، داسې ثابت کړو چې د پارټئ کارکنانو، د پارټئ د بیانیې چې کومه توقع د پارټئ خلقو کوله، په هغه توقع باندې برابر وختله۔ جناب سپیکر، دا د شخصیت کمال وی چې نن هم چې 2021 دے او په 2018 منتخب ممبران په دې هاؤس کښې مونږه ناست یو، یو زنانه ډائریکټ منتخبه نه ده، درې وارې د دې معاشرې یو زنانه چې ډائریکټ په الیکشن کښې انتخاب کیږی، ظاهره خبره ده دا د هغې شخصیت چې په دې شکل باندې جناب سپیکر، زما دا خیال دے چې دا ډیر لوئے کریډټ دے۔ جناب سپیکر، په هغه وخت کښې چې ډائریکټ انتخاب د زنانو د پاره وو، که مونږه اوگورو چې په ایک سو پندره ممبرانو کښې ډائریکټ انتخاباتو کښې یو زنانه راځی نو دا ډیر Rare case دے جناب سپیکر، مونږه که د پارټئ ډسپلن ته اوگورو جناب سپیکر، زمونږه په پارټئ کښې به اکثر دا تاثر وو چې کله به بی بی صوبائی صدره منتخب کیدله نو ټولو خلقو به وئیل دا ټول هاؤس د دې بی بی نه یریږی، داسې نه وه، هغه د ډسپلن یو ډیر لوئے عملی مثال وو جناب سپیکر، دلته کښې درانی صاحب دوئ ناست دی، دلته په دې اسمبلئ کښې په دې Legislation کښې چې هغې کوم کردار ادا کړے دے، نن زمونږه د دې اسمبلئ لائبریری د هغې گواهی کوی جناب سپیکر، مونږه خراج تحسین پیش کوؤ، مونږه خراج عقیدت پیش کوؤ، زه د دې ټول هاؤس هم شکریه ادا کوم چې دا روایت دلته ژوندے دے او دا روایت به ټول عمر ژوندے ساتو، دا معنیٰ نه لری چې زمونږه ټرون یا زمونږه سیاسی

وابستگی د کوم سیاسی گوند سره ده، د کومې سیاسی نظریې سره ده جناب سپیکر، دا ډیره لویه معنیٰ لری چې دا ژوندی روایات مونږه دلته په دې خپله صوبه کښې جناب سپیکر، یاد اوساتو۔ جناب سپیکر، زه دا هم تاسو ته وایمه چې د یو زنانه په حیث، د یو لیډر په حیث چې بیگم نسیم ولی خان پخپله پارټئ کښې څومره مردم شناسه وه، شاید چې دغه وخت کښې د شمار خلق داسې وو چې هغه مردم شناسه وو جناب سپیکر، دا هم یو ریکارډ دے چې په کوم کوم Tenure کښې بیگم نسیم ولی خان صاحبه صدره وه، که هر سخت دور راغلے دے په دې اسمبلئ کښې، د دې تحریک یو ډیر ټهیک ټهاک شماره چې وه، تعداد چې وو جناب سپیکر، دا به دلته ناست وو، جناب سپیکر، تاسو دې ته اوگورئ چې نن هم زمونږه زنانه Openly سیاست هغسې نه شی کولے چې څنگ کول پکار دی، په هغه وخت کښې به جناب سپیکر، د هغه ډی آئی خان نه ئے راواخلئ تر چتراله پورې به بیگم نسیم ولی خان خپلی سیاسی هلې زلې کولې۔ زه خپله خبره په دې راغونډومه چې د بیگم نسیم ولی خان ټول سیاسی کیئریر زمونږه د ټولو سیاسی کارکنانو د پاره مشعل راه دے خو بیا په دې وطن کښې، د پښتنو په دې سیمه کښې د زنانو د پاره بیگم نسیم ولی خان هغه یو Role model دے او مونږه ورته ډیر زیات خراج عقیدت او خراج تحسین پیش کوؤ۔

<u>جناب سپیکر:</u> شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت):</u> جناب، اگر شیراعظم خان بات کرنا چاہتے ہیں تو وہ بات کرلیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ پہلے کرلیں جی، چلیں حکومت بعد میں، شیراعظم وزیر صاحب۔

<u>جناب شیراعظم خان:</u> تهینک یو، مسټر سپیکر۔ څو پورې د بیگم نسیم ولی خان مرحومې د سیاسی ژوند خبره ده، خدائے دې هغوی له ښکلی جنتونه ورکړی، په دې کښې شک نشته چې هغه یو مثالی سیاسی شخصیت وو او داسې ما ډیر کم لیدلی دی چې د حکومت شوقینه بالکل نه وه، بلکه اول خو دا پارټی نه وه خو دوئ له به همیشه د اپوزیشن Role ادا کولو خوند ورکولو۔ وئیل چې په دې کښې د قوم خدمت ښه کیږی بجائے په حکومت کښې، نو څومره چې دوئ وخت تیر کړے دے په سیاست کښې او تر اوسه پورې په دوئ باندې یو لفظ چا د غلط،

د کرپشن یا بد اعتمادئ ذکر نه دے راغلے ، دوئ یو داسې شخصیت وه چې مذهبی لحاظ سره هم بالکل یو مکمل شخصیت وو ، د عورت په شان کښې ، د عورت په نام کښې چې دوئ عورت وه ، لیډی وه خو دوئ چرې هم مرد ممبر پراونشل اسمبلی نه کم Role نه دے ادا کړے خو جمهوریت ته به ئے تقویت همیشه د دې مقصد وو ، Objectives به ئې وو همیشه ، نو زه دا وایم چې مونږه دوئ ته ځومره هم خراج تحسین پیش کړو هغه به کم وی ، دا د دې صوبې دومره Loss اوشو ، دومره شخصیاتی ، د دې د شخصیت په وجه چې دوئ مونږه نه لاړه ، خدائے دې جنتونه ورکړی چې د هغې بالکل کمے به پورا نه شی ، د زنانه په حوالې سره ، ډائریکټ الیکشن به ئې کولو ، ډائریکټ الیکشن کښې راتلله چې هغه نن سبا ډیر کم دی ، بلکه شته نه ، هغه Rare دی او بالکل ناپید دی خو د دې چې کومه کارگزاری وه ، کوم د دې سوچ وو ، کوم د دې جمهوری سوچ وو خاصکر ، هغې ته مونږه سلام پیش کوؤ او هغې ته مونږه خراج تحسین پیش کوؤ ، خدائے پاک دې په جنت فردوس کښې اعلیٰ مقام ورکړی۔ ډیره شکریه ، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: عنایت اللہ خان صاحب۔

جناب عنایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، انگریزی کا ایک شاعر ہے، اس کا موت کے حوالے سے ایک شعر ہے، جان ڈن اسکا نام تھا، پرانا شاعر ہے:

Any mans's death diminishes me---
Therefore do not ask for whom
The bell tolls, it tolls for thee

کہ مجھے کسی بھی انسان کی موت جو ہے وہ غم زدہ کر دیتی ہے اور اس لئے جب کسی کی موت کے لئے گھنٹی بجتی ہے، اس کا اعلان ہوتا ہے تو یہ مت پوچھیں کہ یہ کس اعلان ہو رہا ہے It tolls for thee، یہ اعلان آپ ہی کی موت کا ہو رہا ہے، اس لئے یہ راستہ ہے اور ہم اس راستے پہ چلیں گے۔ اس ایوان کے اندر جو لوگ ہیں، ایک دن ہماری موت کا بھی اعلان جائے گا اور میں سمجھتا ہوں جب ہم یہاں اسمبلی کے اندر کسی اپنے Colleague کی Death پہ بات کرتے ہیں تو ہمیں سنجیدہ ہونا چاہیئے، ایوان کے اندر سنجیدگی ہونی چاہیئے، تمام پولیٹکل پارٹیز کو اس قسم کے سینئیر لوگوں کی موت پہ بات کرنی چاہیئے، اس

کے لئے دل سے دعا کرنی چاہیئے۔ بیگم نسیم ولی خان اس صوبے کی بہت بڑی سیاسی شخصیت تھیں، خود بھی بہت بڑی سیاسی شخصیت تھیں اور ایک بڑے سیاسی خاندان سے ان کا تعلق تھا اور اس صوبے کی ایک بہت پرانی پولیٹکل پارٹی کی صوبائی ہیڈ رہیں، وہ 77ء کی جو تحریک تھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آسیہ بی بی، آپ تشریف رکھیں اپنی سیٹ پہ۔

جناب عنایت اللہ: وہ 77ء کی جو تحریک ہے، اس میں Active رہیں، PNA (Pakistan National Alliance) کے فلیٹ فارم سے انہوں نے اپوزیشن کی Politics کی، ایم این اے رہیں اور جس طرح بابک صاحب نے کہا کہ وہ صوبائی اسمبلی کی یہاں براہ راست ممبر منتخب ہوئی تھیں، وہ 77ء میں ایم این اے بھی منتخب ہوئی تھیں اور ظاہر ہے انہوں نے ایک احترام کا رشتہ چھوڑا ہے، اصولوں کا رشتہ چھوڑا ہے، ڈسپلن کا رشتہ چھوڑا ہے، ہم خود ان کے ساتھ تو نہیں رہے ہیں، درانی صاحب ہمارے سینیئر ہیں، وہ رہے ہیں، میرے بڑے بھائی اس وقت جب وہ ممبر تھیں اور اسمبلی کے اندر تھیں، وہ ایوان کے اندر ممبر تھے، تو ہم ان سے سنتے رہے ان لوگوں کا اورن کا جو نواسہ ہے، جو ان کی تیمار داری کر رہا تھا، میری ان کے ساتھ اٹھک بیٹھک ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ ملتے رہتے ہیں۔ اس نے ان کے آخری لمحات اور یہ جو آخری ان کے ایام ہیں اور یہ جو آخری مہینے ہیں، ان کی کچھ چیزیں شیئر کر دیں کہ وہ نماز پہ بالکل Compromise نہیں کرتی رہیں، وہ کہتا ہے، جب بالکل ان کی موت کے آخری وہ تھے تو میں نے ان سے کہا کہ اس پہ آپ مکلف نہیں ہیں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پہ آپ مکلف نہیں ہیں، اگر آپ کو رکعتیں یاد نہیں رہتی ہیں تو آپ جو بھی پڑھتی ہیں اللہ تعالیٰ کو یہ منظور رہے گی لیکن وہ کہتا ہے کہ وہ پریشان ہوئیں کہ آپ نے مجھے اس طرح کیوں کہا؟ اور آخری وقت تک جب تک وہ ہوش میں رہیں، وہ اشاروں سے بھی نماز پڑھتی رہیں، تو اس لئے ہمیں دل کے ساتھ ان کے لئے دعا کرنی چاہیئے۔ یہ جو حلیم خٹک صاحب ہیں، وہ اس صوبے کے ہیلتھ منسٹر رہے ہیں، ایم پی اے رہے ہیں، اس کے لئے بھی ہم دعا کرتے ہیں، ثناء اللہ صاحب کی والدہ کی Death ہوئی ہے، ان کے لئے بھی ہم دعا کرتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے جو ہمارے Colleague چلے جاتے ہیں تو جس طرح میں نے وہ شعر کہا، ہ شعر کا ترجمہ کیا کہ یہ ہماری ہی موت کا اعلان ہے، تو اس لئے ہمیں سنجیدگی سے، موت کی خبر کو سنجیدگی سے لینا چاہیئے۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔ Thank you, honorable Speaker.
بیگم نسیم ولی کی وفات بلاشبہ میرے خیال میں جمہوری قوتوں کے لئے اور جمہوری سوچ کے لئے ایک بڑا صدمہ ہے، میں اور میری جماعت پاکستان مسلم لیگ نون، ہم سمجھتے ہیں کہ بیگم نسیم ولی خان پاکستان کی ان چار پانچ خواتین میں سے ایک خاتون تھیں جو بامر مجبوری، ان کے گھر میں کوئی مرد جب بچا نہیں تو جمہوریت کی لڑائی لڑنے کے لئے وہ گلی کوچوں، چوکوں، چوراہوں اور سڑکوں پہ نکلیں، فاطمہ جناح سے لیکر بیگم نسیم ولی خان تک، بیگم نسیم ولی خان سے لیکر شہید محترمہ بے نظیر بھٹو تک، بے نظیر بھٹو شہید سے لیکر بیگم کلثوم نواز تک اور پھر وہی سلسلہ اسی طرح چلتا رہا اور مریم نواز شریف مجبور ہو کر جب گھر میں کوئی مرد نہیں رہا تو وہ جمہوریت کی لڑائی لڑنے کے لئے وہ راستوں پہ، چوکوں، چوراہوں اور سڑکوں پہ آئیں۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ ان کو پبلک کی Recognition ملی، ان کی Political struggle کو Recognized کیا گیا، میں سمجھتا ہوں کہ ان کی موت ہم سب کے لئے، صرف عوامی نیشنل پارٹی نہیں پورے اس ہاؤس کے لئے اور جتنی سیاسی جماعتیں ہیں، سب کے لئے افسوس کا مقام ہے، ہم عوامی نیشنل پارٹی کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور میں آج یہ بات یہاں اس فلور پہ ضرور کہونگا کہ مجھے خود بیگم نسیم ولی خان کے ساتھ Early ninety's سے جب وہ ہماری اتحادی تھیں، تقریباً دس سال ایک ساتھ کام کرنے کا موقع ملا، سفر کرنے کا موقع ملا، مکالمہ کرنے کا موقع ملا اور ان سے سیکھنے کو بہت کچھ ملا، ہم سمجھتے ہیں اور میری یہ توقع ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی کے تمام دوست بیگم نسیم ولی خان کا جو مشن تھا، اس کو آگے لیکر چلیں گے اور یہاں پہ ایک درخواست میں پورے ہاؤس سے کرونگا، خصوصاً جو یہاں پہ خواتین ممبرز ہیں کہ آپ بھی، انسان کے ذہن میں کوئی Role model ہوتا ہے، تمام خواتین ممبرز اس ہاؤس میں جو بیٹھی ہیں، آپ بیگم نسیم ولی خان کو ضرور سٹڈی کریں، ان کی لکھی ہوئی کتابوں کو پڑھیں اور انکا جو Political carrier تھا اس سے ضرور کچھ Learn کریں تاکہ ہماری خواتین کی بھی حوصلہ افزائی ہو اور ایک درخواست اس کے ساتھ کہ جب بھی ہمارا کوئی لیڈر، میں سمجھتا ہوں کہ لیڈرز جو ہوتے ہیں وہ قومی اثاثہ ہوتے ہیں، قومی اثاثہ جب مر جاتے ہیں تو ہم ان کے لئے تعزیتی ریفرنس منعقد کرتے ہیں، ان کی بڑائیاں بیان کرتے ہیں، زندہ لوگوں کی قدر کرنا سیکھیں، جو زندہ ہیں ان کی قدر کریں، جو وفات پا گئے ہیں ان کے لئے مغفرت کی دعا کریں، اللہ آپ سب کا، ہماری قیادت کا، تمام سیاسی جماعتوں کا حامی و ناصر ہو۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ میں سمجھتا ہوں کہ بیگم نسیم ولی خان صاحبہ جو ہیں ان کے ساتھ میرا بھی کوئی اس طرح رشتہ رہا ہے کہ نیچے اسمبلی میں وہ ہوتی تھیں اوپر پریس گلیلری میں ہم ہوتے تھے، جب وہ اپوزیشن لیڈر بھی تھیں تو کافی عرصے تک میں نے اسمبلی کو بھی Cover کیا تھا، میں ان کو دیکھتا تھا اور ان سے کئی بار میں نے انٹرویوز بھی کئے جو آج بھی "مشرق" اخبار کا حصہ ہیں، وہ تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک دبنگ لیڈر تھیں جس کو Iron lady کہا گیا، No doubt ہمیشہ انہوں نے تکالیف بھی دیکھیں، کافی Struggle ہے، ان کی جدوجہد، پارلیمانی سیاست کے لئے، میں ان کو خراج تحسین بھی پیش کرتا ہوں، خراج عقیدت بھی پیش کرتا ہوں جناب سپیکر، جو ان کی وفات سے جو خلا پیدا ہوا ہے، Definitely میں کہتا ہوں کہ اس کو پورا کرنا مشکل ہی ہے لیکن جو یہاں خواتین ہیں، جس طرح میرے بھائی نے کہا، ضرور ان کو سٹڈی کرنا چاہیئے کہ ایک خاتون کتنی مشکل وقت میں کھڑی ہوئیں اور مردوں کے شانہ بشانہ انہوں نے اپنا Role ادا کیا اور وہ اسمبلی یعنی عام لوگوں میں کھڑی ہو کر انہوں نے اپنے آپ کو منتخب کرا کے اس اسمبلی تک پہنچایا، تو میں کہتا ہوں کہ انہوں نے جو جمہوریت کے لئے خدمات کی ہیں یہ یقیناً بہت ہی زیادہ ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں ان کو ایک Institution بھی سمجھتا ہوں، ایک ادارہ تھیں، جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ خواتین کمزور ہیں، نازک ہیں، تو میرے خیال سے اگر بیگم نسیم ولی کے Role کو دیکھا جائے تو یہ چیز غلط بھی ثابت ہو سکتی ہے، جس میں Courage ہو، یہاں بیٹھی ہیں، ہماری دبنگ لیڈر اور بھی بیٹھی ہیں، نگہت اورکزئی کون کہتا ہے کہ کمزور ہو سکتی ہے خاتون؟ لیکن اپنے آپ میں ہمت پیدا کرنی چاہیئے اور یہ ہمت بیگم نسیم ولی نے دی ہے، تو میرے خیال سے ہماری خوش قسمتی ہے کہ میں ان کو کافی عرصے تک دیکھتا رہا، ان کی پارلیمانی سیاست کو، ان کو سنتا رہا، ان کو لکھتا رہا، ان سے سیکھتا رہا، تو میرے خیال سے وہ ساری چیزیں جو، ایک چیز مجھے نظر آتی ہے جو میں آج بھی اپنے چونکہ خود ایک پولیٹکل ورکر ہوں تو ان کے اندر جو Administrative powers تھیں وہ کافی حد تک تھیں، یعنی وہ جب تک پارٹی کی لیڈر رہیں، پارٹی ایک مستحکم وہ بن کے رہی اور سامنے نظر آتا رہا کہ جی ان کے دور میں یہ پارٹی کئی مرتبہ اقتدار میں بھی آئی، تو ایک ڈسپلن نظر آیا ان کے اندر اور بڑے اچھے انداز میں انہوں نے اپنی پارٹی کو چلایا، بالکل انہوں نے یہ بات کی شیر اعظم وزیر صاحب نے، جب تک وہ لیڈر تھیں کسی نے انگلی نہیں اٹھائی، نہ

کسی کرپشن کا، نہ کسی اور چیز کا، تو اس طرح کی لیڈرشپ کو میں سلام بھی پیش کرتا ہوں جناب سپیکر، اور میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے علاوہ جو عبدالحلیم خٹک صاحب تھے، ان کو بھی میں جانتا تھا اور Specially میں ڈاکٹر یعقوب صاحب کا ذکر کرونگا، جب بیگم نسیم ولی خان ایک طرف وہ ہوتی تھیں اور دوسری طرف ڈاکٹر یعقوب صاحب ہوتے تھے تو آپس میں بڑے ٹھیک ٹھاک انداز میں ان کی جو ڈیبیٹ ہوتی تھی وہ اس اسمبلی کا میں کہتا ہوں کہ تاریخی حصہ ہے، مثالی حصہ ہے، ان کی چیزوں کو اٹھا کر میرے خیال سے اگر آپ ایک سیشن شروع کرا دیں جو ہمارے نئے Youngsters آئے ہیں، چاہے وہ خواتین ہیں، کوئی ایسا سسٹم شروع کریں کہ انکی جو سپیچز ہیں وہ نکال کر ان کو دکھائیں کہ وہ اس وقت کس چیز پہ سپیچ کرتے تھے، وہ اس لئے سپیچ نہیں کرتے تھے کہ میں یہاں آکر کہوں کہ میرا لیڈر بڑا ہے اور میں اس لئے یہاں پہ کھڑا ہو جاؤں کہ جی، کوئی بتانے کی ضرورت نہیں ہوتی، لیڈر جب بڑا ہوتا ہے ویسے ہی بڑا ہوتا ہے، تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو بڑے لیڈرز ہیں، جو اس اسمبلی میں ان کا Role رہا ہے جناب سپیکر، کوئی ایسا سیشن کرالیا کریں، سال میں ایک دفعہ کرالیا کریں، ان کی سپیچز دکھائیں، لوگوں کو ان سے بڑی Encouragement ہوگی، کل ہم نہیں ہونگے کوئی اور ہوگا، تو میرے خیال سے انہوں نے بات کی، بالکل میں ان تمام لوگوں کو، ڈاکٹر یعقوب صاحب کو، بیگم نسیم ولی صاحبہ کو، عبدالحلیم خٹک صاحب اور جو ہمارے جتنے ممبران یہاں سے گئے ہیں، میں سب کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں اور اس امید کے ساتھ جناب سپیکر، کہ اب تو دوبارہ بیگم نسیم ولی نے آنا نہیں ہے، یہ Irreparable loss جو ہے یہ نہ ہم Cover کر سکتے ہیں لیکن ہماری یہاں جتنی بھی خواتین آتی ہیں، کم از کم وہ ان کو مشعل راہ بنا کر، ان کی جو سوچ تھی، وہ پارٹی کے اندر بھی نظر آنی چاہیئے اور اس سے فائدہ بھی ہونا چاہیئے سب کو۔ میں جناب سپیکر، اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت فردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ بہت شکریہ سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی بلاول آفریدی صاحب۔

<u>جناب بلاول آفریدی</u>: .Thank you, Mr. Speaker جس طرح یہاں پہ ماشاءاللہ میرے بڑے اور Experienced politicians جنہوں نے بیگم نسیم ولی خان کے حوالے سے بات کی، اللہ تعالیٰ ان کو جنت فردوس میں جگہ عطا فرمائے، یہ ایک حقیقت ہے She was the first Member of the Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa, back in 1977، بڑی اعزاز کی بات ہے، انہوں نے یہاں پہ اس صوبے کے لئے جو Stances لیے بڑے مشکل وقت میں اور

ان کی Political party پہ جو مشکل وقت آیا تھا، تو ظاہر سی بات ہے جو ہمارا آنے والا مستقبل ہے، Specially ہماری جو بہنیں ہیں، مائیں ہیں جنہوں نے دن رات محنت کر کے ہر Political party اور وہ سیاست میں جو ہے قدم رکھا ہے اور وہ محنت کر رہی ہیں، اس صوبے کے لئے، اس ملک کے لئے، اس صوبے کی بہتری کے لئے اور اس ملک کی بہتری کے لئے، تو اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہم بیگم نسیم ولی خان کا جو کردار ہے اس ملک کے لئے، ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح باقی بھی، انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے ملک میں جو فیمیل ممبرز ہیں، ان سے بھی یہ امید اور توقع کی جائے گی کہ اس ملک کے لئے بہت کچھ وہ کر لیں گی۔ تھینک یو جی۔

## مسئلہ استحقاق

Mr. Speaker: Item No. 6, 'Privilege Motions': Mian Nisar Gul Sahib, MPA, to please move his privilege motion No. 146, in the House. Mian Nisar Gul Sahib, (not present). Mr. Ikhtiar Wali Sahib, MPA, to please move his privilege motion No. 147, in the House.

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر، بہت افسوس کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ ایک منتخب نمائندے کو، ایک ہاؤس کے ایم پی اے کو کسی سرکاری افسر کے خلاف پریولج موشن لانا میرے خیال یہ آخری گولی ہوتی ہے، میں اس ہاؤس میں آنے سے پہلے اکثر یہ سوچتا تھا کہ یہ پریولج موشن motion کیوں لاتے ہیں، کیا یہ منتخب نمائندے اتنے کمزور ہوتے ہیں؟ لیکن یہاں پہ آکر حالات دیکھے کہ بیوروکریسی بالکل بے لگام ہو چکی ہے اور ہر بندہ جب اپنے مدار میں اپنا کام کرنا چھوڑ دیتا ہے، وہ دوسرے کے کام میں مداخلت شروع کر دیتا ہے تو معاشرے میں اور نظام میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔

Mr.Speaker: Please, first move your privilege motion.

جناب اختیار ولی: مجبور ہو کر یہ پریولج موشن مجھے لانا پڑی۔

جناب سپیکر: پہلے پریولج موشن Move تو کریں نا۔

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر، میں سیکرٹری بلدیات سے مورخہ 8 اپریل 2021 سے مسلسل رابطہ کرنے کی کوشش کر رہا ہوں مگر سیکرٹری صاحب نے میری کال اور رابطہ کرنے پر کوئی توجہ نہیں دی جس سے نہ صرف میرا بحیثیت ممبر صوبائی اسمبلی بلکہ اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا آپ سے

درخواست کرتا ہوں کہ اس استحقاق کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ اس پر مزید آگے کارروائی کی جا سکے۔

جناب سپیکر: اس پر بات کر لیتے ہیں اختیار ولی صاحب، کیا یہ مناسب نہیں ہوتا کہ ایم پی ایز منسٹرز سے بات کیا کریں؟ زیادہ تر۔۔۔۔۔

جناب اختیار ولی: سر، منسٹر صاحب سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کے Colleagues ہوتے ہیں تاکہ یہ۔۔۔۔۔

جناب اختیار ولی: منسٹر صاحب سے بات بھی کی اور گزشتہ اجلاس جو April 24th کو ہوا تھا، یہاں پر اس پر Detail Discussion بھی ہوئی اور اس کے بعد آپ نے رولنگ بھی دی لیکن میں آپ کو بتا دوں کہ Still the matter is pending, day by day it is getting worsen. کوئی شنوائی نہیں ہوتی، تو اگر آپ کی رولنگ پر کوئی عمل درآمد نہیں کرتا تو جناب سپیکر، ہمارے تو گلے ادھر ہی ختم ہو جاتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب، اکبر ایوب صاحب۔

جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جی شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میرے بھائی اختیار ولی خان کو ایک تو انہوں نے سیکرٹری صاحب کا جواب بھی پڑھ لیا ہوگا اور دوسرا جناب سپیکر، آپ نے فرمایا ہے کہ میں ہر وقت ادھر موجود ہوں، اگر سیکرٹری صاحب Available نہیں ہیں، دو سپیشل سیکرٹریز ہیں، سیکرٹری ایل سی بی ہے، بہت سارے آفیسرز ہیں جن کے ساتھ یہ رابطہ کر سکتے ہیں، تو میری آپ سے ریکویسٹ یہ ہے، جب آپ نے اسمبلی میں آواز اٹھائی تھی، اسی وقت میں نے احکامات دیئے تھے صفائی والے اور اس کے اوپر جناب سپیکر، عمل درآمد بھی ہو رہا ہے، اگر کہیں پر کوئی فرق ہے، آپ میرے ساتھ بیٹھیں تو اس کو بھی ہم انشاء اللہ آپ کے مسئلے کو حل کرائیں گے۔ میری اختیار ولی خان سے ریکویسٹ یہ ہے سر، ٹیلیفون نہ اٹھانے پر یہ پریولج موشن کا ذرا غیر مناسب، اگر وہ دفتر میں بیٹھا ہو، سیکرٹری بلدیات کو یہ سارا ہاؤس جانتا ہے، Open door policy ہے، کبھی کسی کو باہر نہیں انتظار کرایا گیا، کوئی ممبر جاتا ہے، وہ سیدھا جا کر سیکرٹری صاحب سے ملکر اپنی بات کر سکتا ہے، میری بھی Open door policy ہے، آپ کو پتہ ہے، تو میں ریکویسٹ کرونگا اختیار ولی صاحب سے کہ اس پریولج موشن

کو واپس لے لیں، ہم بیٹھ کر جو ان کا مسئلہ ہے، اس کو ڈسکس کر لیتے ہیں اور اس کو پوری کوشش سے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: سر، ایسا ہے کہ It`s not the matter کہ ان کو ایک بار یا دو یا تین بار Contact کیا گیا 6th February, end of February ان کو Contact کیا جا رہا ہے، ان کے آفس کے نمبر پر، ان کے WhatsApp نمبر پر، جن کا یہ ذکر کر رہے ہیں، سیکرٹری لوکل کونسل بورڈ، ان کے ساتھ بھی باقاعدہ رابطہ کیا گیا لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں وہ WhatsApp chat بھی میرے پاس ہے، اس میں آپ دیکھ لیں کہ میرے کتنے میسجز ہیں اور ان کے دو صرف ایک بار میسج آیا کہ Noted, Sir، پھر میسج آیا کہ میں نے TMO کو بلایا ہوا ہے اور Monday کو وہ آ رہا ہے، اس کے بعد میں پوچھتا ہی رہ گیا کہ Monday کو بندہ آپ نے بلایا تھا، اس کا کیا ہوا؟ تو جناب سپیکر، استحقاق ہوتا ہے اور مجروح ہو تو اس کا پوچھنا بھی چاہیئے، تو میرے خیال میں It`s not a big deal اگر اس کو ریفر کر دیں کمیٹی کے پاس، وہاں پر اس پر ڈیٹیل بحث ہو اور اس پر کارروائی ہو، تو میرے خیال میں تو کوئی برائی نہیں ہے، ہماری بھی، آپ اس کو کیا کہتے ہیں، استحقاق کہتے ہیں، عزت کہتے ہیں What ever ہم پبلک کا ووٹ لیکر آئے ہیں، یہ ہاؤس، Let me repeat again کہ یہ ہاؤس اگر معزز ہے تو پبلک کے ووٹوں سے ہے، پبلک کے ووٹ اور ان کے Representative کی، اگر ان کی کوئی عزت نہیں کرے گا، ان کو کوئی، عزت تو بعد کی بات، کوئی اس کو Respond ہی نہ کرے تو پھر Then why we are here, for what?. میرے خیال میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اختیار ولی صاحب، ایک دفعہ آپ میری بات مان کر منسٹر صاحب کیساتھ بیٹھ جائیں اور کل سے آپکا Issue resolve نہیں ہوتا تو Friday کو ہم یہ ایشو واپس لے لیتے ہیں، دوبارہ اس پر پریولیج کو لے آتے ہیں تاکہ آپکا کام ہو اور سیکرٹری صاحب سے بھی آپکی میٹنگ ہو، منسٹر صاحب بھی بیچ میں بیٹھیں اور آپکا Issue resolve کریں، اصل بات تو یہ ہے کہ آپکے حلقے میں وہ کام ہونا چاہیئے صفائی کا۔

جناب اختیار ولی: Exactly میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر Friday تک یہ چیز نہیں ہوتی آپ Friday کو اس کو Move کر دیں دوبارہ۔

جناب اختیار ولی: ٹھیک ہے، میں بات تو آپ کی مانتا ہوں لیکن پھر بھی Suggestion ہے، اگر اس کو کمیٹی میں ریفر کر دیں۔

جناب سپیکر: اس کے بعد پھر Friday کو پھر Move کر لیں، پھر ریفر کر دیں گے۔

جناب اختیار ولی: پھر Move کر لوں؟

جناب سپیکر: ہاں، میں اس کو۔۔۔

جناب اختیار ولی: مجھے ویسے اچھا نہیں لگتا۔

جناب سپیکر: میں اس کو پینڈنگ کر لیتا ہوں۔

جناب اختیار ولی: یقین کریں کہ مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا کہ ایک ممبر کا۔۔۔۔

جناب سپیکر: کیونکہ منسٹر صاحب ایشورنس دے رہے ہیں اور میری طرف بھی بار بار دیکھ رہے ہیں It means that he is very serious کہ یہ آپ کا مسئلہ حل کروائیں گے اور اس کو میں ختم نہیں کرتا، اس کو میں پینڈنگ رکھتا ہوں۔

Mr. Ikhtiar Wali: Thank you.

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ اکبر ایوب صاحب۔

جناب اختیار ولی: میں اس بات کے ساتھ۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ ان کے ساتھ بیٹھ کر۔۔۔۔

جناب اختیار ولی: سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب اختیار ولی: میں آپ کی بات کو تسلی سے میں مانتا ہوں لیکن ان کلمات کے ساتھ کہ ایک ممبر کسی سرکاری بندے کے خلاف جب وہ تحریک استحقاق لاتا ہے تو میرے خیال میں وہ بڑی مجبوری ہو جاتی ہے، میں وہ بندہ ہوں کہ I was left with no option but to bring a privilege motion against the Secretary Baldiat.

جناب سپیکر: آپ آج ہی بیٹھ کر ان کے ساتھ Time coordinate کر لیں تاکہ پھر سیکرٹری صاحب کو۔۔۔۔

جناب اختیار ولی: سپیکر صاحب، آپ بیچ میں ذمہ دار ہیں، بس یاد رکھیں۔

جناب سپیکر: میں نے اس چیز کو پینڈنگ کر لیا کہ میں Friday کو پھر دوبارہ لے لونگا۔

جناب اختیار ولی: گارنٹی آپ کی ہے، سپیکر صاحب۔

## تحریک التواء

Mr. Speaker: Thank you. 'Adjournment Motions': Mr. Akram Khan Durrani Sahib, Opposition Leader, to please move his adjournment motion No. 292, in the House. Akram Khan Durrani Sahib, adjournment motion No. 292.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، آپ کا بہت بہت شکریہ۔ چونکہ نہایت اہم مسئلہ ہے جناب سپیکر صاحب، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن بنوں میں ہمارا ایک چوک تھا، "اللہ چوک" جو کہ بڑا خوبصورت بنایا گیا تھا اور اس کو اس نے مسمار کیا اور ساتھ اس کو دوبارہ بنایا بھی اور اسی طرح صدر پولیس سٹیشن میں بغیر ٹینڈر کے وہاں پر اس نے تعمیر بھی کی اور پراونشل گورنمنٹ کی طرف سے ایک لیٹر گیا کہ آپ سستا بازار بنائیں اور اس میں سے تیس تیس دکانیں، ایک طرف سے پندرہ، دوسری طرف پندرہ اور پندرہ پندرہ تیس لیکن وہاں پر ڈی سی نے اس کے باوجود کہ پراونشل گورنمنٹ کے احکامات تھے، انہوں نے دو سو بنادیئے اور جب دو سو بنا دیئے تو پھر وہاں پر جو نیچے بیٹھنے والے لوگ تھے، ان کو چار چار، پانچ پانچ لاکھ روپے لیکر پھر الاٹ بھی کیا اور جو نہی الاٹمنٹ ہوئی، اس کے بعد دوبارہ الاٹمنٹ کو منسوخ بھی کیا اور اس سے ٹی ایم او اور ڈی سی کی آپس میں لڑائی ہوئی، منسٹر صاحب کو معلوم ہوگا، ڈی سی نے خود لیٹر لکھا ہے کہ اس کے خلاف اینٹی کرپشن کا مقدمہ درج کیا جائے اور ٹی ایم او نے لکھا ہے اپنے محکمے کو کہ ڈی سی اس میں Involve ہے، یہ سارا کام اس کا ہے اور اس طرح اس کا جو ٹھیکہ تھا سستا بازار کا، اس کا بھی ٹینڈر نہیں ہوا۔ ابھی منسٹر صاحب مجھے بتائیں گے کہ جب ایک لاکھ سے اوپر کا ٹینڈر ہو تو اس کے لئے ٹینڈر لازمی ہے، ابھی اس پہ Cost جو ہے پچاس ساٹھ لاکھ روپے ہے لیکن وہ بھی اس نے خود بنائی، تو لہذا اس مسئلے کو میں نے ایوان میں اس لئے اٹھایا کہ وہاں پر لوگوں میں اشتعال ہے اور جن لوگوں سے پیسے لئے اور دوبارہ اس کو منسوخ بھی کیا، تو میری آپ سے گزارش ہے، کچھ اور باتیں بھی ہیں، کہ تھوڑی سی مجھے تفصیل سے اس پر بات کرنے کی اجازت دے دیں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب۔

جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات ودیہی ترقی): جی شکریہ، جناب سپیکر۔ جو ایڈجرنمنٹ موشن محترم ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب لیکر آئے ہیں، وہ Basically کوئی پولیس سٹیشن کی، تھانے کی دیوار ہے جو گرائی گئی ہے اور اس کو پھر سے بنایا جارہا ہے، یہ میرے پاس جو کاغذات دیئے گئے ہیں، اس میں ڈپٹی

کمشنر نے وہ آرڈرز دیئے ہیں As Administrator of District Council اور چونکہ تھانے کا مسئلہ تھا، سیکورٹی کے خدشات کی وجہ سے Departmentally انہوں نے اس کا کام کرایا ہے جناب سپیکر، اور اس میں کچھ Encroachment بھی ہٹائی گئی ہے جو مجھے بتایا گیا ہے جناب سپیکر، یہ تو Encroachment ہٹانے کا تو یہ پورے پاکستان میں سلسلہ شروع ہوا ہے، روزانہ ہم ٹی وی پر دیکھتے ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ نے اتنے ارب کی زمین واگزار کرالی اور اس ڈیپارٹمنٹ نے پنجاب میں کر دی، اس ڈیپارٹمنٹ نے KP میں کر لی اور جہاں تک جناب سپیکر، درانی صاحب نے بات کی ہے، وہ سستے بازار پر میرے بھی خدشات تھے، تو وہ چار پانچ لاکھ نہیں تھے جو مجھے پتہ چلا تھا، تیس چالیس ہزار روپے Per person سے لئے گئے تھے اور ان کو وہ کیاس بنا کر دیا گیا تھا تو میں نے اس کے اوپر Fact finding کی، اس کے اوپر میں نے کی تھی، وہ خیر ایک الگ مسئلہ ہے لیکن اگر درانی صاحب چاہتے ہیں، اس میں اتنی لمبی چوڑی بحث کی ضرورت نہیں ہے جناب سپیکر، جتنی بھی اگر کوئی Encroachment ہے یا اگر کوئی Lease دی گئی ہے تو میں As Minister, Local Government and Chief Minister کی اجازت کے ساتھ میں یہاں اعلان کرتا ہوں کہ ہم اگر یہ چاہتے ہیں، بنوں Specific میں پچھلے بیس سال کی ہائی لیول انکوائری ہم بٹھا دیتے ہیں اور اگر یہ چاہتے ہیں کہ Province wise تو Province wise high level inquiry بٹھا لیتے ہیں، ایک ایک پراپرٹی کی Lease کا دیکھ لیتے ہیں، کس طرح دی گئی ہے، کس کو دی گئی ہے، صحیح طریقے سے دی ہے، غلط طریقے سے دی گئی ہے، میں تو جناب سپیکر، جب سے یہ چارج لیا ہے، میں نے تو پہلے دن ہی Leases بند کر دی تھیں، میں نے کہا جی جب تک کوئی Transparent اور Digital طریقہ نہیں نکالتے ہیں کوئی E-auction کا، E-release کا، تب تک میں تو اس ڈیپارٹمنٹ میں کوئی Lease نہیں کرنے دونگا، بلکہ Rental کا بھی، اگر Rent پر بھی دکان دینی ہے، اس میں بھی E کے اوپر جائیں آپ، تو جیسے درانی چاہیں، جیسے ان کی مرضی لیکن پھر جناب سپیکر، معاملات دیوار تک نہیں رہیں گے، ساری پھر انکوائری ہو گی، جیسے حکم کریں گے، ہمارے سینیئر ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی اکرم خان درانی صاحب۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جناب سپیکر صاحب، منسٹر صاحب نے بڑی اچھی بات کی، آپ یہاں سے ایک کمیشن بنا دیں، اس میں اکبر ایوب صاحب، اس کے ساتھ گورنمنٹ کا کوئی اور منسٹر، اپوزیشن سے بھی میں دو چار

نام آپ کو دے دونگا اور وہ Thoroughly دیکھیں کہ آیا ڈپٹی کمشنر رولز ریگولیشنز سے زیادہ بااختیار ہے، آیا اس کو ٹینڈر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے؟ یا یہاں پر آج اگر آپ دیکھیں، میں نے آپ سے ادھر بھی بات کی کہ اگر آج آپ بنوں کے حالات کو دیکھیں تو فلسطین آپ بھول جائیں گے، ابھی وہاں پر لوگ ہسپتالوں میں ہیں، دوکانوں میں بیٹھے تھے، ان پر گرایا گیا ملبہ، ان لوگوں کا سارا سامان تباہ ہوا، ابھی میونسپل کمیٹی کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ وہاں پر الاٹمنٹ بھی کرتی ہے، آدمی کو نقشہ بھی پاس کر کے دیتی ہے اور پھر گراتی بھی ہے، مدری منڈی وہاں پر جو لوگ بیٹھے ہیں، یہ Partition سے پہلے ہیں اور یہ ہمارے فاٹا اور ایف آر کی جو معدنیات ہوتی تھیں، اس کو کہتے ہیں مدری منڈی، وہاں پر لوگ جو اپنے ہاتھوں سے کوئی چیزیں بناتے تھے تو ان کو غربت کی وجہ سے وہاں پر بیچتے تھے، ابھی اس پر میں خوش ہوں کہ وہاں پر جس طرح ہم Encroachment کے خلاف بھی ہیں Encroachment اگر کسی نے بھی غیر قانونی طور پر، لیکن اگر آپ کو معلوم ہے کیونکہ آپ کے بھی لوگ ہیں، جو لوکل گورنمنٹ کی دکانوں میں ہیں، ابھی آج کل ایک دکان دو تین کروڑ روپے پر بکتی ہے، ابھی وہ تین کروڑ پہ خریدتا ہے اور پھر اس کو مسمار کرتا ہے تو میں تو خوش ہوں اکبر ایوب صاحب کی بات سے، اس میں ہم ڈپٹی کمشنر کو بھی بلائیں گے، اس میں ہم کمشنر کو بھی بلائیں گے، میں وہ Documents بھی پیش کرونگا جو ٹی ایم او نے لکھا ہے اس کو اور ڈی سی نے بھی لکھا ہے اینٹی کرپشن کو اور وہاں پر جو ٹی ایم او ہے، اس نے Stay لیا ہے، میرے خیال میں اینٹی کرپشن کے خلاف تو یہ سارا مسئلہ جو ہے، آپ آج اناؤنس کر لیں، ایک کمیشن کا نام دیتے ہیں بلکہ یہ ابھی سارے صوبے میں ہو رہا ہے Encroachment کے نام پر جس طرح تباہی ہے، وہ پورے صوبے میں ہے، تو اس پر جس صوبے کے یا جس ایم پی اے کے حلقے میں ہیں، وہ بھی اس کمیشن کو دے دیں، تو میں خوش ہوں منسٹر صاحب سے اس نے بڑی اچھی تجویز دی، آج آپ اناؤنس کریں ایک کمیشن، دو چار نام میں دے دونگا اور یہ خود بھی دیں اور یہ Thoroughly ہم دیکھیں گے کہ کس کی غلطی ہے؟ اگر وہاں پر عوام کی ہے، ہم کسی کے ساتھ بھی غلط کام پہ نہیں ہیں، بالکل میں صاف کہتا ہوں لیکن اگر ان پر آپ اس کو بیچ بھی دیں اور پھر گرا بھی دیں تو میرے خیال میں یہ نقشہ کس نے پاس کیا ہے؟ جب نقشہ پاس ہوتا ہے تو Approval ہوتی ہے ٹی ایم اے کی طرف سے، تو میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور منسٹر صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بڑی مہربانی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی منسٹر صاحب۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر، وہ کمیشن کی بات درانی صاحب نے کی، I don't know، میں وکیل تو نہیں ہوں، اس کی Legality کا مجھے نہیں پتہ کہ-----

جناب سپیکر: یہ سپیشل کمیٹی بن سکتی ہے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جی جی، جی نہیں، ایک سیکنڈ، پھر آپ بات کر لیجئے گا۔ جناب سپیکر، میں کہونگا کہ آپ ایک رولنگ دیں کہ .Let us start with Bannu today پھر ہر شہر کا ایم پی اے جو اپنی کسی Encroachment کے خلاف درخواست دینا چاہتا ہے پراونشل انسپکشن ٹیم کو بھیجیں، اینٹی کرپشن کو بھیجیں، نیب کو بھیجیں، یہاں رولنگ کے ساتھ بھیجیں اور سب چیک کریں اور وہ کھوکھوں والا معاملہ بھی چیک کریں اور صرف لوکل گورنمنٹ کا نہ کریں جناب سپیکر، جب یہ آیا تو مجھے کسی نے کہا کہ وہاں ایک خوڑ ہے سپیکر صاحب، "اساں دی زباناں وچ اساں سو کا آخدے نے" وہ ایریگیشن کی زمین ہے اور ادھر ایک ہزار دکانیں بنی ہوئی ہیں، ایک ہزار دکان، تمام ڈیپارٹمنٹس کی، اور درانی صاحب بالکل درست فرما رہے ہیں، مجھے Being Local Government Minister سب سے زیادہ مسائل، مجھے پتہ نہیں ہے کیا وجہ ہے؟ ایجوکیشن میں بھی تھا تو سب سے زیادہ مسائل بنوں سے آتے تھے، سی اینڈ ڈبلیو میں تھا تو سب سے زیادہ مسائل بنوں سے آتے تھے اور لوکل گورنمنٹ میں بھی آج بنوں سے آرہے ہیں تو کوئی Proper forum ہو، پراونشل انسپکشن ٹیم کو دیں۔

جناب سپیکر: بنوں والوں کو آپ سے زیادہ محبت ہے نا۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: میری تو محبت ہے، درانی صاحب تو ہمارے بزرگ ہیں، (قہقہہ) ہمارے بزرگ ہیں-----

جناب سپیکر: مطلب یہ کہ آپ یہ کہنا چاہ رہے ہیں منسٹر صاحب، آپ یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ جو سپیشل کمیٹی بنے، اس کے Terms of Reference میں یہ ہوگا کہ تمام اداروں کی جو Encroachments ہیں وہ ساری اس کو Probe کرے گی۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: سر، یہ کمیٹی تو Partisan ہوگی نا، ایک طرف اپوزیشن ہے-----

جناب سپیکر: تو بنوں کی ابھی بات کر رہے ہو نا؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: ابھی کسی ادارے کے حوالے کریں آپ، کسی Proper ادارے کے حوالے کریں کہ اس کی انکوائری کرے، سارے معاملات کی۔

جناب سپیکر: جی درانی صاحب۔
قائد حزب اختلاف: ادارہ جو ہے، خواہ اینٹی کرپشن ہے، وہ گورنمنٹ جو چاہے گی وہی کرے گی۔
وزیر بلدیات و دیہی ترقی: نہیں۔۔۔۔۔
قائد حزب اختلاف مجھے معلوم ہے اکبر ایوب صاحب۔
وزیر بلدیات و دیہی ترقی: نیب تو نہیں کرے گی جناب۔

قائد حزب اختلاف: میں نے بڑی شفقت سے بات کی، میری زبان نہ کھلوائیں نا، آپ تو میرے برخوردار جیسے ہیں اور آپ کی بات سی اینڈ ڈبلیو میں بھی مجھے معلوم ہے، جو میرے ساتھ کی ہے، اگر آپ چاہتے ہیں تو میں فلور پر وہ بھی کرلونگا لیکن آپ ادھر سے ایک کمیشن بنائیں، اس میں صاف پتہ چل جائے گا، آپ ان لوگوں کو کیوں اختیار نہیں دیتے؟ یہ صرف ایم پی اے کو دے دیں، ادھر سے ایم پی اے کو دے دیں، وزیروں کو بٹھا دیں، آپ اس ہاؤس کو بااختیار بنادیں، سب لوگ ہمارا احتساب کرتے ہیں، جتنے بھی ادارے ہیں، تو کیا یہ ہاؤس ان اداروں کا احتساب نہیں کر سکتا؟ جو غلطی پر ہے تو پلیز، میری آپ سے گزارش ہے کہ بڑے اچھے ماحول میں باتیں ہوئیں اور اس کیلئے آپ ایک کمیشن، ایک کمیٹی بنادیں، سپیشل، اگر اس میں کوئی آدمی کی غلطی ہے تو پھر اس پہ ہم اصرار نہیں کرینگے لیکن اگر کسی کے ساتھ غلطی ہے تو پھر پلیز اس پہ میں منسٹر صاحب کو دوبارہ یہی گزارش کرونگا کہ اس پہ آپ اس ہاؤس کی کمیٹی بنادیں، اس ہاؤس کو عزت دیں، ویسے بھی بیوروکریسی بے لگام ہو گئی ہے اور کوئی یہاں پر آنے کیلئے تیار نہیں ہے۔ رمضان میں میں دیکھ رہا تھا، جس طرح آپ غصے میں تھے اور یہی اکبر ایوب صاحب کھڑے تھے اور مایوسی کا اظہار کر رہے تھے، تو خدا کیلئے اس ایوان کو عزت دیں، ان ممبران اسمبلی کو عزت دیں، ابھی وزیروں کا بھی بہت برا حال ہے، یہاں پر اگر ایم پی اے حکومتی سائیڈ پر کوئی کرپشن کی بات کرتا ہے تو پھر اس کو فارغ کیا جاتا ہے، یہاں سے ایک مشیر، دو وزراء کو فارغ کیا کہ کرپشن کی بات ہے، ابھی چار وزیر لئے ہیں، میں نے تو مبارکباد بھی نہیں دی، ایک مہینہ ہوا ہے کسی کو Portfolio نہیں ملا ہے، یہ کیا ہے، یہ کیا ہے؟ اکبر ایوب صاحب، آپ خاندانی آدمی ہیں، آپ اس اسمبلی کو سپورٹ کریں، یہ آپ بھی ہو سکتے ہیں، دوسرا بھی ہو سکتا ہے، اگر آپ کے وزراء، وزیر اعلیٰ اتنا فارغ نہیں ہے کہ ایک مہینہ ہوا ہے اور بڑے ہمارے پیارے وزراء کو دوبارہ لیا ہے لیکن ایک کے پاس بھی محکمہ نہیں ہے، تو یہ اسمبلی کس طرح چلے گی؟، جب میرا سپیکر روئے گا، جب میرا وزیر روئے گا، جب اپوزیشن کا ایم پی اے اور گورنمنٹ کا ایم پی اے روئے گا تو پھر تو یہاں پر لاقانونیت

ہے، مارشل لاء جیسی حکومت ہے، توانشاء اللہ مجھے امید ہے کہ آپ اس کیلئے کمیٹی مقرر کر دیں ورنہ جو وزیر صاحب کی باتیں ہیں، متعلقہ اداروں پر ابھی ہمارا اعتماد نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی اکبر ایوب صاحب، یہ کہتے ہیں کہ سپیشل کمیٹی اس ہاؤس کی بنائیں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر، یہ ادارے کس چیز کیلئے بنائے ہوئے ہیں اور میری اور آپ کی جناب سپیکر، اور پختون یار خان کی یا فضل الہیٰ خان، ہمارا کیا Expertise ہے یہ انکوائریاں کرنے میں؟ اس میں Legalities ہیں جناب سپیکر، بے شک کمیشن، مطلب اس کا فائدہ کوئی نہیں ہوگا کہ کسی کو سزاوار ٹھہرایا جائے، کسی کو سزا دی جائے، وہ کمیشن کی رپورٹ آ جائے گی اور پوری زندگی میں بند آپ کی الماریوں میں پڑی رہے گی۔ جناب سپیکر، ایک آپ اس کو ہم کہتے ہیں، چھوڑیں صوبائی اداروں کو، آپ نیب کے حوالے کر دیں، دیکھیں درانی صاحب کے ساتھ نیب کتنا اچھا سلوک کرتی رہی ہے، میں بڑا خوش تھا. He is my Opposition Leader میں کبھی بھی نہیں چاہونگا کہ میرے سینیئرز ہیں اس ہاؤس میں اور ان کی کسی قسم کی تذلیل ہو، میں کہتا ہوں جناب سپیکر، یہ مافیا ہے، اس کو Let us break it open, let us crack it. ایسے ادارے کو تو ایسا ایک Toothless قسم کا ایک کمیشن بنانا جناب سپیکر، جس کا End result ہی نہ ملے جناب سپیکر، Give a ruling, give it to any investigation agency for the whole of Bannu, for all the departments. جناب سپیکر، میری آپ کے سامنے یہ ریکویسٹ ہے، باقی میرے بھائی پختون یار خان لوکل ہیں، ادھر کے، یہ کوئی بات کرنا چاہتے ہیں، مجھ سے زیادہ یہ وہاں کا سمجھتے ہونگے۔

جناب سپیکر: جی پختون یار خان، پختون یار خان۔

جناب پختون یار خان: جناب سپیکر صاحب، چونکہ اپوزیشن لیڈر صاحب نے یہ مسئلہ آج اس فلور پر اٹھا دیا یہاں پر، ہماری ساری ہمدردیاں ہمارے بنوں کے غریب عوام، بے شک ان کے ساتھ ہیں، ہماری ہمدردیاں، لیکن مسئلہ اور بات یہ نہیں ہے کہ ہماری ہمدردیاں صرف ان کے ساتھ ہیں، بات یہاں سے شروع ہو سکتی ہے اور ہونی بھی چاہیئے کہ جس نے جس طریقے سے بھی وہاں پر Allotment کروائی تھی، کس قانون کے تحت کروائی تھی، کس کو Allotment کروائی تھی؟ اپنے رشتہ داروں کو نوازا تھا، اپنی بااثر شخصیات کو نوازا تھا، میں اگر اتنا کہہ سکوں کہ اپنے باڈی گارڈز وغیرہ کو بھی شاید کسی نے نوازا ہوگا وہاں پر، یا ان غریب لوگوں کو نوازا تھا، جو وہاں پر چیخ و پکار بنوں میں کر رہے ہیں۔ سر، مسئلہ یہ ہے کہ وہاں پر ہماری بنوں کی ٹی ایم اے، جب سے ہم اس ایوان میں آئے ہیں، میرے خیال سے اکبر صاحب سے

ہماری دو تین دفعہ اس بات پر ملاقات ہوئی ہے کہ آپ ہماری ٹی ایم اے بنوں کو کوئی گرانٹ دے دیں، وہاں پر سر، آخر وجہ کیا تھی کہ ایک ٹی ایم اے جو 2000ء سے پہلے خود اپنے پاؤں پر کھڑی تھی، اپنے ملازمین کو تنخواہ خود ہی دے سکتی تھی، 2002ء کے بعد آخر کیا وجہ بنی کہ وہ ٹی ایم اے اپنے ملازمین کو تنخواہ بھی نہیں دے سکتی، بنوں ٹی ایم اے کی Property sites ساروں کو پتہ ہے اس ایوان میں کہ بنوں کی پراپرٹی سب سے قیمتی پراپرٹی ہے جی، مرلہ وہاں پر کروڑوں میں بکتا ہے اور شاید اگر میں اس ایوان میں یہ بات کہہ سکوں اور میرے جو بنوں کے ایم پی ایز صاحبان ہیں جی، وہ بھی اس بات کو مانیں گے کہ جب وہاں پر Allotment ہوئی تھی بنوں میں، اس ٹی ایم اے کی تو شاید وہ ہزاروں روپے میں Allotment ہوئی وہاں پر، نہ کروڑوں میں نہ لاکھوں میں، ہزاروں روپے فی دکان کی Allotment ہوئی ہے، تو آخر وہاں پر ٹی ایم اے بنوں Loss نہیں کرے گی اور یہ ٹی ایم اے یہاں پر گرانٹ مانگنے نہیں آئے گی۔ میرے خیال میں بنوں ٹی ایم اے ایک دور میں سب سے امیر ترین ٹی ایم اے تھی ہماری، یہ On the record سب کچھ ہے لیکن 2002ء کے بعد جب یہ Allotment والا سلسلہ شروع ہوا وہاں پر تو میرے خیال میں آج ٹی ایم اے جس حال میں ہے، وہ اکبر بھائی خود اس کی وضاحت اس ایوان میں کر سکتے ہیں جی سر، بات یہ نہیں ہے کہ وہاں پر صرف ٹی ایم اے کی پراپرٹی ہے، وہاں پر جتنی سرکاری پراپرٹیز ہیں جس کا میں سپیشل ایک ذکر، میرے حلقے کا جو سب سے دیرینہ مسئلہ جو ہمارے اپوزیشن لیڈر صاحب کے سامنے اٹھایا گیا تھا، وہاں پر انتخابی دنوں میں، انتخابات کے دنوں میں اور یہ مسئلہ میرے سامنے بھی رکھا گیا تھا، اس قوم کی ڈیمانڈ یہ تھی کہ ہمارا ایک ویال ہے، ویال منڈان، جو کہ ایری گیشن ڈیپارٹمنٹ کی ملکیت ہے بیسنٹھ فٹ اس کی چوڑائی تھی اس ویال کی اور آج بمشکل وہ ویال چھ فٹ ہے، اس پر باقاعدہ طور پر بنوں ہائی کورٹ بنچ کا Decision بھی آیا ہوا ہے، ایک کمیشن بھی وہاں پر بنا تھا کہ آپ اس ویال کو Vacate کریں، جتنی بھی پراپرٹیز اس پر بنی ہوئی ہیں، آپ اس کو Remove کرا دیں لیکن آج تک اس پر کام نہیں ہوا، تو میں آج اس ایوان کی وساطت سے اپنے حلقے کے عوام کیلئے بھی، خاص کر منڈان کے عوام کیلئے، یا تو اپوزیشن لیڈر صاحب! اس چیز کو آج Deny کر دیں کہ بھئی ویال منڈان پر جو تجاوزات بنی ہوئے ہیں، جو Allotment ہوئی ہے جو ایری گیشن کی، وہ غلط اور ناجائز نہیں ہے، تو بھی ٹھیک بات ہے، نہیں کرنا چاہتا تو بھی بتا دیں اس ایوان کو کہ سب کچھ ٹھیک ہے وہاں پر یا غلط ہے، یہ اختیار اور یہ فیصلہ اس کے سر پر ہے۔ اس کے علاوہ میں اس ایوان کو ایک

Suggestion اور بھی دینا چاہونگا، کمیشن کی بات کی، اچھی بات ہے، کمیشن بن جائے اس چیز پر، لیکن
سر، بات یہ نہیں ہے کہ اگر کمیشن میں میں بیٹھ جاؤں، اکبر صاحب بیٹھ جائیں، میرے کوئی معزز ایم پی
ایز بیٹھ جائیں، آخر یہ Allotment کروائی کس نے اور کس کے حکم پر ہوئی ہے؟ یہ بھی شاید میرے
جیسے بندے نے یا اس کے حکم پر وہاں پر سارا سب کچھ ہوا ہوگا، تحصیل میں وہاں پر سارا سب کچھ ہوا ہوگا،
تو میں اس معزز ایوان سے یہ التجاء کرنا چاہونگا کہ اس کیلئے ایک ایسا کمیشن بنایا جائے جو کہ مجھ جیسے سیاسی
بندوں پر مشتمل نہ ہو، بلاتفریق وہاں پر کام کرے، چاہے میری پارٹی کے ہیں، میری ذاتی جاگیر ہو، میں
نے قبضہ کیا ہوا ہو، اس کے خلاف بھی اور چاہے کسی اور کی بھی وہاں پر پراپرٹی ہو، ان کے خلاف بھی وہاں پر
کام کیا جائے، وہ ساری پراپرٹیز جو آج یا کل جو ہم سن رہے ہیں کہ چار پانچ ارب روپے کی وہاں پراپرٹی تھی،
یہ پراپرٹی ہے کس کی؟ سر، ڈپٹی کمشنر نے بھی کل وہاں سے جانا ہے، ہمارے کمشنر صاحب نے بھی وہاں
سے کل جانا ہے، یہ پراپرٹی بنوں کے عوام کی ہے اور بنوں کے عوام کے مفاد کیلئے پراپرٹی استعمال ہونی
چاہیئے نہ کہ اپنی ذاتی جاگیر سمجھ کر اپنا بینک بیلنس بنانے کیلئے اپنے کارندوں میں، اپنے دوستوں میں،
اپنے یاروں میں بانٹنے کیلئے جاگیر استعمال ہونی چاہیئے۔ اس کے علاوہ بنوں میں چھبیس کنواں جات تھے
اوقاف یا ٹی ایم ایز کے، آج بنوں میں بمشکل دو یا تین ویال یا وہ کنواں جات آپ کو نظر آئیں گے، چھبیس
کے چھبیس ویال سرے سے غائب ہو گئے ہیں بنوں میں، تو اس کی بھی انکوائری ہونی چاہیئے، جتنی بھی
سرکاری پراپرٹی ہے وہاں بنوں میں، ان سب کی وہاں پر میں یہ ریکویسٹ کرنا چاہوں گا کہ ان کی ایک
Proper inquiry Investigation Team سے ہونی چاہیئے، Allotment بھی بنوں میں
کچھ اس طرح ہوئی ہے کہ میرے خیال میں دکان کی سائز ساروں کو یہ معلوم ہوگا کہ 10x15,
15x20 زیادہ سے زیادہ 30x15 کی ہوگی لیکن بنوں میں کچھ ایسے بھی دکانات ہیں On the
record کہ 780x53 فٹ ایک دکان کی Allotment ہے سر، وہاں پر 480x33 فٹ سر
ایک دکان کی وہاں پر سائز رکھی گئی، سر، یہ دکان ہے کہ پورے پورے پلازے ہیں سر، گورنمنٹ کی
پراپرٹی ہے سر، جتنی بھی پراپرٹی ہے، اس ٹی ایم اے کو، بنوں کی ٹی ایم اے کو، یہ ہمارے ساروں کی بنوں
کی ٹی ایم اے، یہ ہماری ساری ہے اور سپیشل اپوزیشن لیڈر صاحب کی، وہاں پر جوان کا حلقہ ہے سر، اسی ٹی
ایم اے کی حدود میں آتا ہے، میرا بھی اسی میں آتا ہے سر، تو اگر یہ ٹی ایم اے ہمارے پاؤں پر کھڑی ہو
جائے گی تو شاید اسی ٹی ایم اے سے کل ہمارے بال بچے سر، ہمارے ایریا کے لوگ مستفید ہونگے، ان کو

فائدہ ہوگا، صاف صاف Suggestion یہ ہے کہ جو پراپرٹی واگزار کروائی گئی ہے، اس میں بنوں کے عوام کے بہترین مفاد کے لئے کام ہونا چاہیئے، پلازے بنانے چاہئیں سر، پارکنگ کے وہاں ایشوز ہیں، وہ بنانا چاہیئے۔ اس کے علاوہ سر، آخر میں میری ایک Suggestion ہوگی کہ Forever اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے سر، اس ایوان سے وہ منظور ہونی چاہیئے سر، قرارداد یا جو بھی ہو، منظوری لینی چاہیئے کہ جتنی بھی پراپرٹیز ہیں یا Allotment والا سلسلہ یہ ہمیشہ کیلئے بند ہونا چاہیئے۔ میری سر، یہی ایک Suggestion ہوگی۔ شکریہ، سر۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ کامران بنگش صاحب، Windup بھی کرنا ہے کہ کسی نتیجے پر پہنچیں۔ جی، درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): اس نے جو باتیں کیں، ایک تو مائیک آپ کا اس طرح ہے جی، میں نے پہلے بھی گزارش کی تھی کہ اس کو ذرا ٹھیک کریں کہ آدمی سمجھے کہ یہ کیا کہتا ہے لیکن میں نے جو اخذ کیا کہ میں نے اپنے دور میں کسی کو Allotment دی ہے یا میں نے کسی کو کہا ہے کہ اس کو دے دیں، میں تو یہی اس کو کہہ رہا ہوں کہ یہ سارا درمیان میں آجائے گا، یہ میرے برخوردار تھے، جب میں چیف منسٹر تھا، میرے گھر میں ہوتا تھا، سامنے بیٹھا ہے اور جب اس کے باپ کی برسی تھی تو میرے پاس آ کر کہ آپ آفتاب شیرپاؤ کی پارٹی میں تھے اور اس نے کہا کہ وہ نہیں آرہے، آپ آجائیں، میں نے اس سے کہا کہ آپ میرے بیٹے ہیں اور میں نے اس کیلئے ٹیوب ویلوں کا اعلان بھی کیا، وہاں پر نہر ویال کا بھی کیا، تو یہ بھی بتادیں کہ جب میں چیف منسٹر تھا تو وہ ہفتے میں دو بار میرے گھر کی حاضری دیتا تھا اور میں بیٹے کی طرح اس کو پیار دیتا تھا، ابھی بھی مجھے کوئی اس سے گلہ نہیں ہے، (تالیاں) میرے خلاف، میرے خلاف انکوائری، یہاں پر پرویز خٹک نے ایک صوبائی احتساب کمیشن بنایا تھا اور اس نے مکمل احتساب کمیشن میں چھان بین کی میرے خلاف، ابھی چونکہ نیب کی بات کی اکبر ایوب صاحب نے، تو اکبر ایوب صاحب نے نیب کی بات کی، نیب تو صرف لگا ہے اپوزیشن کے پیچھے، مجھے تین سال سے رگڑ دیا، آخر میں کہا کہ کچھ بھی نہیں ملا، نیب بھی، انٹی کرپشن بھی، ایف آئی اے بھی، ابھی یہ ادارے حکومت کے نہیں ہیں، یہ پی ٹی آئی کے ہیں، آپ برا نہ منائیں، ابھی یہاں پر بی آر ٹی کا معاملہ ہم نے اٹھایا، یہاں پر Safety Planning پہ، وہاں پر اس کی Design میں تبدیلی ہوئی تیس دفعہ اور یہ میں تاریخ میں پہلی بار دیکھ رہا ہوں، پہلی بار دیکھ رہا ہوں کہ سکیم مکمل ہو جائے اور ECNEC سے Approval بعد میں آئے، جب تک پچاس کروڑ

سے زائد کی رقم ہے آپ یہاں پر ٹینڈر نہیں کر سکتے، ہم چیختے ہیں، نیب والے بھی خاموش ہیں، دوسرے لوگ بھی خاموش ہیں اور میں تو ابھی اور باتوں پہ بھی آؤں گا، میری تو ایک ہی بات ہے، اس سے میری ناراضگی نہیں ہے، میرے برخوردار ہیں لیکن میں نے تھوڑی سی اس کو اوقات بتانے کی کوشش کی ہے لیکن اگر آپ کمیشن پہ آتے ہیں یا کمیٹی پہ تو بسر وچشم، کسی کے پاس جو مواد ہے، اس کمیٹی میں میرے خلاف بھی لائیں، میں علی الاعلان صوبائی گورنمنٹ کو ابھی بھی اعلان کرتا ہوں کہ (تالیاں) میں نے پانچ سال یہاں پر حکومت کی تھی، آپ میرے ساتھ تھے اور انشاء اللہ اس ایوان کو ہم نے عزت دی ہے، ابھی بھی میں یقین جانیئے جو بات کرتا ہوں، پی ٹی آئی کے ممبران اسمبلی وہ بھی اپنے گھروں میں نہیں جا سکتے، وزراء بھی نہیں جا سکتے، تو پلیز یہ آپ کمیشن ذرا بنادیں اور اس کمیشن میں کسی کے پاس کچھ ہے وہ سارا لے آئیں، وہ میرے خلاف ہو، کسی دوسرے کے خلاف ہو، جو بھی غیر قانونی کام ہو، لیکن میں آپ سے دوبارہ یہی التجاء کروں گا کہ خدارا آپ اس اسمبلی کے وقار میں اضافہ کریں، آپ اس اسمبلی کو اختیار دے دیں اور وہ کہہ رہا ہے کہ اس رپورٹ کا کیا بنے گا؟ آپ جب رپورٹ تیار کرتے ہیں اور صوبائی اسمبلی اس کو پاس کرتی ہے تو وہ حکومت پہ Binding ہے، میں تو آج بھی، میں نے آپ سے کہا کہ جن سرکاری افسران کے خلاف استحقاق آیا ہے، اس کو اسمبلی سے پاس کروائیں اور جب اسمبلی سے پاس ہو گا تو میرے خیال میں یہ اسمبلی قوانین بھی بناتی ہے، یہ اسمبلی جو ہے، یہ قانون جو وہاں پر رولز ریگولیشنز بھی یہ اسمبلی بناتی ہے، تو خدارا سپیکر صاحب، ابھی ہم کو اس اسمبلی میں آنے دیں، میں نے ادھر بھی آپ کو کہا کہ ایک دو Lexotanil کی گولیاں کھاتے ہیں، آپ بھی روتے ہیں، وزراء بھی روتے ہیں اور میرا دور بھی آپ کو معلوم ہے کہ یہاں پر چیف سیکرٹری بھی بیٹھا ہوتا تھا اور آئی جی بھی، آپ گواہ ہیں، کسی دوسرے کو میں گواہ اس کا نہیں بناتا ہوں لیکن یہاں پر اب توبے توقیری ہے، کوئی یہاں پر ابھی بات سننے کے لئے تیار نہیں، تو پلیز میری آخری بات ہے کہ اسمبلی کا اجلاس بھی کوئی نہ ضرورت ہے، صرف باتوں کی حد تک، تو آپ اکبر ایوب صاحب یہ Agree کریں کہ اس کو ہم، آپ اس میں ہیں، آپ جس کو اس میں شامل کرتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Last words اکبر ایوب صاحب۔

قائد حزب اختلاف: اس کو بھی شامل کریں، میں بھی تین نام اپوزیشن کی طرف سے دے دوں گا، میں بھی اس میں ہو جاؤں گا۔

جناب اکبر ایوب خان(وزیر بلدیات و دیہی ترقی): جی جی، درانی صاحب، آپ جواب دے دیں، آپ جواب دے دیجئے گا، سر، میں یہاں فائنل۔۔۔۔

جناب پختون یار خان: جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: Last word، منسٹر، یار۔ یہ بہت لمبی ڈیبیٹ ہو گئی، یا تو میں اس کو ایڈ جرنمنٹ موشن کو پھر اس کے لئے Put کرتا ہوں کہ ہم اس پہ ڈیٹیل بحث کریں، ڈیٹیل بحث کے لئے اس کو کر لیں؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: جناب سپیکر، جناب سپیکر، میں، جناب سپیکر، میں گورنمنٹ کی طرف سے میں، سر۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا اکبر ایوب صاحب کو سن لیں۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: سر، میں گورنمنٹ کی طرف سے چاہوں گا کہ آپ رولنگ دیں، جو ہم وزیر اعلیٰ صاحب کو ایک ہائی لیول انکوائری بھیجتے ہیں، کوئی سرکاری ملازم نہ ہو اس میں، ریٹائرڈ جج رکھیں، ریٹائرڈ پولیس والے رکھیں، ریٹائرڈ بیوروکریٹس رکھیں، اس کمیشن کے Thorough انکوائری کروالیں وزیر اعلیٰ صاحب، ہم اس چیز کے لئے تیار ہیں، یہ نہیں جناب سپیکر، کہ پانچ ممبر ادھر بیٹھ کر اور پانچ ممبر ادھر بیٹھ کر اور گول مول انکوائری کر کے اور اس کو برابر کر کے بھیج دیا، یہ نہیں ہو گا جناب سپیکر، جناب سپیکر، اگر وہ چاہتے ہیں Independent تو درانی صاحب ریٹائرڈ لوگوں کے اوپر بنا دیں نا، کوئی وزیر اعلیٰ کے اوپر جس کا انحصار ہے نہ کسی وزیر پہ ہے، نا جس کی کوئی لالچ ہے۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، ایک وزیر صاحب لے لیں اور ایک میرے خیال میں خوشدل خان صاحب ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: درانی صاحب، مسئلہ یہ ہے کہ یہ کمیشن بنانا، کمیٹی میرا اختیار نہیں ہے جب تک منسٹر Agree نہیں کرے گا، اچھا پھر وہی اسپیشل کمیٹی بھی تو ان کے کہنے پہ بنے گی ناں، جب منسٹر Agree کرے گا Concerned تو سپیشل کمیٹی بنے گی، میں تو کسی کو رولنگ کے لئے کہہ سکتا ہوں، اس کے لئے کہہ سکتا ہوں، کسی ادارے کو For inquiry میرے خیال میں آج ہم اس کو Admit کرتے ہیں For detailed discussion جو اس کا طریقہ کار ہے، پھر جب ایجنڈے پہ آئے گی ایک دو دن بعد For detail discussion تو اس میں پھر کھل کر بات کر لیں گے، ٹھیک ہے؟

قائد حزب اختلاف: ٹھیک ہے جی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the house.

جناب پختون یار خان: جناب سپیکر، میری گزارش ہے سر۔
جناب سپیکر: ہو گئی ناں آپ کی بات، اب جب اس کے اوپر ڈسکشن آئے گی ناں، آج بھی بہت ڈسکشن ہو گئی ہے، اس کو میں پھر Admit کرتا ہوں For detailed discussion.
جناب پختون یار خان: جناب سپیکر صاحب، اپوزیشن لیڈر صاحب نے ایک بات کی، دیکھیں سر، یہ آئے تھے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی ان کا مائیک کھولیں آپ، انہوں نے پیار میں آپ سے بات کی ہے۔
جناب پختون یار خان: جناب سپیکر صاحب، پشتو کی روایت ہے، سر، پیار میں ہم بھی بات کرینگے سر، کوئی چھری یا کانٹا وغیرہ اس کے پیچھے نہیں لے کر جانا ہے، سر، کوئی چھڑی وغیرہ، سر، پیار محبت سے بات کرینگے، ہمارے بڑے ہیں سر، خود ہی اس نے تسلیم کیا، مجھے برخوردار بلایا، اس نے کہا سر۔
جناب سپیکر: بس اس بات کو بس ختم کریں۔
جناب پختون یار خان: سر، بات یہ ہے، بحثیت وزیر اعلیٰ سر، میرے گھر آئے، سر، ہم نے اس کو خوب اچھے طریقے سے ویلکم بھی کیا سر، لیکن جو اس کا خواب تھا، وہ آج بھی اس کا خواب رہے گا کہ پارٹی میں میرے ساتھ شمولیت اختیار کر لیں، سر، یہ بات ہے بحثیت وزیر اعلیٰ صاحب۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: بس میرا خیال ہے۔۔۔۔۔
جناب پختون یار خان: سر، ایک سیکنڈ سر، بحثیت وزیر اعلیٰ سر۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: ان باتوں کو بس چھوڑیں، اس کو، اس بات کو چھوڑیں۔

Is it the desire of the House that the adjournment motion, moved by the honourable Member, may be admitted for detailed discussion? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'. (The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it, the adjournment motion No. 292 is admitted for the detailed discussion.

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

جناب سپیکر: دیکھیں ہم اصل سے اور طرف نکل جاتے ہیں۔ اچھا،
'Call Attention Notice': Ms. Baseerat Khan, MPA Sahiba, not here, yes.

محترمہ بصیرت خان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔

محترم جناب سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے اس پہ بات کرنے کا موقع دیا۔ میں وزیر برائے محکمہ زکواۃ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ ضلع خیبر میں ضلعی زکواۃ آفیسر تبدیل ہو چکا ہے جبکہ نئے ضلعی زکواۃ آفیسر نے ابھی تک دفتر کا رخ بھی نہیں کیا جس کی وجہ سے غریب لاچار اور بیمار لوگوں کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے جبکہ زکواۃ کے پیسے پچھلے تقریباً دو مہینوں سے بینک میں پڑے ہوئے ہیں، چیئرمین نے پچھلی دفعہ بھی غیر مستحق لوگوں میں زکواۃ تقسیم کی تھی اور اب بھی مکمل کمر بستہ ہے اور زکواۃ کے نام پر سیاست کر رہا ہے جو فائدہ کے بجائے نقصان میں ہے اور غیر مستحق لوگوں میں تقسیم کے شواہد بھی موجود ہیں، ضلع خیبر کے ممبران اسمبلی کو ان سیاسی اختلافات پر چیئرمین نے مکمل نظر انداز کیا، لہذا حکومت اس کی مکمل، صاف اور شفاف انکوائری کرائے۔ جناب سپیکر صاحب، اگر اس گورنمنٹ کی جو Priority basis پہ اگر دیکھا جائے، پی ٹی آئی کی اس کو میں سراہتی ہوں، اگر آپ دیکھیں صحت انصاف کارڈ یا احساس پروگرام، یہ ایسے پروگرام ہیں جو غریب طبقے کو ایک Priority basis پہ آگے لے کر آنا چاہیئے، سپیکر صاحب، آپ کی توجہ چاہیئے ہو گی، جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں آپ ہی کے لئے کام کر رہا ہوں کہ میں اپنے منسٹر کو ڈھونڈ رہا ہوں، انور زیب صاحب۔

محترمہ بصیرت خان: اچھا سر، اگر دیکھا جائے، پی ٹی آئی کی گورنمنٹ غریب طبقے کو آگے لے کر آنا چاہتی ہے، احساس پروگرام ہے، یا صحت انصاف کارڈ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا دیکھیں جی، انور زیب صاحب کی Application ہے۔

محترمہ بصیرت خان: اگر اس قسم کی Activities ہو رہی ہیں لیکن اس کے برعکس اگر دیکھا جائے ہمارے جو زکواۃ کمیٹی کے چیئرمین ہیں، ہمیں چاہیئے کہ زکواۃ ایک ایسا محکمہ ہے جسے سیاست سے بالاتر ہو کر کام کرنا چاہیئے، اس میں غریبوں اور مستحق لوگوں کو، اس میں جو مستحق لوگ ہیں، ان کو زکواۃ دینی چاہیئے ہیں جبکہ ڈسٹرکٹ خیبر میں سیاست کے نام پہ بہت بڑے طبقے کو Neglect کیا گیا ہے، اس کو زکوۃ میں شامل ہی نہیں کیا گیا۔ جناب سپیکر صاحب، میری آپ سے درخواست ہو گی کہ جو زکواۃ کمیٹی کے DZO (District Zakat Officer) ہیں، جو وہاں کے آفیسر ہیں، تقریباً چار مہینے سے وہ اپنے

آفس نہیں آرہے ہیں، جو وہاں کے مریض ہیں اور غریب لوگ ہیں، وہ اس کے دفتر کے چکر لگا رہے ہیں لیکن وہ دفتر میں موجود نہیں ہوتا، میری آپ سے ریکویسٹ ہوگی کہ آپ اس کو کمیٹی میں ریفر کر دیں۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت)</u>: جناب سپیکر، یہ تقریباً کوئی دسمبر میں شاہ حسین کا تبادلہ ہوا ہے، دسمبر کے اندر، یہ جو انہوں نے کہا ہے کہ مستحقین میں زکواۃ کی تقسیم صحیح نہیں ہو رہی اس کی وجہ سے، ایسا نہیں ہے، آپ کو پتہ ہے کہ جو لوکل کمیٹیاں ہوتی ہیں زکواۃ کی، مقامی تنظیمیں، وہ موجود ہیں اور اس کا جو تعین ہوتا ہے کہ کون مستحق ہے تو وہ لوکل کمیٹیاں کرتی ہیں، تو اس لئے میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر، کہ جو میرے پاس جو ان کی رپورٹس آئی ہیں، جنوری، فروری، اس کی مکمل Details ہیں کہ کس کس کو زکواۃ تقسیم ہوئی ہے۔ اسی طرح جو فروری اور مارچ کی ہیں، وہ ابھی تک ان کا جو خیبر کا ضلعی آفس ہے وہاں سے صوبائی ہیڈکوارٹر کو ابھی تک کوئی لسٹ نہیں پہنچی ہے اور یہ انہوں نے کہا ہے کہ چونکہ اس کی جو تقرری ہے، وہ زکواۃ وعشر کونسل ہے صوبے کی، یہ اس کے پاس اختیار ہے، تو آئندہ جو اجلاس ہونے والا ہے، اس میں ان کی تقرری اور یہ چیزیں، ساری چیزیں وہ عمل میں لائی جائیگی، تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ ایشو ان کا حل ہو جائے گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی صاحب، جو یہ کہہ رہی ہیں کہ آفیسر نیا جو لگا ہے، وہ آفس گیا ہی نہیں ہے، آفس نہیں جارہا، یعنی پہلا آفیسر تبدیل ہو گیا، دوسرا جو آفیسر لگایا گیا ہے، وہ جا ہی نہیں رہا، جس سے یہ کہتی ہیں کہ پچھلے دو مہینوں سے وہ پیسے بینک میں پڑے ہیں اور وہ لوگوں کو نہیں مل رہے ہیں۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: بالکل سر، اس کا میں بھی جو یہاں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اس کو آپ چیک کریں کہ۔۔۔۔۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: یہ Clear بھی ہو جائے گا اور اگر یہ نہیں جارہا، ان کی بات درست ثابت ہوئی تو ان کے خلاف ایکشن بھی ہوگا۔

<u>Mr. Speaker</u>: Exactly.

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: کیونکہ یہ اس وقت، چونکہ اس وقت زکواۃ تقسیم ہو رہی ہے، چیکس تیار ہیں بہت ساری جگہوں پہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: آپ چیک کریں کہ یہ کونسا آفیسر ہے اور اس کے خلاف بنائیں، کیس Initiate کریں اور نیابندہ فوراً بھیجوائیں وہاں پہ۔

وزیر محنت وثقافت: باقاعدہ ایکشن ہوگا، اس کے خلاف ایکشن ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ، میں یقین دلاتا ہوں۔

جناب سپیکر: اور فوراً اُس کے ہاں بندہ بھیجوائیں، ٹھیک ہے جی۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر صاحب، میری ایک بات، .Point of Order, Sir

جناب سپیکر: بس یہ بات ختم ہو گئی ناں، کال اٹینشن ان کا ہے، اس پہ ایک ہی، ابھی Point of Order کا ٹائم نہیں ہے۔

محترمہ بصیرت خان: لوکل، سر، ایک بات ہے، Local committees جو ہیں ان میں بھی، Local committees میں بھی چیئرمین صاحب نے اپنے ہی لوگوں کو لیا ہے، سر، میں یہاں پہ سیاست نہیں کر رہی ہوں، یہاں پہ اپنے غریب لوگوں کی بات کر رہی ہوں۔

جناب سپیکر: آپ چیئرمین ڈسٹرکٹ زکواۃ کی بات کر رہی ہیں، چیئرمین ڈسٹرکٹ زکواۃ کی بات کر رہی ہیں؟

محترمہ بصیرت خان: سر، ان کی بھی بات کر رہی ہوں اور جو ڈسٹرکٹ زکواۃ آفیسر ہے ان کی بھی بات کر رہی ہوں، سر نے جس طرح کہا ہے کہ Local committees (مداخلت) سر، Local committees میں بھی آپ چیک کر لیں جو ان کے اپنے لوگ ہیں۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: چلیں، یہ اب نیا آفیسر تو آنے دیں ناں، نیا آفیسر آ جائیں ناں، نیا آفیسر آنے دیں۔ Ms. Samar Haroon Bilour Sahiba, you please, call attention No. 1805.

Ms. Samar Haroon Bilour: I would like to draw the attention of the Minister for Elementary and Secondary Education, that in Shahbuddin High School, there is no maths teacher for grade nine and ten, who are facing their board exams, with the DMC Arts teacher is teaching the girls. This is creating a lot of tension in the parents and needs to be urgently resolved. This is a school in walled city with one thousand plus strength of students and it is a very shocking thing that it is being treated like this.

سپیکر صاحب، Thank you so much کہ آپ میرے حلقے کا یہ ایشو اپنے ایجنڈے پہ لے کر آئے ہیں، I think اگر شوکت صاحب یہ Issue answer کر رہے ہیں تو یہ اچھی بات ہو گی کیونکہ یہ

سکول Previously جس حلقے میں تھا، یہ اس کے ایم پی اے تھے اور افسوس کی بات ہے کہ پشاور جو Provincial metropolis ہے، وہاں پہ ہمیں ایک ایک ٹیچر کے لئے، ایک ایک پوسٹنگ کے لئے Pillar to post سے بھاگنا پڑتا ہے۔ میں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری میں کچھ سات آٹھ دفعہ اس ایشو پہ خط کر چکی ہوں، پرنسپل الگ سے وہاں پہ Paper work انہوں نے بھیجا ہوا ہے لیکن E&SE department is like the great Bermuda triangle ہم خط بھیجتے ہیں، فائلیں بھیجتے ہیں، وہ وہاں پہ غائب ہو جاتی ہیں، مجبوری کے تحت کیونکہ اب بچوں کے Exams آرہے ہیں، بچوں نے سارا سال پڑھائی ٹھیک سے نہیں کی تو یہ بچوں کے Future کا معاملہ ہے کہ وہاں پہ Urgently، Not just اس سبجیکٹ کے لئے لیکن جو بھی سبجیکٹس ہیں جن میں Board exams ہونے والے ہیں، منسٹر صاحب آج خود نہیں آئے ہیں، I do not know سیکرٹری صاحب آئے ہیں کہ نہیں، لیکن گورنمنٹ ذرا انٹرسٹ لے اور ہمارے بچے جن امتحانوں میں بیٹھ رہے ہیں، کم از کم ان کی تیاری تو ٹھیک طریقے سے ہونی چاہیئے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت)</u>: جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ منسٹر صاحبان سارے میٹنگ میں ہیں۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: سر، جو انہوں نے بات کی بیگم شہاب الدین سکول کی، ہمارے خیال سے تقریباً کوئی Sixty کمروں کا، Sixty / sixty five کمروں کا یہ سکول ہے اور جناب سپیکر، یہ میں نے بنایا تھا، یہ چونکہ پرانی بلڈنگ تھی، پچھلا جب میرا Tenure تھا تو کافی شکایت آرہی تھی، کہیں حادثہ نہ ہو جائے، تو ہم نے اس کو مکمل Demolish کر کے نیا بنا کر دیا اور اس میں ابھی جو ڈیپارٹمنٹ نے ہمیں بتایا کہ ٹیچرز Hire ہو چکے ہیں، ان کی صرف Screaming ہو رہی ہے، اس پہ دس سے پندرہ دن لگیں گے، دس سے پندرہ دن کے اندر اندر انشاء اللہ تعالیٰ ان کا یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ بڑا Important issue ہے کہ ٹیچرز نہیں ہیں Ninth / tenth کے، آگے Board exams ہیں تو As early as possible یہ ہونا چاہیئے۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: میں دوبارہ ان سے وہ کرونگا، لیکن انہوں نے کہا ہے کہ Within fifteen days انشاء اللہ تعالیٰ یہ ہو جائے گا اور میں ثمر بلور صاحبہ کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں، چونکہ وہ

سکول تاریخی سکول تھا، وہ دونوں آپ کے حلقے میں اس وقت آرہے ہیں، ایک منڈابیری سکول تھا، ستائیس کمروں کا، گرلز کا، ایک یہ تقریباً Sixty / sixty five rooms کا تھا، تو ان دونوں سے میرے بورڈز ہٹا دیئے گئے ہیں، تو میرے خیال سے آپ کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ کم از کم بورڈز نہ ہٹائیں جائیں، اگر کسی اور نے ہٹائے ہیں تو ہماری حکومت ہے، میں خود کر سکتا ہوں لیکن میں اس طرح نہیں کرونگا، جہاں آپ کا حلقہ ہے میں اس میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا ہوں لیکن یہ ایک کل آپ کوئی کام کرینگے، کوئی اور آئے گا، تو یہ اچھی بات نہیں ہے کہ وہاں سے بورڈ ہٹا دیا جائے، جس نے بھی کیا ہے، میرے خیال سے کوئی اچھی بات نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی ثمر بلور صاحبہ۔

محترمہ ثمر ہارون بلور: تھینک یو۔ دیکھیں First of all ان کا میں Answer دے دوں، آپ کے بورڈز میں نے نہیں ہٹائے، آپ کی اپنی پارٹی کے لوگوں نے ہٹائے ہیں، میرا یہ کام نہیں ہے، تو آپ اس بات پر ذرا چیک کر سکتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ شوکت صاحب Ten / fifteen days کے دنوں میں بہت زیادہ ہیں، جب ٹیچرز بیٹھی ہوئی ہیں، Suppose hire examinations ہو گئی ہیں، آپ کم از کم چونکہ اس علاقے کے لوگوں سے واقف ہیں، آپ کا ان کے ساتھ ایک تعلق ہو گا، آپ کم از کم ہمیں یہ Assure کرائیں کہ Urgent basis پہ آپ ٹیچرز وہاں پہ بھجوائیں گے And rest assured کہ آپ کے بورڈز کو میں ہاتھ نہیں لگاؤنگی، یہ آپ کی اپنی ہی پارٹی کے لوگوں کا کام ہے۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، یہ میرے پاس لسٹ ہے جو Teachers hire ہو چکی ہیں، صرف ان کی جو۔۔۔۔

جناب سپیکر: اصل میں میڈم، بات یہ ہے کہ جو ان کے پاس Shortage تھی ٹیچرز کی، وہ Recruitment اب Final stage میں چلی گئی ہے، اب اس سٹیج پہ وہ کہیں سے ٹرانسفر ہی کر سکتے ہیں، اب جہاں سے ٹرانسفر کرینگے، ان بچوں کا نقصان ہو گا So, we will have to wait جب اس کو Expedite کروادیں۔

وزیر محنت وثقافت: جو، جو فائنل ہو چکی ہیں سر، ان کی جو ڈگریاں وغیرہ ہیں، ان کی Screaming ہو رہی ہے اور میں ان سے کہونگا کہ اس کا پراسیس جلدی کریں۔

جناب سپیکر: اس کو جلدی کریں۔

وزیر محنت وثقافت: آپ کو جلدی بھجوائیں گے، شکریہ۔

جناب سپیکر: Nine / ten کا ہے۔جناب کامران بنگش صاحب اپنی،

Move your resolution. Kamran Bangash Sahib.

جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی اعلیٰ تعلیم): شکریہ، مسٹر سپیکر۔

Mr. Speaker: First relax rule.

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

معاون خصوصی اعلیٰ تعلیم: جی، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ قاعدہ 240 کے تحت قاعدہ 126 کو معطل کیا جائے اور مجھے قرارداد پیش کرنے اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the rule 124 may be suspended, under rule 240, and allow the honourable Member, to move the resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'

(The motion was carried)

Mr. Speaker: 'Ayes' have it. Yes ji, Kamran Sahib.

## قراردادیں
## (فلسطین میں اسرائیلی بربریت)

Mr. Kamran Khan Bangash (Special Assistant for Higher Education): Thank you, Mr. Speaker. I would like to present the resolution against the Israeli atrocities. This Khyber Pakhtunkhwa Assembly and I, on behalf of Khyber Pakhtunkhwa government, strongly condemn the bombing and killing of innocent Palestinians by the Israeli military in the city of Gaza. The recent reports show that two hundred & forty Palestinians, over sixty five children were killed and more than thirteen hundred Palestinians were also wounded in the recent barbarian Israeli air raid. This is clear act of terrorism and extreme barbarism by the Israelis while violating human rights and most importantly violating the UN Security Council resolution.

In the recent attacks, which started eleven days ago, during the holy month of Ramadan, the refugees camp is bombarded by the Israeli forces, innocent Palestinian children killed in the

airstrikes, buildings targeted and destroyed, people watching helplessly as bodies of the family members were pulled out of the rubble and thousands left homeless and traumatized. The humanitarian crisis, unleashed by the Israeli aggression, affected every Palestinian and in fact every Muslim and at the same time it hurts the feelings of millions of Muslim Emma across the world.

The government of the Khyber Pakhtunkhwa and this Assembly strongly condemn the barbarian act of the Israel and demand the world leaders to come close together for stopping the barbarian act of the Israel and stand for the free state of Palestine.

Mr. Speaker: Yes, Inayat Khan,.Inayat Khan Sahib.

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، میں یہی بات کرتا ہوں، سر، ایک ایشو ہے، ایسا ایشو ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایسا کریں کہ اس پہ آپ پہلے بات کر لیں۔

جناب عنایت اللہ: نہیں، اس کو Controversial نہیں بناتے ہیں۔

جناب سپیکر: ذرا مجھے سنیں۔

جناب عنایت اللہ: نہیں اس کو Controversial نہیں بناتے ہیں۔

جناب سپیکر: مجھے سن لیں، میں یہ کہتا ہوں کہ اس پہ آپ سارے لوگ پہلے بات کریں، ایک منٹ سن تو لیں آپ بات، آپ بات سن لیں میری، جو میں کہہ رہا ہوں، میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ لوگ سارے اس کے اوپر پہلے کریں بات، ساتھ ہی بیٹھ کر جوائنٹ ریزولیوشن بنائیں اور وہ Put کر لیں گے، تو یہی بات میں کر رہا ہوں، آپ اس کے اوپر بات کریں، اس کی مذمت کریں، ان اسرائیل کی اور جوائنٹ ریزولیوشن لیکر آئیں۔

جناب عنایت اللہ: نہیں جی، جی مجھے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ جوائنٹ ہی ہو گی۔

جناب عنایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ابھی ان کو دے دیا ہے، عنایت صاحب کو، کریں نا، آپ بات کریں نا۔

جناب عنایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میرا ابھی یہی خیال تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس میں ایک چیز کی میں کمی دیکھ رہا ہوں کہ امن فورسز کی تعیناتی بھی اس میں Include کرنی چاہیئے۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، یہ چونکہ ایک Collective issue ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Exactly۔

جناب عنایت اللہ: اور ہمارے دلوں کے قریب ہے، اس پہ پاکستان، پورے پاکستان نے ایکUnanimity show کی ہےاور ترکی اور پاکستان نے مل کر، ان کے عوام نے بھی اپنے حکمرانوں کو Push کیاہےاور حکومتوں نے بھی ایکRoleادا کیاہے۔اس پہ Already اپوزیشن کے ممبران کی طرف سے اپنی ریزولیوشنز بھی اسمبلی میں جمع ہوئی تھیں، ایجنڈے پہ نہیں آ سکیں۔ کامران خان نے ریزولیوشن ڈرافٹ کر کے اسمبلی کے اندر پیش کر دی ہے۔ ایک تو ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور ہمارے دل فلسطینوں کے لئے دھڑکتے ہیں، قبلہ اول ہمارے ایمان اور ہمارے عقیدے کا حصہ ہے، فلسطین ہمارے لئے سیاسی ایشو نہیں ہے، یہ ایک مذہبی، دینی اور عقیدے کا ایشو ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے پاکستان کے حوالے سے فلسطینوں کے دل کے اندر ایک خصوصی محبت ہے، تب بھی جب ان کےFormer Prime Minister نے پاکستان کے حوالے سے کوئی میسج بھیجا ہے، حماس کے چیف نے پاکستانی عوام کو مخاطب کر کے میسج بھیجا ہے اور جس طرح ہمارے دل ان کے ساتھ دھڑکتے ہیں، اس طرح ان کی امیدیں ہیں ہم سے، اس لئے پاکستان اس وقت پوری دنیا کے اندر پاکستان کے عوام، پاکستان کی حکومت، چاہے جو بھی حکومت ہو، وہ فلسطینی Cause کے ساتھ غداری نہیں کر سکتی ہے۔ دیکھیں ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کی طرف سے جو Steps ہوں، پاکستان مسلم امہ کو Lead کرے اور پاکستان ایسی Concrete proposal پیش کرے جس کے نتیجے میں فلسطینی اپنی منزل کو پہنچ سکیں اور اس میں میں Recommend کرنا چاہونگا اس قرارداد کے اندر کہ پاکستان مطالبہ کرے کہ وہاں مسجد اقصیٰ کی حفاظت کے لئے مسلم امہ کیOIC کی جو افواج ہیں، اس کی ایک امن فورس تشکیل دیں اور وہ اقوام متحدہ کی چھتری تلے وہ وہاں تعینات کریں کیونکہ آئے روز مسجد کے اندر، رمضان کے اندر، جمعے کے روز، عیدین کے اندر وہاں جاکر نمازیوں کے اوپر شیلنگ کی جاتی ہے، ان کو زدو کوب کیا جاتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ پاکستان جوInternational Human Rights Organizations ہیں، ان کے ساتھ جو یہ Violations ہوئی ہیں، ان کو Take up کرے۔ تیسری بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب، ہمیں اس

قرار داد کے اندر یہ الفاظ شامل کرنے چاہئیں کہ، کامران خان بنگش! آپ متوجہ ہوں، کہ جو فلسطین کے اندر اسرائیل کی بمباری اور مسلسل Blockage کی وجہ سے Humanitarian crisis ہے، وہاں دوائیوں کا مسئلہ ہے، وہاں لوگوں کے گھر مسمار ہو گئے ہیں، وہاں پلازے لوگوں کے گر گئے ہیں، وہاں لوگوں کے روزگار اور کاروبار ختم ہو گئے، ایک Humanitarian corridor تشکیل دیا جائے اور اس کی Recommendation ہو کہ جس میں ان کو مسلم ممالک اور UN Humanitarian assistance پہنچا سکیں۔ یہ ایک بہت Crisis ہے اور جو Ceasefire کی بات کی Situation ہے، اس میں یہ بڑا Important ہے کہ انکے گھروں کو باون ہزار سے لے کے ساٹھ ہزار، ستر ہزار تک لوگ جو ہیں وہ اپنے گھروں سے Displaced ہو گئے ہیں۔ پانچویں چیز جو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس قرارداد کے اندر شامل کرنی چاہیئے، وہ جو ان کے یہودیوں کی آبادکاری کا سلسلہ ہے جس میں فلسطینیوں کو اپنے پرانے گھروں سے بے دخل کیا جاتا ہے اور یہودیوں کا Claim ہے کہ یہ گھر ہم نے انیس سو میں، یہ زمینیں خریدی ہیں یعنی کوئی ایک سو بیس سال پرانا Claim جو ہے، اس کی بنیاد پہ فلسطینوں کو گھروں سے بے دخل کیا جاتا ہے، اس لئے جناب سپیکر صاحب، ان چار نکات کو دوبارہ Repeat کرتا ہوں کہ کامران خان اپنی ریزولیوشن کے اندر یہ باتیں شامل کریں اور چونکہ میری ریزولیوشن اور ہمارے باقی ایم پی ایز کی ریزولیوشنز اسمبلی کے اندر Submit ہوئی ہیں، اس لئے ہمارے دستخط بھی اس کے اندر شامل کریں، ایک یہ کہ وہاں امن فورس مسلم ممالک کی، UN کی چھتری تلے تعینات کی جائے، ایک Humanitarian assistance corridor جو ہے وہ Establish کیا جائے جس میں ان کے گھروں کو Reconstruct اور Rebuild کیا جائے، ان کے روزگاروں کو دوبارہ بحال کیا جائے۔ تیسری جو چیز ہے، وہ یہ ہے جو Settlement وہاں ہو رہی ہے، مسلمانوں کو Displace کرکے یہودیوں کا آباد کیا جارہا ہے، اس کو فوراً Stop کیا جائے اور آخر میں یہ ہے کہ جو بیت المقدس کا جو Status ہے، وہ مسلمانوں کا قبلہ اول ہے اور جب حضرت عمرؓ نے بیت المقدس کو فتح کیا تھا تو اس وقت اس نے عیسائیوں کو بھی عبادت کی اجازت دی تھی، یہودیوں کو بھی اجازت دی تھی اور اٹھارہ سو میں یہ خود مانتے ہیں کہ جب مسلمانوں کی حکومت تھی تو وہاں اسی فیصد مسلمان تھے، پندرہ فیصد کرسچن تھے اور پانچ فیصد Jews تھے اور سب کو مسلمانوں نے عبادت کی اجازت دی تھی، اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ جو Religious اور مذہبی آزادی جس طرح مسلمان حکمرانوں نے دی تھی، اس طرح ہمیں

قرارداد کے اندر Include کرنا چاہیئے کہ ہم کسی مذہب کے مراسم پہ پابندی نہیں لگانا چاہتے ہیں لیکن یہ ہمارا حق بنتا ہے کہ بین الاقوامی قوانین کے تحت۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: کامران بنگش صاحب، یہ ریزولیوشن آپ اور عنایت خان مل کر اس کو Redraft کر لیں تاکہ جو پوائنٹس اور بھی آرہے ہیں کہ Comprehensive resolution بنے اور وہ جوائنٹ ہو جائے۔

<u>جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی اعلیٰ تعلیم)</u>: مسٹر سپیکر، بالکل آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں، عنایت اللہ صاحب نے بھی اور نگہت بی بی نے ٹھیک کہا ہے، یہ نہ صرف اس پورے خیبر پختونخوا کی اسمبلی کی اور خیبر پختونخوا کے عوام کی آواز ہے بلکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اربوں مسلمانوں کی یہ آواز ہے، تو ہم متفق ہیں اس بات پہ، اس بات پہ متحد ہیں، ہم انشاء اللہ ایک اکٹھی ایک قرارداد پیش کر لیں گے اور انشاء اللہ آپ کے سامنے رکھ لیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جب تک یہ لوگ بات کر رہے ہیں، آپ اس وقت تک قرارداد تیار کریں، یہ ایک کاپی دے دیں ان کو۔ جی نگہت اورکزئی صاحبہ، چلیں اس کے بعد آپ بات کر لیں جی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، فلسطین جو ہے، مجھے اس بات پہ دکھ ہوا کہ جب فلسطینی قوم نے پاکستان کی افواج پاکستان کو پکارا اور پاکستان کے لوگوں کو پکارا کہ یہاں پہ آکر ہماری مدد کریں جناب سپیکر صاحب، فلسطین جو ہمارا قبلہ اول ہے، میں شارٹ بات کرونگی کیونکہ تفصیلی بات عنایت صاحب کر چکے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ان تمام چیزوں کو میں سیکنڈ کرتے ہوئے یہ ضرور کہونگی کہ اگر خانہ کعبہ جو ہمارے لئے سب سے بڑی ایک عبادت گاہ ہے اور ہمارے لئے ایک ایسی جگہ ہے کہ ہم اس کے بارے میں کوئی ایسی بات نہیں کر سکتے کیونکہ ہم مسلمان ہیں اور ہم اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں، اس طرح جناب سپیکر صاحب، یہ ہمارا قبلہ اول ہے، اس لئے کہ یہ ہمارا قبلہ اول جب اگر ہے اور سب مسلمان اس کو مانتے ہیں تو جناب سپیکر صاحب، جب خانہ کعبہ کی حفاظت کے لئے اور سعودیوں کی حفاظت کے لئے جب ہم اپنی فوج کو بھجوا سکتے ہیں تو جناب سپیکر صاحب، ہم قبلہ اول کے لئے ایسی فورس کیوں نہیں بنا سکتے، ہم وہاں پہ اپنی فوجوں کو کیوں نہیں بھجوا سکتے کہ جو وہاں پہ لڑائی نہ کریں لیکن ہمارے قبلہ اول کی حفاظت کرے؟ ہمیں تمام مذاہب کا خیال ہے کیونکہ ہم مسلمان ہر ایک کو، یہ ہمارے مذہب میں ہے کہ ہر بندہ اپنے مذہب کے طور پہ، جو بھی اس کا مذہب ہے، اس میں وہ

اپنی عبادت کر سکتا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، وہاں پہ دوائیوں کی کمی ہے، وہاں پہ پینے کے پانی کی کمی ہے، جناب سپیکر صاحب، زیادہ تر بچے اور خواتین وہاں پر شہید ہو رہی ہیں، جناب سپیکر صاحب، وہاں پہ جس قسم کی وہ بمباری کر رہے ہیں، جس قسم کے وہ میزائل پھینک رہے ہیں اور جس قسم کی وہ خونریزی کر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب، اس پہ میں سمجھتی ہوں کہ پاکستان کے تمام لوگ، چاہے کوئی بھی گورنمنٹ ہو، میں سیاست کو ایک طرف رکھ کر، گورنمنٹ جو کر رہی ہے تو ہم اس کو سپورٹ کرتے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ گورنمنٹ کو اب یہ چاہیئے کہ وہ ببانگ دہل جس طریقے سے انہوں نے اسرائیل کو تنبیہ بھی کی ہے، تو میرا خیال ہے کہ اسرائیل جو دہشت گرد ملک ہے، جس نے کہ پورے فلسطین میں دہشت گردی پھیلائی ہوئی ہے، اس دہشتگرد کو جناب عالی، میں سمجھتی ہوں کہ عالمی سطح پہ ہم نے اس کو ایک دہشتگرد ملک Declare کرنا ہے اور ہماری آواز ہر اس جگہ پہ پہنچنی چاہیئے اور ہم نے فلسطین کے Cause کو ہم لوگوں نے اس کو اجاگر کرنا ہے۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب نصیر اللہ خان</u>: جناب، مجھے بھی موقع دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: اس کے بعد آپ کر لیں، خوشدل خان صاحب کے بعد، میرے پاس چٹیں پڑی ہیں بہت ساری۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، آپ کا بہت شکریہ۔ ابھی جو دو قرار دادیں کامران بنگش صاحب اور ہمارے ساتھیوں نے پیش کیں، جوائنٹ، ہم ان کو سپورٹ کرتے ہیں اور یہ واقعی ہی جو فلسطین میں ابھی چند دن پہلے اسرائیل نے جو بربریت، جو قتل وغارت کی گئی، جس میں بچوں سمیت خواتین کو شہید کیا گیا، ہم اس کو Condemn کرتے ہیں لیکن سپیکر صاحب، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تاریخ گواہ ہے کہ Golda Meir 1968 سے لے کر 1974 تک اسرائیل کی وزیر اعظم رہی ہے، وہ اپنی کتاب میں لکھ رہی ہے کہ جب ہم نے مسجد اقصیٰ کے صحن کو نذر آتش کر دیا تو مجھے دو رات نیند نہیں آ رہی تھی اور میں یہ سوچ رہی تھی کہ اب مسلمان، اسلامی فوج، مسلم امہ کی فوج اسرائیل میں داخل ہو گی لیکن جب تین دن گزر گئے تو مجھے یقین آ گیا کہ مسلمان کا ضمیر سویا ہوا ہے، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ صرف قرار دادوں سے آزادی نہیں ملتی ہے، یہ ایک رسمی کارروائی ہوتی ہے، یہ تو OIC نے بھی پاس کی ہے، قومی اسمبلی میں بھی پاس ہو چکی ہے، یہ ہم نے بھی پاس کر لی ہے اور پاس کر رہے ہیں

ستاون(57) سے زیادہ اسلامی ممالک ہیں، ستاون سے زیادہ، دو ارب سے زیادہ مسلم آبادی ہے اور اس کے درمیان میں اسی(80) لاکھ کے لوگ بسے ہوئے ہیں، اب اگر عربستان کے ممالک ان کو تسلیم کر رہے ہیں، ان کے ساتھ سفارتی روابط رکھتے ہیں تو علامہ اقبال کا وہ شعر مجھے یاد آ رہا ہے، اس ایمان کی ضرورت ہے، اب مسلم امہ کا ضمیر سویا ہوا نہیں بلکہ مردہ ہو چکا ہے، شاعر مشرق فرماتے ہیں کہ :

دشت تو دشت ہے دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے

وہ ایمان کدھر گیا ہے؟ صرف قراردادوں سے یہ چیزیں نہیں ہوتی ہیں، وہ جہادی قوتیں کہاں گئیں جو افغانستان میں خون کی ندیاں بہائی ہیں، وہ اب کہاں ہیں کہ ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی ہیں؟ کشمیر کے حال کو دیکھیں، جہاں بھی دنیا کو آپ نظر میں دیکھیں، کونے کونے میں مسلمان پر ظلم ہو رہا ہے، خون بہہ رہا ہے لیکن ہم خاموش ہوتے ہیں اور ایک قرارداد پاس ہوتی ہے، قرارداد سے یہ چیزیں نہیں ہوتیں، ایمان کی ضرورت ہے، ہمیں چاہیئے کہ سب سے پہلے ہم سعودی عرب سے مطالبہ کر لیں کہ آؤ وہاں عربستان کے اپنے آپ کو ٹھیکیدار کہتے ہیں، آپ نے کیا ایکشن لیا؟ باقی عربوں سے ہمارا کیا ہے، تو ہمارا یہ ہے کہ قراردادوں سے نہیں ہوتا ہے، اس پر سوچنا چاہیئے۔ جس طرح ہماری یہ محترم بی بی نے کہا کہ اس پر ٹھوس ایکشن لینا چاہیئے، اقدامات لیں گے اور عربستان میں ایک طارق بن زیاد کو پیدا کرنا ہے، صلاح الدین ایوبی کو اور محمد بن قاسم جیسے جرنیلوں کو پیدا کرنا ہے پھر یہ چیز ہو جائے گی Otherwise میں آپ کو یہ کہہ دیتا ہوں کہ ایسا دور آ رہا ہے کہ اگر ہمارے ضمیر اور ہمارے ایمان کا یہ ہے تو پھر ہمارے جو حرمین شریفین ہیں، جو کعبہ دوئم ہے، وہ بھی خطرے میں پڑ جائے گا اور یہ لوگ سازش میں ہوں گے۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر:</u> آنریبل اپوزیشن لیڈر۔ اس کے بعد نصیر خان، آپ کا نمبر ہے، درانی صاحب کے بعد آپ کا نمبر ہے۔

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> جناب سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ یہاں پر جو ریزولیوشن ہم نے تیار کی تھی، آپ سے اس پہ بات بھی ہوئی تھی کہ اپوزیشن اور گورنمنٹ اکٹھی اس کو پیش کریں اور آپ نے یہ بھی ریکویسٹ کی تھی کہ آج کی کارروائی ہم زیادہ وقت اس کو دے دیں، یہ بڑی ضروری بات بھی تھی، اہم بھی ہے جناب سپیکر صاحب، ابھی جو حال میں فلسطین میں اسرائیل نے جو کچھ کیا، جو عورتوں کو پکڑ کر اس کی بے عزتی، بے حرمتی اور مار دھاڑ اور اس کے بعد ان چھوٹے چھوٹے بچوں کو جس طرح وہ مار

رہے تھے اور شہید کر رہے تھے اور مسجد اقصیٰ میں آگ لگادی گئی، یقین جانیئے کہ کوئی اس کو دیکھنے کی ہمت نہیں کر سکتا، وہ اتنا ظلم و بربریت تھی لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جس طرح خوشدل خان صاحب نے کہا کہ ہمارے جو اسلامی ممالک ہیں، ابھی وہ اس پہ بھی تیار ہیں اور شاید ہم بھی اس میں تھے کہ اسرائیل کو تسلیم کیا جائے اور جناب، قومی اسمبلی میں ایک خاتون رکن تھی، سال دو پہلے اس نے تقریر بھی کی ہے، فیس بک پہ ہے کہ یہ تو اس وقت اللہ تعالیٰ نے خود فیصلہ کیا ہے اور ہمارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کو کہا کہ آپ خانہ کعبہ کی طرف مڑیں، تو یہ تو ہم نے اس کو دیا ہے، ابھی اس پہ مزید لڑائی نہیں ہونی چاہیئے لیکن وہاں پر قومی اسمبلی کے فلور پہ یہ بات ایک خاتون کی زبان سے نکلی، اس پہ پرائم منسٹر نے، اس کی پارٹی کی تھی، کوئی نوٹس نہیں لیا، تو آپ کیا بات کرتے ہیں، اس ملک کو متنازعہ بنا رہے ہیں؟ پھر باتیں ہوئیں کہ اس کا طیارہ آیا ہے اور دس گھنٹے وہاں پر اسلام آباد میں Land کر چکا ہے اور ابھی یہ بھی خدشات تھے کہ یہ سعودی کا دورہ ہے، اس کے تسلسل میں ہے کہ ہم اسرائیل کو تسلیم کریں لیکن اللہ تعالیٰ کا اپنا ایک وہ ہے کہ اس نے ایسے حالات پیدا کئے کہ کوئی اسلامی ملک، جنہوں نے اسرائیل کو تسلیم کیا ہے، وہ بھی شرمندہ ہیں، اس کے عوام بھی اس سے متنفر ہیں اور میرے خیال میں اللہ تعالیٰ نے اس معجزے کے ساتھ اس کو ٹال دیا، جو تسلیم کرنے والی باتیں تھیں۔ ابھی پرسوں ہم نے یہاں پر پشاور میں ہمارے قائد نے مظاہرہ بھی کیا اور اس میں واضح اعلان کیا کہ چونکہ اسرائیل تک پہنچنے کے لئے اسلامی ممالک کا راستہ ہے، ہمارے اس ملک کے جوان تیار ہیں وہاں پر جانے کے لئے، پورے عالم اسلام کے لوگ وہاں پر جانے کے لئے تیار ہیں، پاکستان کی گورنمنٹ بھی اجازت دے، یہاں پر آپ کو معلوم ہے کہ پہلے بھی ہمارے لوگ کافی جگہوں پہ گئے ہیں، تو ہم تو اپنی حکومت سے بھی یہی درخواست کریں گے کہ خدارا جتنی بھی ان لوگوں کی مالی مدد ہو سکے، ہمارے جو ادارے ہیں، وہاں پر یہ باقاعدہ اس میں کام کریں اور ظلم اور بربریت اس حد تک ہے کہ سلامتی کونسل نے فائر بندی کا فیصلہ بھی کیا لیکن وہ پوری سلامتی کونسل کے ممبران سے زیادہ طاقتور ہے اسرائیل، کیونکہ وہ بڑے ممالک کو Supply کرتا ہے، اس کے پاس پیسہ ہے، وسائل ہیں، سب اس کی طرف دیکھ رہے ہیں، تو یہاں پر جس طرح خوشدل خان نے بات کی کہ جو افغانستان میں لوگ تھے، وہ لوگ آج بھی جانے کے لئے تیار ہیں، افغانستان کے لوگ بھی جانے کے لئے تیار ہیں لیکن یہاں سے جب آپ بارڈر Cross کریں گے تو گورنمنٹ کی کوئی Approval تو ہونی چاہیئے، لیکن اس کے باوجود بھی جن لوگوں میں ایمانی جذبہ زیادہ ہے، وہ کسی طریقے سے بھی نکل سکتے ہیں اور لوگ جا سکتے ہیں اس بربادی کا سارا ملبہ، چونکہ

امریکہ سپورٹ کرتا ہے پورے اسرائیل کو، تو یہ جنگ ابھی چھڑ جائے گی اور اگر ہمارے ملک نے اسرائیل کو تسلیم کیا تو میں آج آپ کو کہتا ہوں کہ آپ کے ملک میں خانہ جنگی ہو گی، اس ملک میں خانہ جنگی کے بغیر کوئی نہیں ہے اور امریکہ کی یہ کوشش ہے کہ پاکستان کی فوج اور عوام کو آپس میں لڑایا جائے، ہم مقتدر اداروں کو بھی کہتے ہیں کہ خدارا یہاں پر بہت زیادہ خون بہہ گیا، مزید یہاں پر آپ اس طرح بات نہ کریں جس میں اسرائیل کی تسلیم کی سوچ بھی ہو اور اس ملک کو آپ ایک اسلامی ملک قرار دے کر فلسطینیوں کے ساتھ، آپ ضرور ان کی وہ مدد کریں جو ایک بھائی چارے اور اسلامی مذہب ہمیں سکھاتا ہے کہ اس کو سپورٹ کریں، تو میں آج بھی اپنی حکومت سے یہی مطالبہ کروں گا کہ ان لوگوں کو جانے دیں جو جاتے ہیں، اگر اسرائیل سلامتی کونسل کی قرارداد پر بھی عمل نہیں کر رہا ہے تو اس کے علاوہ اور کیا ہے؟ لاقانونیت ہے، وہاں پر وہ کسی چیز کو بھی تسلیم نہیں کر رہے تو پلیز وہاں پر ان لوگوں کو جانے دیں، جو وہاں پر شہادت کا جذبہ رکھتے ہیں۔ آپ کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ Priority پہ آپ نے آج فلسطین کا مسئلہ اٹھایا، یہی ہمارا ایمانی جذبہ ہے اور اس سے ہم سرشار ہیں، آپ کا بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو جی۔ نصیر اللہ خان صاحب۔

<u>جناب نصیر اللہ خان</u>: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ درانی صاحب نے سب Clear کیا، میں بھی نگہت بی بی کی Correction کرنا چاہ رہا تھا کہ اسرائیل کو کبھی ملک نہ ہم نے سمجھا ہے اور نہ ہم سمجھیں گے اور نہ کبھی مانیں گے، فلسطین کے ساتھ انشاءاللہ تعالیٰ پاکستان کا ہر ایک بندہ اور جس طریقے سے پرائم منسٹر صاحب اور سی ایم صاحب نے ان کی سپورٹ کے لئے کھلے عام بات کی، جب انہوں نے بات کر دی تو انشاءاللہ امید ہے کہ پاکستان کا ہر ایک بندہ فلسطین کے لئے ہر طرح کی قربانی کے لئے تیار ہے، تو میں درانی صاحب نے جو کہا میں اس کی مطلب وہ کرتا ہوں، Recommend کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: ریحانہ اسماعیل صاحبہ، شارٹ، شارٹ کریں تاکہ زیادہ لوگوں کو ٹائم مل سکے۔ میرے پاس چٹیں بھیجیں، میں ان سے پڑھ رہا ہوں، جس نے بات کرنی ہے۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ جی 27 رمضان المبارک کو جیسا کہ سب کو معلوم ہے کہ فلسطین میں جو ہوا، عبادت میں مشغول مسلمانوں پہ جو وحشیانہ حملے ہوئے، وہ سب مسلمانوں کی دل آزاری کا سبب ہیں اور اس ہاؤس میں موجود کافی لوگوں نے مذمتی قرارداد جمع کی ہیں، اس میں میں بھی شامل ہوں لیکن جس نے جمع نہیں بھی کی ہیں تو اس کے بھی جذبات یہی ہیں، صرف قرارداد تک بات نہیں

ہونی چاہیئے، ہم تمام امت مسلمہ کو اکٹھا ہونا چاہیئے کہ یہ مختصر سی جو قوت ہے، ہم پہ کیوں غالب ہے آج کل؟ کیونکہ ہمارے جذبہ ایمانی کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے کہ ہم مسلمان کیوں پسپائی کی طرف جا رہے ہیں؟ جس طرح درانی صاحب نے کہا کہ یہ سوچ بھی کسی کے ذہن میں نہیں آنی چاہیئے کہ ہم اسرائیل کو تسلیم کرنے کے لئے، ہمارے اپنے لوگ سپورٹ میں کھڑے ہوتے ہیں، جس طرح قومی اسمبلی میں ایک خاتون نے بات کی تھی جس پہ ہم سب میں غم وغصہ پایا جاتا ہے، تو اس طرح کی باتیں یہاں سے نہیں اٹھنی چاہئیں اور قرارداد کے اس میں ہم برابر کے شریک ہیں اور اس طرح یہ پاکستان کو ایک ایسی واضح پالیسی دینی چاہیئے کہ ہم فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کر سکیں جس میں یہ مصنوعات کا بائیکاٹ کا اگر گورنمنٹ کی سطح پہ اعلان ہو جائے تو یہ ایک اچھی بات ہو گی جو کم از کم ہم کر سکتے ہیں، وہ اقدامات تو ہم کریں۔ شکریہ جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: وہ ریزولیوشن تیار ہو رہی ہے؟ Okay، نثار محمد خان۔

<u>جناب نثار احمد</u>: ډيره مننه سپيکر صاحب، بحيثيت د مسلمان زمونږ د ټولوفرض جوړيږی چې په فلسطين کښې اسرائيل کوم د مسلمانانو قتل عام کوی، زمونږ اول قبلې باندې د خپل دغه تعرض کول غواړی، د دغې غندنه کۀ ټول امت مسلمه اوکړی او بلکه او نه کړی چې دغې د پاره يو منظم خپل يوخاص دغه جوړ کړی او هغې باندې عمل اوکړی، خو زه صرف دومره وايمه چې کله کله چې دے مونږ مسلمانانو له ټول هغې باندې خبره پکار ده او په قرارداد کښې دا هم شاملول پکار دی چې په افغانستان کښې په جماعتونو کښې دننه دهماکې کيږی، علمائے کرام پکښې شهيدان کيږی، طالبان شهيدان کيږی، زمونږ په مدرسو کښې دغه کيږی، دا ټول په دې قرارداد کښې بايد چې شامل شی او د ټولې نړئ مسلمانانو له پکار دی چې د دغې غندنه اوکړی او کۀ نه زمونږه جهادی گروپونه چې کوم وو، په افغانستان کښې ئې وينې تويولې نن هغه غيرت چرته لاړود هغوی چې نن په فلسطين کښې هغه وينې توئيږی، نن دوئ دلته جلوسونه اوباسی، د جلوسونو په ځائې باندې بايد چې دلته تلے وے، سره زماد ملک دا آرمی هم تلې وے او اعلان ئې کړے وے، زمونږ وزير اعظم صاحب وائی چې زه به رياست مدينه جوړوم، د رياست مدينه څه دغه دے، د هغې هم دغه تاريخ وو چې په دنيا کښې په کوم ځائے کښې په مسلمان تکليف وی، هلته

به چې دے نو ځان رسوی، زما فوج ته پکار دی چې وزیر اعظم صاحب خپل فوج او لیږی فلسطین ته۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ نعیمہ کشور صاحبہ

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ہم اس ایوان کی طرف سے متفقہ طور پہ جو 27 رمضان سے اسرائیلی افواج کی طرف سے جو ظلم اور بربریت فلسطین کے نہتے عوام پہ شروع ہے، اس کی مذمت کرتے ہیں اور جس طرح ہماری مرکزی حکومت کی طرف سے تمام اپوزیشن اور گورنمنٹ نے مل کہ سلامتی کونسل کا جو یہاں پہ نمائندہ ہے، ادھر متفقہ قرارداد کی کاپی جمع کروائی، تو ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس ایوان کی طرف سے بھی ایک متفقہ قرارداد جائے اور تمام جماعتوں نے قراردادیں ادھر جمع کروائی تھیں کیونکہ یہ میرے خیال میں اسرائیلی افواج کو ہمیں اس قرارداد میں شامل کروانا چاہیئے کہ اسرائیلی افواج جنگی جرائم میں ملوث ہیں اور اس کو بین الاقوامی عدالت میں لانے کا مطالبہ ہم اس ایوان سے کرتے ہیں کیونکہ پاکستان نے ہمیشہ سے فلسطین کی آزادی، خود مختاری اور ان کی خودارادیت کے مطالبہ کے ساتھ پاکستان کی ریاست اور پاکستان کی حکومت نے ہمیشہ ساتھ دیا ہے، امریکہ نے ہمیشہ، جب اقوام متحدہ میں کوئی بھی قرارداد آئی ہے، تو تقریباً پچاس قراردادیں امریکہ نے ان کو Veto کیا ہے لیکن اس بربریت کے وقت میں امریکہ اس پلیٹ فارم پہ بالکل تنہا ہو گیا ہے اور اس کے اپنے عوام نے اس کو تنہا کیا ہے اور اس کے جو عوام تھے اور اس کی جو پارلیمنٹ تھی، اس نے بھی اس کا ساتھ نہیں دیا اور اس کے عوام بھی اس کے خلاف ہو گئے، اس لئے یہ ایوان یہ بھی مطالبہ کرتا ہے، جو ٹرمپ نے ادھر جو غزہ میں اپنا سفارتخانہ کھولا ہے، اس کو بھی واپس کرنا چاہیئے کیونکہ اس اقدام سے اسرائیل کا جو مکروہ چہرہ ہے وہ بے نقاب ہوا ہے۔ میں یہ بھی بتانا چاہونگی کہ جو ہمارے اسلامی ممالک، جو چالیس ممالک کی ہم نے جو اتحادی فوج بنائی ہے اور اس کا ہمارا جو جرنیل Command کر رہا ہے، وہ کس وقت ہم کام اس سے لیں گے، وہ کس لئے ہم نے بنائی ہے؟ اس کو اس وقت جاگنا چاہیئے اور جمعہ کے دن جو ہماری جماعت نے جو احتجاج کیا تھا اور قائد ملت اسلامیہ نے جو اس وقت کہا تھا کہ OIC کا جو اس وقت، جو حال ہوا ہے جس کو ہم کہتے ہیں Oh, I see تو میرے خیال میں Oh, I see کو اب OIC بننا چاہیے، اس کو جاگنا چاہیے، اس کو اپنا ایک کردار ادا کرنا چاہیے، اس کو Oh I see نہیں بننا چاہیئے، اس کو حقیقت میں OIC کا کردار ادا کرنا چاہیئے اور مسلم امہ کے لئے کردار ادا کرنا چاہیئے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

محترمہ نعیمہ کشور خان: اقوام متحدہ جو صرف طاقتور ملکوں کی آواز بن گیا ہے اور جو چھوٹی سی غلطی ہمارے ممالک کرتے ہیں، ہم پہ بڑی بڑی پابندیاں لگا دیتا ہے، اس کو اگر مسلم ممالک پر نہیں تو کم از کم جو ادھر انسانی حقوق کی پامالی ہو رہی ہے، اس پہ توجہ دینی چاہیے، ایک انسانی حقوق کی پامالی کے طور پہ اس پہ ایکشن لینا چاہیے۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ ممبران کی تعداد کم ہوتی جا رہی ہے، میں Resolution put کرتا ہوں، اس کے بعد آپ بات کرتے رہیں۔

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر، مجھے موقع دیں، مجھے اسی پہ بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: دو منٹ ٹائم، اسی پہ بات کریں لیکن ریزولیوشن پاس کرنے دیں، یہ نہ ہو آپ کی تقریریں چلتی رہیں اور ریزولیوشن کے لئے بندے ہی نہ ہوں، اس وقت پاس کرنے کے لئے، اس ریزولیوشن میں جو پہلے کامران صاحب نے پڑھی تھی، Addition یہ ہوئی ہے کہ The Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa demands deployment of UN forces in the area to ensure cease fire. اس پہ اکرم خان درانی صاحب نے بھی Sign کئے ہیں، اس پہ بلاول آفریدی صاحب کے بھی Sign ہیں، اختیار ولی صاحب کے بھی Sign ہیں، اس پہ کامران بنگش صاحب کے تو ہیں ہی، نگہت اورکزئی صاحبہ کے ہیں، خوشدل خان صاحب کے ہیں۔

So, I put to the House. Is it the desire of the House that the resolution, moved by all the honourable Members, may be passed? Those who are in favour it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No' (The motion was carried)

Mr. Speaker: The "Ayes" have it. The resolution is passed unanimously.

جناب عنایت اللہ: سپیکر صاحب، مجھے Point of Order پہ بات کرنی ہے، مجھے بس ایک دو منٹ دیں۔

جناب سپیکر: ابھی اس پہ لوگ اور بھی بات کرنا چاہتے ہیں، اب فلسطین پہ بات تو جی۔۔۔۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: سر، اس میں بین الاقوامی امن فورسز کی بات کو شامل کریں نا۔

جناب سپیکر: یہ آگیا ہے نا، یہ اس میں جو آخری انہوں نے Add کیا ہے Deployment of UN forces.

محترمہ نعیمہ کشور خان: سر، اس کو پڑھ لیا جائے پورا پھر، تاکہ ریکارڈ پر آئے۔

جناب سپیکر: میں نے پڑھ لی ہے نا، میں نے کہا ہے کہ یہ Add کیا گیا ہے، یہ میں نے پڑھ لی ہے، پھر پڑھ دیتا ہوں، یہ Addition ہوئی ہے اس میں The Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa demands the deployment of UN forces to ensure the cease fire. یہ سارے Point add کرنے ہیں، آپ پڑھیں ادھر سے تو پھر ہمیں دے دیں، اس میں اور پوائنٹس اس ریزولیوشن میں آ گئے تو یہ تو پھر دوبارہ Put کرنا پڑے گی، ہاں چلیں۔

Mr. Kamran Khan Bangash (Special Assistant for Higher Education): Sir, the following addition may be added to the previous resolution that I have already presented: This joint resolution was presented by Inayatullah Khan Sahib, Nighat Orakzai Sahiba, Khushdil Khan Sahib, Akram Khan Durrani Sahib, Bilawal Afridi Sahib, Ikhtiar Wali Sahib and myself, Kamran Bangash.

The Assembly presents the following recommendations to the Federal Government and to National Community as well, as a represented forum. The establishment of Humanitarian Assistant Corridor under second point is under the umbrella of OIC and with the consent of UN. A peace mission and peace force is deployed to protect mosque Al-aqsa and the worshippers as well as general populist. The illegal Jewish settlement processed by Israel should immediately be stopped in line with UN Resolution and International Human Rights Bodies and immediate cease fire and normalization of life in Ghaza should be implemented and access for every citizen to move freely be ensured. Civic amenities and basic facilities should immediately be restored and OIC countries should establish a joint fund to help the oppressed community in Ghaza.

Mr. Speaker: The amended resolution is moved by the honourable Members in the House. Is it the desire of the House that the amended resolution may be passed? Those who are in favour it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The “Ayes” have it. The resolution is passed unanimously.

جناب سپیکر: اس کو اس کا حصہ بنائیں کیونکہ ہم نے میڈیا کو بھی دینی ہے، اس کو اس کے ساتھ Attach کریں۔

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر، مجھے بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: بس فلسطین پہ تو بات اب ختم ہو گئی ہے، اب اور بھی بہت بزنس رہتا ہے، ایک ریزولیوشن اور میں لے لوں۔ میر کلام صاحب، اپنی ریزولیوشن پیش کریں، میر کلام صاحب۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر، میرا Point of Order ہے، بس دو منٹ، بہت ضروری ہے۔

Mr. Mir Kalam Khan: Thank you.

جناب سپیکر: پہلے ریزولیوشن والی بات ہے، فلسطین کے اوپر۔

جناب میر کلام خان: تھینک یو سپیکر صاحب، میں آپکا انتہائی مشکور ہوں کہ مجھے موقع دیا گیا، اس اہم قرارداد کے حوالے سے کہ ہمارے پورے صوبے کے ساتھ Related ہے اور پورے کے پورے ملک کے ساتھ میری قرارداد Related ہے۔ جو قرارداد ہے جناب سپیکر، کہ یہ ملک پانچ قوموں کا فیڈریشن ہے، جتنا حق اس ملک میں باقی انسانوں کا ہے اس طرح پشتونوں کو بھی حاصل ہونا چاہیئے لیکن بد قسمتی سے اس ملک میں پشتونوں کو ہمیشہ دوسرے درجے کے شہری کی نظر سے دیکھا جاتا آ رہا ہے، سندھ میں پشتون کاروباری حضرات اور ٹرانسپورٹرز کو بے جا تنگ کیا جاتا ہے اور انہیں حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، اس کے علاوہ صوبہ سندھ میں روزانہ کی بنیاد پر ڈرائیوروں کو چور ڈاکو یا تو گولیوں سے بھون ڈالتے ہیں یا انہیں اغواء کر کے بھتہ وصول کرتے ہیں۔ کچھ دن پہلے بھی شمالی وزیرستان مامیت خیل قوم سے تعلق رکھنے والے دو نوجوان نقیب اللہ اور عزیز اللہ نامی ڈرائیور، انہی ڈاکوؤں کے ہاتھوں اغواء ہوئے ہیں، لہذا یہ معزز ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ سندھ حکومت ان واقعات کو روکنے کے لئے اقدامات اٹھائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour it may say "Yes". اس پہ بات کرتے ہیں جی منسٹر صاحب

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): جناب سپیکر، ہمیں ان کی قرارداد سے کوئی وہ نہیں ہے لیکن اگر ہم یہ کہیں کہ جی سندھ میں پختونوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے تو تھوڑا سا وہ میرے خیال سے کوئی اچھا میسج نہیں جائے گا، وہاں پہ تیس چالیس لاکھ پختون رہ رہے ہیں سندھ کے اندر اور وہ اپنے کاروبار بھی کر رہے ہیں، تو ہو سکتا ہے کہ اگر یہ Specific کوئی واقعہ ہوا ہے، اس کی جہاں بھی ہو، ہم اس کی مذمت کرتے ہیں، تو میرے خیال سے اگر تھوڑا سا ہم پورے صوبے کو ٹارگٹ کر رہے ہیں کہ جی سندھ

میں یہ ہو رہا ہے پختونوں کے ساتھ، باقی دیکھیں کہ جو جس طرح ہمارے بھائی یہ اس پہ سوچتے ہیں لیکن اس سے کوئی اچھا میسج نہیں جائے گا کہ ایک صوبائی اسمبلی دوسرے صوبے کے اوپر کوئی اس طرح قرارداد لے کر آئے۔

جناب سپیکر: ہاں ہمارے لوگ بہت زیادہ روزگار کر رہے ہیں وہاں پہ اور پورے صوبے کے ہیں۔

وزیر محنت وثقافت: سر، تیس چالیس لاکھ پختون وہاں رہ رہے ہیں اور ٹھیک ٹھاک رہ رہے ہیں، وہاں پہ مجھے نہیں خیال ہے کہ ہم یہ کہیں کہ ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، یہ تو اچھا نہیں ہوگا۔

جناب سپیکر: نہیں، میر کلام صاحب دیکھیں، جہاں اتنے لوگ ہوتے ہیں، کچھ نہ کچھ اکا دوکا واقعات ہوتے رہتے ہیں، جی بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریہ ادا کرتا ہوں میر کلام کا کہ انہوں نے قرارداد لائی ہے، میرے خیال میں ہم سب کو ماننا چاہیئے، اگر کسی پختون کا تعلق پی ٹی آئی سے ہو، مسلم لیگ سے ہو، جماعت اسلامی سے ہو، جمیعت سے ہو، یہ ہمیں ماننا پڑے گا کہ اگر ہمارے ساتھ زیادتی نہیں ہو رہی تو پھر ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ ہماری حالت دیکھیں، ہم اپنی بدترین اقتصادی حالت کی وجہ سے کراچی میں پختون جو ہے، وہ پینتس ہزار روپیہ پہ ڈرائیونگ کرتا ہے، گن مین ہوتا ہے، گیٹ کیپر ہوتا ہے، ہمارے بچے پالیش کرتے ہیں، مسئلہ ہمارا یہ ہے، ہم تو ہمیشہ سے یہی مطالبہ کرتے آرہے ہیں کہ آئین پہ عمل درآمد ہو، ہمیں اپنے آئینی حقوق دیں، وہ صوبہ جو گیس کا پیداواری صوبہ ہے، وہ صوبہ جو چھ ہزار میگاواٹ بجلی ایک روپیہ اور پندرہ پیسے اس کی Production cost ہے جناب سپیکر، وہ صوبہ جس میں تیل کے کنویں ہیں، وہ صوبہ جو معدنیات سے مالال ہے، وہ صوبہ جہاں وافر تعداد میں پانی موجود ہے اور تیس ہزار میگاواٹ بجلی اب بھی پیدا ہونے کی Capacity ہے، ہم بھیک مانگنے پہ مجبور ہیں، جناب سپیکر، ہم آٹے کے لئے قطاروں میں کھڑے ہیں جناب سپیکر، ہم اس قابل نہیں ہیں کہ ہم بجلی کا بل ادا کریں اور پھر ہم یہاں پہ کہیں کہ ہمارے ساتھ زیادتی نہیں ہو رہی، تو میں ماننے کو تیار ہوں، کوئی مجھے Convince کرے، جناب سپیکر، یہ زیادتی ہے، یہ ظلم کے اوپر ظلم ہے جناب سپیکر، اس کو پاس کریں، (مداخلت) نہیں شوکت صاحب، دیکھیں، آپ کے اپنے شانگلہ کے لوگ کہاں مر رہے ہیں؟ جناب سپیکر، کوئلہ کی کانوں میں مر رہے ہیں جناب سپیکر، اور کس حالت میں مر رہے ہیں جناب سپیکر، کیا یہ ریاست اور حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ انکو روزگار دے؟ یہ بڑا جائز مطالبہ ہے، ہمیں اپنے حقوق کی آواز اٹھانے پہ منع نہیں کرنا

چاہیئے، جناب سپیکر، ہمارا ساتھ دیں، ہم دوبارہ، آپ شانگلہ میں جاؤ گے، پختونوں سے ووٹ لو گے، عنایت اللہ خان جائے گا دیر میں، پختونوں سے ووٹ لے گا، میں جاکر پختونوں سے ہم ووٹ لیں گے، اگر ہم انکی نمائندگی نہیں کریں گے تو پھر ہم یہاں کیا کریں گے؟ جناب سپیکر، یہ ماننا چاہیئے، میں ریکویسٹ کرتا ہوں، اس پہ میں ایک گھنٹہ بحث کرنے کے لئے بے تیار ہوں، دلیل کے ساتھ جناب سپیکر، نہ Encourage کیا جائے، ہمیں خوشی ہوتی ہے کہ یہاں فلسطین کے مظالم پہ بات ہو لیکن اپنوں کے مظالم کی بھی بات ہو ناں جناب سپیکر، ہمارے ہاں، ہماری آواز میں تو کوئی آواز ملانے کو تیار نہیں ہے، جناب سپیکر، گھبراہٹ ہو رہی ہے تو جناب سپیکر، میں شکریہ ادا کرتا ہوں ایسے جوانوں کا جو یہاں پہ اسی صوبے کے مسائل کو اٹھاتے ہیں، عوامی نیشنل پارٹی شانہ بہ شانہ، میں تمام ہاؤس سے اپیل کرتا ہوں، اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے، کوئی یہ اس ملک میں جناب سپیکر، میں Windup کرتا ہوں، اس ملک میں جناب سپیکر، کوئی غدار نہیں ہے، ہر شہری آئین پاکستان کی رو سے اپنے حقوق کی بات کرتا ہے جناب سپیکر، یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے، یہ ملک قابضین کے ایک ٹولے کا نہیں ہے، یہ بائیس کروڑ عوام کا ہے اور ہم انشاءاللہ ڈٹ کر اپنے حقوق کے لئے لڑیں گے، انشاءاللہ۔

جناب سپیکر: نگہت اورکزئی صاحبہ۔

جناب احمد کنڈی: سر، مجھے موقع دیں۔

جناب سپیکر: نگہت کے بعد آپ بات کر لیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، رہتے ہم صوبہ خیبر پختونخوا میں ہیں اور بات کر رہے ہیں ہم لوگ سندھ کی، جناب عالیٰ، جب پختون یہاں سے جاتا ہے تو وہاں پہ اس کو روزگار ملتا ہے تو وہ وہاں پہ بیٹھا ہوتا ہے نا، اگر اس کو روزگار نہ ملے تو پختون پھر واپس اپنے صوبے کی طرف آتا ہے، (مداخلت) نہیں، دیکھیں سندھ کے بارے میں انہوں نے یہ بات کی کہ وہاں پہ پختونوں کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے، وہاں پہ پختونوں کو روزگار نہیں مل رہا ہے، جناب عالیٰ، اگر ان کو روزگار نہیں مل رہا ہے تو پھر ان کو واپس اپنے صوبے میں آنا چاہیے تاکہ یہاں پہ ان کو روزگار ملے، کسی اور صوبے پہ پھر بوجھ بننے کی بجائے، میں پختونوں کے ساتھ ہوں لیکن اگر سندھ کی بات آتی ہے تو پھر سب سے پہلے ہم خیبر پختونخوا کی بات کریں گے، سب سے پہلے آپ اپنے خیبر پختونخوا کی بات کریں گے کہ

یہاں پہ روزگار کہاں پہ ہے؟ یہاں پہ لوگ جو ہیں، وہ ریڑھیوں لگا کر پھرتے ہیں، ان کی ریڑھیاں یقین کریں جناب سپیکر صاحب، میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ الٹ دی جاتی ہیں۔

جناب سپیکر: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وثقافت: بات ایسی ہے سر، کہ ہمیں کوئی ایسی چیز، ایسی بات نہیں کرنی چاہیئے۔۔۔

جناب میر کلام خان: جناب سپیکر، میں واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: واپس لیتے ہیں آپ؟ ٹھہریں، سنو ناں، آپ بات کر سکتے ہیں۔

وزیر محنت وثقافت: ایک منٹ، ہمارے فیڈریشن کو نقصان پہنچے۔ دیکھیں، Political parties ہیں، وہاں کس کی حکومت ہے، مجھے اس سے کوئی غرض نہیں ہے لیکن ہمیں اپنے فیڈریشن کو، ہمیں اپنے یونٹس کو اس طرح کمزور نہیں کرنا چاہیئے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ہمارے پختون بھائی وہاں پالش کرنے پر مجبور ہیں، چوکیداری کرنے پہ مجبور ہیں، تو اس کا قصور تو ہمارا ہے، ہم کیوں نہیں Accept کرتے ہیں کہ ستر سال میں ہم نے ان کو تعلیم کیوں نہیں دی کہ آج وہ جا کر پالش کر رہے ہیں، جس پختون نے تعلیم کی ہے تو وہ کہاں پالش کر رہا ہے؟ میں تو یہ عرض کر رہا ہوں کہ ہمیں اس طرح نہیں کرنا چاہیئے کہ ہم یہ کہیں کہ جی ہاں جو Specific واقعہ ہوا ہے، اس کی مذمت کریں، میں بھی کرتا ہوں، آپ بھی کریں، یہ تو یہاں پہ بھی اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں، ہم اس کی بھی مذمت کرتے ہیں لیکن آج اگر ہم یہ Trend شروع کریں کہ جی سندھ کے اندر یہ ہو رہا ہے پختونوں کے ساتھ، میرے خیال سے یہ اچھا Trend نہیں ہوگا، باقی آپ کی مرضی ہے، اس کو لائیں نہ لائیں یہ آپ کی مرضی ہے لیکن میں یہ نہیں سمجھتا جناب سپیکر، کہ یہ کوئی اچھی بات ہوگی، ہمیں چاہیئے تھا کہ ہم اپنی معدنیات کو ٹھیک کرتے، ہمیں چاہیئے تھا کہ ان ستر سالوں میں اپنے ٹورازم کو بڑھاتے، ہمیں چاہیئے تھا کہ ہم اپنے بڑے بڑے ڈیم بناتے، ہم بجلی پیدا کرتے، کس نے منع کیا تھا؟ کوئی بجلی آج تو نہیں ہے کہ ہم آئے ہیں، تیسرا سال ہے کہ ہم نے ڈیم نہیں بنائے، ان کو Responsibility لینی چاہیئے۔

جناب سپیکر: Time is short. جی کنڈی صاحب، کنڈی صاحب بات کرنا چاہتے ہیں، کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: سر، یہ مقدمہ تو ہم پہلے دن سے لائے ہوئے ہیں، شوکت صاحب جو بات کر رہے ہیں، اس سے ہمیں اتفاق بھی ہے اور اختلاف بھی ہے، ہم یہ بار بار کہتے ہیں، یہ ریاست جس میں فیصلہ ساز قوتیں

خیبر پختونخوا کے ساتھ زیادتی کر رہی ہیں، آئینی زیادتیاں کہ آئین میں جو حقوق ہمیں دیئے ہوئے ہیں، جناب سپیکر، آپ مجھے بتائیں جو صوبہ سب سے سستی ترین بجلی بناتا ہے، اس کو Net Hydel Profit نہیں دیا جاتا، جو سب سے زیادہ تیل دیتا ہے، اس کو تیل میں فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی نہیں دی جاتی۔۔۔۔

جناب سپیکر: Be specific تاکہ اس کو ہم کریں۔

جناب احمد کنڈی: میں Specific ہو رہا ہوں، اس خیبر پختونخوا کے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ یہ چاہے یہ اس کو پاس کرنا چاہیئے یا نہیں کرنا چاہیئے، تو کیوں نہیں کرنا چاہیئے؟

جناب احمد کنڈی: میری گزارش سنیں، میں اس میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں ذاتی طور پہ سمجھتا ہوں کہ یہ نہیں پاس کرنا چاہیئے۔

جناب احمد کنڈی: میں اس میں، اس ریزلوشن کو Fully support کرتا ہوں، اس ریزلوشن کو Fully support کرتا ہوں جناب سپیکر، (تالیاں) اور میں On the floor of the House کہتا ہوں جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس کریں، پاس پھر کرتے ہیں تو۔

جناب احمد کنڈی: خیبر پختونخوا کے لوگوں کے ساتھ یہ ریاست زیادتی کر رہی ہے جس کا ہم باقاعدہ ثبوت دے سکتے ہیں جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر محنت و ثقافت: جہاں تک صوبے کے حقوق کی بات ہے تو صوبے کے حقوق کی تو بات ہی نہیں ہو رہی ہے، صوبے کے حقوق کے لئے تو ہم سارے اکٹھے ہیں، اگر آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ سندھ میں پختونوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اور پیپلز پارٹی والے اس کو سپورٹ کر رہے ہیں، میں اس کی مخالفت نہیں کرونگا، ٹھیک ہے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے جناب سپیکر، کریں، ہم بھی سپورٹ کریں گے۔

جناب سپیکر: کرنے دیں، پاس کریں، کریں پاس۔

Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The "Ayes" have it. The resolution is passed with majority.

مجھے اور بھی کام کرنے دیں نا، پوائنٹ آف آرڈروں کے علاوہ نا، یہ Important چیزیں بھی ہیں۔ جی عنایت اللہ صاحب، یہ ایک رنجیت سنگھ کی چیز ہے، ذرالے لیں، رنجیت سنگھ کوئی غائب ہے۔ جی عنایت خان۔

جناب عنایت اللہ: ایک انتہائی اہم نکتہ ہے۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں حکومت کی بھی توجہ چاہتا ہوں، حکومت اگر متوجہ ہو۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Order in the House, please; order in the House, please.

جناب عنایت اللہ: میں Specially حکومت کی توجہ، بابک صاحب، بیٹھ جائیں پلیز، میں تمام پارلیمانی لیڈرز کی بھی توجہ چاہتا ہوں، اس وقت افغان ایمبیسی کے سامنے پختونوں کی لائنیں لگی ہیں، آپ نے پختونوں کے حوالے سے قرارداد پیش کی ہے اور میر کلام صاحب اب نکل رہے ہیں، پختونوں کی لائنیں لگی ہیں، افغانستان سے لوگ Visit visa لگوا کر اب سعودی عرب جارہے ہیں اور بنیادی مسئلہ یہ ہے سر کہ جو کورونا ویکسین ہیں چائنا اور Russia کے Sputnik کے وہ UAE اور GCC countries اور سعودی عرب کے اندر اس ویکسین کو Accept نہیں کیا جارہا ہے، پاکستان کے اندر یا Sputnik Available ہے یا چائنیز ویکسین Available ہے، آپ نے پچاس لاکھ لوگوں کو Vaccinate کر دیا ہے، WHO کے Protocols ہیں، ان کے SOPs ہیں کہ جب ایک بندے کو ایک مرتبہ ویکسین لگ جاتا ہے، دوسرا ویکسین آپ نہیں لگا سکتے ہیں، اب جن لوگوں نے چائنیز ویکسین لگائے ہیں، وہ انتظار میں ہیں لیکن سعودی عرب اس وقت اس کو Accept نہیں کر رہا ہے، اس لئے میں آپ سے یہ چاہتا ہوں کہ یہ انتہائی Urgent مسئلہ ہے، میرے پاس لوگ آرہے ہیں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، اس میں اب ہمیں کیا کرنا چاہیئے ریزلیوشن پاس کریں؟

جناب عنایت اللہ: ہزاروں کی تعداد میں لوگ Stuck up ہیں Ministry of Foreign Affairs, Ministry of Religious Affairs together اس مسئلے کو ایمرجنسی بنیادوں پہ سعودی عرب حکومت اور GCC countries کے ساتھ Take up کریں۔

جناب سپیکر: تو آپ بنائیں ریزولیوشن۔۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ: میں ریزولیوشن بناتا ہوں۔۔۔

جناب سپیکر: بنائیں، It`s very important.

جناب عنایت اللہ: اور حکومت اس ریزولیوشن کو پاس کرے، میں آپ کا مشکور ہوں سر۔

جناب سپیکر: بالکل لائیں آپ ریزولیوشن، Ranjeet Singh Sahib, your call attention.

جناب رنجیت سنگھ: شکریہ جناب سپیکر، میں نے اسمبلی کی Starting پہ ہی آپ کو چٹ دی تھی لیکن مجھے آخر میں، لیکن اب یہ نہ کہیئے گا کہ اس بات کو یہیں ایک منٹ میں Wind up کر دیں۔ میں سب سے پہلے، میں چاہتا تھا کہ اس قرارداد میں میرا نام بھی ہوتا لیکن شاید میری غلطی ہے، میں اٹھا نہیں، لیکن سب سے پہلے ہمارے مسلمان بھائیوں پر جو ظلم وہاں پہ ہو رہا ہے اسرائیل کی طرف سے، میں اس کی شدید الفاظ میں مذمت بھی کرتا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ میر کلام صاحب کی بات سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ انہوں نے جو قرارداد پیش کی، کسی پہ بھی کوئی ظلم نہیں ہونا چاہیئے، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو ظلم و ستم فلسطین میں ہو رہا ہے، ہمیں وہ بھی نظر آتا ہے اور جو ہمارے پٹھان بھائیوں پہ بھی ظلم ہو رہے ہیں، جہاں پہ بھی ہوتے ہیں، ہمیں وہ بھی نظر آتے ہیں لیکن چاہے وہ بات افغانستان کی ہو یا پاکستان کی، میں صرف یہاں پہ آج ایک یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ پچھلے پینسٹھ دنوں کے اندر ہمارے صوبے میں، ہماری اس اسمبلی والے شہر میں سکھ کمیونٹی سے ایک بچہ لاپتہ ہے جس کا نام اوی ناش سنگھ ہے اور ہمارا بے مثال پولیس ڈیپارٹمنٹ جس کی ہم روز بروز تعریفیں کرتے ہیں، پینسٹھ دن کے اندر وزیر زادہ صاحب کی ہدایات، وزیر صاحب کے کہنے پہ سی ایم صاحب سے بات چیت ہوئی، آئی جی صاحب سے بات چیت ہوئی، پینسٹھ دن گزرنے کے بعد بھی آج بھی پولیس ڈیپارٹمنٹ نے کوئی ایک پوائنٹ ہمیں نہیں بتایا کہ آیا وہ بچہ کہاں پہ ہے؟ ہمیں کچھ ملا ہے اور نہ فیملی کے ساتھ کوئی رابطہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میں دوسری بات یہ بھی کرنا چاہونگا کہ ایک شخص کے گھر سے ایک بچہ لاپتہ ہو جاتا ہے، ایک لڑکا ان کا اغواء ہے، انہی کی فیملی کو رات کے ڈیڑھ بجے اور دو بجے پچیس سے تیس لوگ آتے ہیں، اسلحے سمیت بھی آتے ہیں، گاڑیوں میں بھی آتے ہیں، ان کے گھروں کے دروازے توڑے جاتے ہیں، ان کی کھڑکیاں توڑی جاتی ہیں، پڑوسیوں کے گھروں سے دیواریں پھلانگ کر گھستے ہیں، مجھے یہ نہیں سمجھ آ رہی ہے، ہماری برانچز ہیں، ہمارے کوئی اور لوگ ہیں جو اس طرح آ کر ان کو ڈرانے دھمکانے کی کوشش کر رہے ہیں، تو ہمارے شوکت یوسفزئی صاحب ہمیشہ ہر بات کا جواب بھی دیتے ہیں اور میں نے دیکھا کہ آج تک جو بھی مسئلے مسائل

Minority کے حوالے سے آئے ہیں، ہمیشہ وہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے ہمیں یہ یقین دلایا کہ آپ کے مسائل حل ہونگے اور ہم Minorities کا خیال رکھتے ہیں، بہت مؤدبانہ ریکویسٹ ہے آپ سے کہ Kindly پینسٹھ دن سے ایک لڑکا لاپتہ ہے، جس کا نام اوی ناش سنگھ ہے، اس کی فیملی کو Threats بھی ہیں، ان کو ڈر ہے، خوف ہے، وہ گھروں سے باہر نہیں نکل سکتے، وہ ہمیشہ کہتا ہے، مجھے آدھامنٹ ضرور دیں جس میں بہت کام۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Shaukat Yousafzai Sahib, to respond please, Shaukat Yousafzai Sahib.

وزیر محنت وثقافت: ان کو بات کرنے دیں نا۔

جناب رنجیت سنگھ: جناب سپیکر صاحب، میں نے پہلے کہا تھا مجھے ٹائم دیجئے گا، پچھلے تین چار روز سے میں نے آئی جی صاحب سے ملنے کی کوشش کی، سی سی پی او صاحب کے پاس ہمارے لئے ٹائم نہیں ہے، اگر ہم دفتر جاتے ہیں وہاں پہ وہ نہیں ہوتے، Even کہ اس کیس کے اندر اگر ہم رحمان بابا تھانے میں جاتے ہیں، وہاں پہ بھی یہ روزنامچہ لکھنے کی کوشش کرتے ہیں تو وہاں کا جو عملہ ہے، نہ وہ ایسی گولیاں آپ کو دیتا ہے کہ آج روزنامچہ ڈی سی صاحب کے گھر میں ہے، Sunday کے دن اور آج صبح چلا گیا ہے اور ہم نے فلاں جگہ بھیج دیا ہے، اس میں ہمیں سمجھ نہیں آرہی کہ ہمارا دوست کون ہے اور دشمن کون ہے؟ میری آپ سے ریکویسٹ ہے، ایس پی کینٹ اسی فیملی کو بار بار کہتے ہیں کہ آپ راضی نامہ کر لیں، جن کو انہوں نے Nominate کیا، Kindly اس معاملے کو دیکھیں اور یہاں سے آپ ان کو ہدایات جاری کریں کہ فوری طور پہ اس بچے کو بازیاب کرایا جائے، وہ جہاں پہ بھی ہے، کوئی ایسی Call نہیں آئی اور جو یہ فیملی بیٹھی ہے، وہ اتنی گھبرائی ہوئی ہے کہ ہمیں دو دو دن، تین تین دن ان کے گھر میں مجھے رہنا پڑ رہا ہے کہ وہ ڈرتے ہیں کہ ابھی کوئی لوگ آئیں گے اور ہمیں اٹھا کر نہ لے جائیں، مہربانی کریں اس کا بھی حل نکالیں، انہیں Protection دی جائے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Law Minister, to respond please.

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، مجھے تو اس کیس کا اتنا پتہ نہیں ہے لیکن انہوں نے یہاں پہ نشاندہی کر دی ہے تو یہ کل آجائیں تو ہم انشاء اللہ سی سی پی او صاحب سے بھی بات کر لیں گے، آئی جی صاحب سے بھی، جن کے ساتھ ان کا کام ہے ان کے ساتھ بات کر لیں گے۔

جناب سپیکر: یہ آپ سے مل لیں کل آپ کے ساتھ؟

وزیر قانون: جی سر، کل آ جائیں، میں ان کا کام کر دونگا سر۔
جناب سپیکر: ٹھیک ہے؟ ٹھیک ہے جی۔
جناب رنجیت سنگھ: سر، چلیں لاء منسٹر کو میں نہیں وہ کرنا چاہونگا، جو ابھی انہوں نے یہ منصب سنبھالا، آئی جی صاحب کے بھی علم میں ہے، سی سی پی او صاحب کے بھی علم میں ہے، بات چیت ہو رہی ہے، ہمیں بیٹھ کر مزید باتیں نہیں کرنی، پینسٹھ دن گزر چکے ہیں، سر پینسٹھ دن کے اندر ایک ڈیپارٹمنٹ یہ پتہ نہیں کر سکا کہ وہ بچہ کدھر لاپتہ ہے، زندہ ہے، مر گیا ہے، کیا ہے؟ مزید ان کو باتوں کے لئے تو ہم نے نہیں بیٹھنا، بیٹھنے کے لئے تو Daily ہماری تمام کمیونٹی آتی ہے، ہر شہر سے لوگ آتے ہیں اور وہ ہم سے پوچھتے ہیں۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔
وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، یہ جو Minority ہم تو ان کو اپنا بھائی سمجھتے ہیں کہ ہمارے ایک ہی طرح کے لوگ ہیں ہم، اور اگر ان کے ساتھ اس طرح کی کوئی زیادتی ہو رہی ہے تو یہاں سی سی پی او، ان کا نمائندہ بیٹھا ہو گا، یہ اسمبلی سے ابھی جائیں، سی سی پی او سے ملیں، ان سے بات کریں، کسی قسم کی کوئی آپ کو لگے کہ آپ کی بات نہیں سنی جا رہی، میں حاضر ہوں، میں آپ کے ساتھ ہر جگہ جانے کے لئے تیار ہوں کیونکہ یہ اگر کوئی زیادتی کر رہا ہے اور اس طرح یہ کوئی Banana republic تو نہیں ہے، یہاں پہ ادارے ہیں، یہاں پولیس آزاد ہے، بااختیار ہے اور ان کو کوئی رکاوٹ ہے، کوئی Political pressure ہے تب بھی ہم اس کو Face کریں گے، تو انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہو گی، میں بھی، جو بھی پولیس والے یہاں موجود ہیں، آپ ابھی یہاں سے جائیں، سی سی پی او سے ملیں، اگر آپ Satisfied نہیں ہوئے تو کل میں نہیں ہوں، پرسوں میں حاضر ہوں، آپ جہاں بھی مجھے بتائیں، میں آپ کے ساتھ آئی جی پی سے ملنا ہے، جہاں بھی ہے، میں آپ کے لئے حاضر ہوں انشاء اللہ۔
جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی؟
جناب رنجیت سنگھ: شکریہ، میں نے پہلے ہی کہا، شوکت یوسفزئی صاحب ہمیشہ ہماری Favour کرتے ہیں، میں صرف اس بات سے ڈرتا ہوں، ایسا نہ ہو کہ ہم ایک ایک دن کا وقفہ کرتے جائیں اور مزید ہمیں کوئی اور نقصان دیکھنا پڑے۔ میں یہاں سے آپ کو فوری طور پر کہتا ہوں کہ اگر ہمیں اس میں مزید کوئی

نقصان پہنچا اس قسم کا کہ ہمارا بچہ ، ملنے کا تو چھوڑیں، اگر اسے کوئی اور قسم کا نقصان ہوتا ہے، آج میں فلور پہ کہہ رہا ہوں کہ ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: رنجیت صاحب، رنجیت سنگھ صاحب، دیکھیں ساٹھ دن سے یہ بچہ لاپتہ ہے، پچھلے مہینے پورا ہمارا اجلاس چلتا آ رہا ہے، آپ اس میں اگر یہ چیز لے آتے تو اب تک کافی ہم نزدیک پہنچ چکے ہوتے، آپ بھی بہت لیٹ لائے ہیں لیکن آپ ایک آدھ دن دیں، اب کوئی آگے بات چلے گی تو وہ ہو جائے گی۔ یہاں سی سی پی او کے نمائندے بھی بیٹھے ہوئے ہیں، وہ بھی سن رہے ہیں، وہ بھی اس چیز کو سی سی پی او تک پہنچائیں گے اور شوکت صاحب نے آپ کے ساتھ Commit کر لیا، انشاء اللہ آپ ان کے ساتھ مل لیں اور Friday تک ہمیں اسمبلی میں اس کی رپورٹ بھی دیں جی، سی سی پی او آفس کہ بھئی اس میں کس حد تک Proceeding ہوئی ہے، کیا صورتحال ہے؟ جو بھی ہے Friday تک ہمیں سی سی پی او آفس یا اس کی Detail report بھی دے دیگا، ٹھیک ہے، تھینک یو۔ حافظ صاحب، اب آپ بات کر لیں، حافظ عصام الدین صاحب۔

حافظ عصام الدین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، کافی دیر بعد ٹائم دیا۔ سپیکر صاحب، مسلمانوں پر مظالم کی داستان فلسطین ہی سے شروع نہیں ہوتی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: فلسطین کے علاوہ شروع کریں نا، اب اور کوئی بات کریں، فلسطین کا ایشو تو Windup ہو گیا۔

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر صاحب، آپ ہی نے کہا، قرارداد پاس کرنے کے بعد ٹائم دونگا، آپ ہی نے وعدہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یار، یہ اتنے لوگ، ابھی تھوڑی Changing بات کریں گے۔

حافظ عصام الدین: دو منٹ ہمیں بھی موقع دیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں کریں۔

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر صاحب، فلسطینیوں پر، مسلمانوں پر مظالم کی داستان فلسطین پر شروع اور فلسطین پر ہی ختم نہیں ہوتی، جہاں تک فلسطینیوں پر مظالم کی بات ہے تو وہاں پر اسرائیل قابض ہے اور اسرائیل دہشتگرد ہے، ہمارے قبلہ اول۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت صاحب، ریزولیوشن لائیں جلدی۔

حافظ عصام الدین: بیت المقدس پر فلسطین قابض ہے اور فلسطین کی سر زمین صرف فلسطین کے مسلمانوں کی ہی نہیں بلکہ یہ دنیا کے تمام مسلمانوں کی مشترکہ میراث ہے، یہ انبیاء کی سر زمین ہے، یہ حرم مدنی اور حرم مکی کی طرح محترم ہے، مسلمانوں کے لئے جیسے مدینے کی سر زمین کی حفاظت ہر مسلمان پر لازم اور فرض ہے، مکہ مکرمہ پر اللہ نہ کرے کوئی ایسی آفت ٹوٹ پڑے تو دنیا کے سارے مسلمانوں پر فرض ہے کہ مکہ کی حفاظت کے لئے مشرق، مغرب، جنوب، شمال سے مکہ کی حفاظت کے لئے اپنی جان، تن من سب کچھ قربان کریں، ایسے ہی فلسطین بھی ہمارے لئے محترم ہے، دنیا میں جہاں پر سب سے زیادہ انبیاء کرام آئے ہیں، وہ فلسطین کی سر زمین ہے، تو فلسطین تو ہے دہشتگرد نعوذ باللہ، اسرائیل تو دہشت گرد ہے، اسرائیل کے ساتھ مسلم حکمرانوں میں سے جو بھی خیر خواہی کے تعلقات رکھتے ہیں، وہ بھی اسی دہشتگردی کے زمرے میں آتے ہیں اور فلسطینیوں کے خون سے انہی کے ہاتھ بھی ایسے رنگے ہیں جیسے اسرائیل کے ہاتھ رنگے ہیں اور ایک بات میں یہ بھی کروں کہ دنیا میں جہاں بھی ظلم اور بربریت ہوتی ہے، جیسے چیچنیا، بوسنیا، افغانستان میں مسلمانوں پر مظالم ہو رہے ہیں اور مسلمانوں پر مظالم ڈھائے گئے، ہمارے معصوم بے گناہ لاکھوں بچے جوان اور بوڑھے قتل کئے گئے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

حافظ عصام الدین: وہاں سب میں مسلم حکمرانوں کا پورا کا پورا ہاتھ رہا ہے، لہذا ہماری درخواست ہو گی اس اسمبلی سے، مسلمان حکمرانوں کے نام پیغام دینا چاہیے، ہم اسرائیل کے خلاف تو قرارداد مذمت لاتے ہیں، ہونا یہ چاہیئے تھا کہ سارے صوبوں سے اور ہماری قومی اسمبلی سے ان مسلمان حکمرانوں کے خلاف قرارداد مذمت اور ان کے ساتھ بائیکاٹ اور تعلقات ختم کرنے کا اعلان ہوتا جو یہودیوں کی پشت پر کام کرتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: ہو گیا ناں، قرارداد تو پاس ہو گئی ہے، تھینک یو۔ جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): جناب سپیکر، یہ فلسطین کے حوالے سے میرے خیال سے، مجھے نہیں خیال کہ کوئی بھی پولیٹیکل پارٹی یا کوئی مسلمان اگر اپنے آپ کو کہے اور وہ فلسطین کے جو وہاں پہ جو ظلم اور بربریت ہو رہی ہے، اس پہ خاموش رہے یا اس کا دل درد نہ کرے۔ یہ دیکھیں پاکستان ایک ایٹمی ملک ہے اور جو اس وقت کوششیں ہوئیں، وزیراعظم صاحب کی طرف سے کہ تمام جتنے اسلامی ممالک ہیں، ان کو اکٹھا کیا جائے، ایک پلیٹ فارم پہ لایا جائے اور ایک پلیٹ فارم پہ لا کر ایک مضبوط قوت بن کر بات کی جائے۔ اس وقت دیکھیں، اس وقت صورتحال کیا ہے؟ آپ کی UNO کس طرف ہے، اس

کا قبلہ کس طرف ہے؟ ہم تو چاہتے ہیں کہ وہ نظر ثانی کرے، اپنا کردار ادا کرے لیکن اس کے لئے پریشر کی ضرورت ہے۔ سر، ایک ملک کچھ نہیں کر سکتا، پاکستان واحد ملک ہے جہاں مسلمانوں پہ دنیا میں کہیں پہ بھی بات ہو تو پاکستان بات کرتا ہے، پاکستان اپنی آواز اٹھاتا ہے لیکن اس آواز کے ساتھ اور آوازیں ملنا لازمی ہے جناب سپیکر، اس میں ہمارے جتنے بھی اسلامی ممالک ہیں، ان کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہاں یہ بات بار بار کی جارہی ہے کہ جی اسرائیل کو تسلیم کیا جارہا ہے، جناب سپیکر، جب تک ہم زندہ ہیں انشاء اللہ تعالیٰ اسرائیل تسلیم نہیں ہوگا، پاکستان کبھی بھی اسرائیل کو تسلیم نہیں کرے گا، (تالیاں) یہ ویسے ہی خواہ مخواہ Point scoring, political scoring نہ کی جائے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جب تک فلسطین کا مسئلہ حل نہیں ہوتا۔۔۔۔۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: Political scoring نہ کی جائے، فلسطین کا مسئلہ، بہت بڑی بڑی رکاوٹیں ہیں اس کے اندر، ہم فلسطین کے ساتھ کھڑے ہیں اور جب تک وہ یہ نہ کہے کہ جی تسلیم کریں، اس وقت تک سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس ایشو کے حل ہونے تک۔ دوسری جناب سپیکر، ہماری فوج یہ Time tested فوج ہے، ہم یہاں بڑی آسانی سے ان پہ بات کر لیتے ہیں، یہ وہ فوج ہے جس نے دنیا کے اندر اگر دہشتگردی ختم ہوئی تو وہ پاکستان میں ختم ہوئی ہے اور اس فوج نے ختم کی ہے، تو کم از کم ہمیں اپنی فوج پہ، جب ہم بات کریں تو یہ ضرور دیکھیں کہ ان کی قربانیاں دیکھیں، جہاد فی سبیل اللہ کا Motive صرف پاک فوج کا ہے، تو جناب سپیکر، یہ چند گزارشات تھیں میری کہ مضبوط فوج ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ جب تک ہمارا ایمان ہے اور جب تک یہ ہماری فوج ہے، پاکستان کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، نہ ہی سعودی عرب میں جو ہمارے حرم ہیں، نہ ان کی طرف کوئی میلی آنکھ سے دیکھ سکتا ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: اور انشاء اللہ فلسطین یہودیوں کا قبرستان بنے گا۔ جی عنایت خان صاحب، اس کے بعد ویلسن صاحب، آپ کا نمبر ہے۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اس وقت پاکستان کے اندر ہزاروں کی تعداد میں جی سی سی ممالک کے اندر کام کرنے والے مزدور، طالبعلم اور حج کے زائرین ویکسین کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں اور وہ افغانستان کے راستے جانے کے لئے وزٹ ویزے لگوا رہے ہیں، سعوی عرب، اور یو اے ای چائینز ویکسین اور رشین ویکسن کو Accept نہیں کر رہے ہیں، پاکستان میں سرکاری ہسپتالوں میں چائنیز اور رشین ویکسین ہی Available ہے، مزید برآں WHO کے SOPs کے

مطابق جب ایک قسم کی ویکسن لگ جاتی ہے تو دوسری ویکسین نہیں لگائی جا سکتی، لہذا یہ اسمبلی مرکزی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ Ministry of Religious Affairs اور وزارت خارجہ کے ذریعے سے سعودی حکومت کے ساتھ رابطہ کرے تاکہ اس سلسلے۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: European countries ہیں، ان کو بھی شامل کریں، جو European countries ہیں، GCC اور UK وہ بھی نہیں کر رہے، تو ان کو بھی اس میں شامل کریں۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: ٹھیک ہے تاکہ Ministry of Religious Affairs اور وزارت خارجہ European countries اور GCC countries کے ساتھ رابطہ کریں کہ وہ اس مسئلے کا حل نکالیں اور ہمارے لئے زر مبادلہ کمانے والے لاکھوں کارکنان اور اس طرح طالبعلم اور حج کے زائرین کے جانے کے لئے راستہ ہموار کیا جائے۔ نیز تیس سال سے کم عمر اور اقامہ ہولڈر کی Vaccination میں درپیش مشکلات کے ختم کرنے کے لئے بھی ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں۔ اس قرارداد پہ میرے دستخط ہیں، وقار احمد خان کے دستخط ہیں، نعیمہ کشور صاحبہ کے دستخط اور حمیرا خاتون کے دستخط، میں آپ کی جو تجویز ہے اس کو شامل کر کے دوبارہ لکھ لیتا ہوں اور پھر ان کو دے دیتا ہوں، ٹھیک ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ٹھیک ہے۔

Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

یہ ایک ریزولیوشن ہے، کون پیش کرے گا؟ سردار خان، جی سردار خان پیش کریں جی۔

<u>جناب سردار خان</u>: جناب سپیکر صاحب، اس معزز ایوان سے امید کرتا ہوں کہ آئندہ مالی سال بجٹ 2021-22 میں حلقہ PK-3 مالم جبہ، کشورہ بی ایچ یو اور میاں آدم بی ایچ یو کو آر ایچ سی کا درجہ دیا جائے یا مناسب ڈاکٹر صاحبان اور سٹاف فراہم کیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ علاقہ سیاحت کے لئے بہت اہم ہے اور موسم گرما میں بہت بڑی تعداد میں سیاح ان علاقوں کا رخ کرتے ہیں، یہاں مقامی آبادی روز بروز بڑھتی جا رہی ہے، اکثر یہاں پر حادثات ہوتے رہتے ہیں اور سیدو ہسپتال مینگورہ یہاں سے کافی دور ہے، لوگوں کو کافی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

لہذا یہ اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ آئندہ مالی سال بجٹ 2021-22 میں حلقہ PK-3 مالم جبہ کشورہ بی ایچ یو اور میاں آدم بی ایچ یو کو آر ایچ سی کا درجہ دیا جائے۔

جناب سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، یہ بالکل پسماندہ علاقے ہیں، یہ تو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اس کا بہتر جواب دے سکتا ہے، اگر یہ Feasibility بنتی ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن یہ Feasibility پہ Depend کرتا ہے کہ کیا وہاں پر زمین کا ایشو ہے یا وہاں پہ آبادی کتنی ہے؟ کیونکہ بی ایچ یو جو ہے وہ بھی کافی بڑا ایک ہسپتال ہوتا ہے اور کیا وہاں پہ کوئی Feasibility بھی بنتی ہے؟

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: اس کو پینڈنگ رکھیں، ہیلتھ منسٹر کی Consent کے لئے۔

وزیر محنت وثقافت: سر، Feasibility پہ Depend کرتا ہے، اگر وہاں پہ Feasible ہے تو یہ کر دیں، قرارداد پاس کر دیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔

جناب سپیکر: پاس کر دیں؟

وزیر محنت وثقافت: بالکل کر لیں۔

Mr. Speaker: Okay. Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'. (The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed. Wilson Sahib.

## رسمی کارروائی

جناب ویلسن وزیر: شکریہ مسٹر سپیکر، میں سب سے پہلے میر کلام صاحب کو بھی مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے پختونوں کے حقوق پہ بڑی اچھی قرارداد پیش کی، اس ہاؤس کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ فلسطین کے مسئلے پہ جو ایک متفقہ قرارداد پاس ہوئی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اقوام عالم سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اس مسئلے کو سنجیدہ لے۔ قراردادوں یا ریلیوں یا مطلب جو احتجاجی مظاہرے ہیں، اس سے کام نہیں چلے گا بلکہ وہاں پہ امن فوج تعینات کی جائے اور وہاں جو انسانیت پہ ظلم ہو رہا ہے، مسلمانوں پہ نہیں بلکہ انسانیت پہ ظلم ہو رہا ہے، وہاں دیگر قومیں بھی رہتی ہیں، ان کا احترام کیا جائے اور ان کو جینے کا حق دیا جائے۔ جناب

سپیکر، میں ایک Point of Order پہ بات کروں گا، جولوکل گورنمنٹ کے حوالے سے اور یہ ہے پاڑا چنار اور میران شاہ، وہاں جو ٹی ایم اے کے ملازمین ہیں، یہ پہلے بھی ہوتا رہا ہے کہ انہیں، مطلب وہاں جو کام کرتے ہیں، انہیں تنخواہ نہیں مل رہی کئی سالوں سے اور جو لوگ ریٹائرڈ ہو چکے ہیں، ان کو پنشن کی ادائیگی نہیں ہو رہی کیونکہ وہاں جو ٹی ایم اے بنی ہوئی ہے، پہلے سے پاڑاچنار میں یا صدہ میں یا میران شاہ میں، ان کا جو ریونیو ہے، وہ نہیں ہے، ریونیو جنریشن نہیں ہے اور جو نئی ٹی ایم اے ہے، اس کے پاس بھی وسائل نہیں ہیں، تو اس لئے میں جو ہمارا ڈیپارٹمنٹ ہے لوکل گورنمنٹ کا، ان سے یہ ڈیمانڈ کروں گا کہ فاٹا میں کافی پیسے اے آئی پی پروگرام میں ہیں جن کے بقایاجات رہتے ہیں، چاہے وہ پنشن ہے یا ان کی تنخواہیں ہیں، ان کو ادائیگی کی جائے اور آئندہ بجٹ میں بھی ان کے لئے، جب تک وہ ٹی ایم اے اپنے پاؤں پر کھڑی نہیں ہوتی ہے، اس کا Revenue generate نہیں ہوتا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ویلسن صاحب، ایک منٹ، میں اکثر یہ جب بات کرتا ہوں تو ہمارے کئی ممبرز ناراض ہو جاتے ہیں کہ Point of Order پہ بس ایک چیز آپ نے Highlight کرنی ہے، آپ کو کوئی جواب دینے کا پابند نہیں ہے کیونکہ اس کی انفارمیشن ہوتی نہیں ہے کسی کے پاس، اس لئے کال اٹنشن کا طریقہ کار ہے کہ وہ جب آپ جمع کرواتے ہیں تو وہ ڈیپارٹمنٹ کے پاس جاتا ہے۔ اب یہ جو باتیں کر رہے ہیں، یہ شوکت یوسفزئی صاحب یا کوئی منسٹر، ان کو کیا پتہ ہے کہ ادھر ان کو پیسے ملے ہیں یا نہیں ملے؟

<u>جناب ویلسن وزیر</u>: میں اس پہ کال اٹنشن بھی لے آؤں گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: اس لئے کال اٹنشن لائیں۔

<u>جناب ویلسن وزیر</u>: ٹھیک ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: تاکہ وہ پھر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے آئے اور منسٹر پھر Available ہو گا جو Concerned ہے، وہ آپ کو اس کا صحیح جواب دے سکے گا۔

<u>جناب ویلسن وزیر</u>: ٹھیک ہے، میں لے آوں گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو ویسے، ایسے ہی ٹائم ضائع ہوتا ہے۔

<u>جناب ویلسن وزیر</u>: چونکہ انہوں نے ایک احتجاج کیا تھا، میں نے دیکھا تھا۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں، وہ آپ کال اٹنشن لائیں Proper طریقے سے تاکہ ڈیپارٹمنٹ اس کا جواب لے کر آئے، یہاں ہم لوگ کرتے رہتے ہیں باتیں، وہ باتیں ہوا میں اڑ جاتی ہیں، یہ صرف اسمبلی کا وقت ضائع ہوتا

ہے،اس لئے جو بھی Important چیز، یہ آپ کوئی کرنٹ چیز لا سکتے ہیں، چلو جی آج یہ واقعہ ہو گیا ہے، فلاں ہو گیا But جس کا You need answer, then the proper way is to put that call attention notice اور وہ جائے، ادارہ اس کا جواب دے، Minister concerned will be here to answer you. جی خوشدل خان صاحب، اچھا یہ آپ مجھے بتائیں، اب جو آئٹم ہے ہماری ڈسکشن کا، آج کا ایجنڈا آئٹم، اس پہ بات کرنی ہے کسی نے؟

جناب عنایت اللہ: وہ کل تک اس کو Defer کریں۔

جناب سپیکر: جی کیوں خوشدل خان صاحب، کل تک کریں Defer؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: یہ جو آخری آئٹم ہے، یہ ہونا چاہیئے، مطلب یہ پہلے سے ایجنڈا ہے، اگر آج نہیں ہوتا ہے تو کل کے لئے Defer کر دیں، کل کے لئے Defer کر دیں۔

جناب سپیکر: نہیں، کل تو ہم نے میٹنگ میں چشمہ والا Approve کر دیا ہوا ہے، کل کے ایجنڈے میں وہ آ گیا ہے، چشمہ رائٹ بینک کینال تو Where is the Minister Sahib? کامران بنگش ہے کہ نہیں ہے؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، ایک دو سیکنڈ کی ایک ضروری بات ہے۔

جناب سپیکر: جی جی، خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: تھینک یو، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، یہ ابھی ہماری حکومت نے پختونخوا ہاؤس اسلام آباد کو بند کیا ہے کورونا کی وجہ سے، میں اور ہمارے دوست بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: یہ کامران بنگش کو بلائیں جی، فون کر کے، کدھر گیا ہے؟ Answer تو انہوں نے ہی کرنا ہے، ہائر ایجوکیشن کا ہے، جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، یہ ہمارے پختونخوا ہاؤس اسلام آباد، کورونا کی وجہ سے حکومت نے وہاں پہ پابندی لگائی ہے، کسی کو الاٹمنٹ نہ کر کے ہم جیسے اور تمام ایم پی ایز کو وہاں پر تکلیف ہوتی ہے، مطلب ہے رات گزارنے کے لئے یا میٹنگ پر جانے کے لئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، ایم پی ایز کے لئے بھی بند ہے؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: تو میرا یہ ہے کہ اگر بند ہے تو ٹھیک ہے، پرائیویٹ کو آپ الاٹ نہ کریں لیکن کم از کم ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں تو مطلب ہے کہ یہ پریویلج ایکٹ میں آتا ہے، تو اگر اس پر آپ رولنگ

دیدیں یا حکومت سے بات کر لیں، کم از کم جو Genuine ہوتے ہیں ان کو کھلا رکھیں، ان کو مطلب ہے، ہمیں الاٹ کرائیں، یہی بات ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی منسٹر صاحب، یہ تو نہیں ہونا چاہیئے۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: سر، یہ جو این سی او سی کا فیصلہ آیا تھا، این سی او سی کے فیصلے کے مطابق یہ بند ہوا تھا لیکن یہ بات درست کر رہے ہیں، اب کل میری بھی میٹنگ ہے لیکن مجھے بھی پریشانی ہے کہ Stay کہاں کرنا ہے، تو بالکل یہ ابھی جہاں تک، اب کافی حد تک کورونا کا جو Ratio ہے وہ کم ہوتا جا رہا ہے اور ان کے لئے جو ضروری ہے، میرے خیال سے اب کھولنا چاہیئے، میں اس کے حق میں اور میں ابھی سی ایم صاحب کے نوٹس میں لے آؤں گا آپ کی اسمبلی کی طرف سے، اگر آپ اس پہ رولنگ بھی دینا چاہیں تو اچھی بات ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: وہ Guests فی الحال روک لیں لیکن جو ایم پی ایز ہیں ان کو تو Allow کریں، منسٹرز ہوئے، ایم پی ایز ہوئے، ان کو Allow کریں اور Guests نہ چھوڑیں، Guests کی بکنگ الگ رکھیں۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: جی جناب، آپ تو پہلے باتیں کر چکے ہیں، ہر بار نہیں۔ شفیق ایم پی اے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: (رکن اسمبلی جناب بلاول آفریدی سے) آپ بیٹھیں، آپ کا کام ہو گیا ہے، اب اس کا کام ہے۔

<u>جناب شفیق آفریدی</u>: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ تھینک یو جناب سپیکر صاحب، آپ کا بہت شکریہ، آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ جناب سپیکر صاحب، 30 اپریل کو ہمارے ضلع خیبر جمرود میں دو فریقین کے درمیان میں ایک فائرنگ ہوئی تھی جس کی وجہ سے ہمارا ایک راہ گیر بچہ جس کی عمر چودہ سال تھی، عمر نام کا، جناب سپیکر صاحب، ذرا توجہ دیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: وہ آرڈر تو ایڈ منسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کرے گا۔ تو منسٹر صاحب بات کرتے ہیں ناں، انہوں نے کہا، ان کو خود بھی چاہیئے، (مداخلت) وہ آپ کے لئے نہیں کہہ رہے ہیں جی، اپنے لئے کہہ رہے ہیں، یہ تو سب کا ہو جائے گا۔ جی شفیق۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر صاحب، 30 اپریل کو ہمارے ضلع خیبر میں دو فریقین کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا تھا جس کی وجہ سے ایک راہ گیر بچہ چودہ سال کا، عمر نام کا ایک بچہ تھا، جو زخمی حالت میں ہم اس کو حیات میڈیکل کمپلیکس لیکر گئے تھے لیکن بد قسمتی سے سر، ڈاکٹروں کی غفلت کی وجہ سے اور وہ بچہ جو موت اور زندگی کی کشمکش میں تھا، ہمارے ڈاکٹرز صاحبان نے، جو * + ڈاکٹر تھے، اس میں جو ڈائریکٹر ہیں، حیات میڈیکل کمپلیکس کے، فیصل شہزاد صاحب اور اس کے جتنے بھی ان کے ساتھ + * ڈاکٹر تھے، بجائے اس کے کہ وہ بچے کی Treatment کرتے، ان کی غفلت کی وجہ سے وہ جاں بحق ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں یہ Words expunge کرتا ہوں، Parliamentary language پر آئیں، * + والے لفظ Expunge کرتے ہیں۔

جناب شفیق آفریدی: ٹھیک ہے۔ اچھا جناب سپیکر صاحب، اگر آپ دیکھیں تو میں اس دن میں نماز پڑھ رہا تھا تو ہمارے جو منسٹر صاحب ہیں، تیمور سلیم جھگڑا صاحب، انہوں نے مجھے Call کی تھی کہ آپ کے حلقے کے لوگ وہاں پر انہوں نے روڈ بلاک کیا ہوا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ڈی سی پشاور کیپٹن خالد محمود صاحب نے مجھے Call کی تھی، تو اس وجہ سے جب میں وہاں پہ چلا گیا اور الحمد للہ تیس منٹ کے اندر اندر ان کے جو تحفظات تھے، ان کے جو مسائل تھے، وہ ہم نے بخوبی سر انجام دیئے سر، لیکن بد قسمتی سے اگر آپ دیکھیں سر، Without any evidence بغیر کسی ثبوت کے ہم اپنے منسٹر صاحب کی اطلاع پر جب وہاں گئے تو ڈاکٹر صاحبان نے میرے اوپر اور میری جو آنریبل فیمیل ایم پی اے نگہت اورکزئی کے خلاف ایف آئی آر درج کی، بغیر ثبوت کے، میں جناب سپیکر صاحب، آپ کو پتہ ہے کہ اگر میں اپنے حلقے کے لوگوں کے ساتھ کھڑا نہ ہوں اور ان کے ساتھ ظلم کیا جا رہا ہے تو یہ تو ایک ایف آئی آر ہے، میں اپنے قوم کی خاطر، اپنے عوام کے لئے ا نصاف کی وجہ سے میں اپنے آپ کے اوپر سو ایف آئی آرز کے لئے بھی میں بخوشی تیار ہوں۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے یہ التجاء کرنا چاہتا ہوں کہ بجائے 30 اپریل کو جب ہم نے ان سے جو ان کے لواحقین تھے، جو ہم نے یہ Dispute resolve کیا تھا تو انہوں نے ہمیں ایک مطالبہ، انہوں نے بولا تھا کہ ڈاکٹرز کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے، باقاعدہ ایس ایچ او صاحب

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کیا گیا۔

وہاں پر موجود تھے، انہوں نے روزنامچہ وغیرہ کر دیا لیکن ہمارے اس ایوان کی بد قسمتی کو دیکھیں سر، کہ بجائے اس کے کہ وہ ڈاکٹروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرتے انہوں نے میرے اور نگہت اورکزئی کے خلاف ایف آئی آر درج کی، بغیر کسی ثبوت کے، میں اس فلور پر، یہ آپ کے ساتھ Commitment کرنا چاہتا ہوں جناب سپیکر، اگر میرا اس میں کوئی عمل دخل ثابت ہوا اور اس میں ٹوٹ پھوٹ یا کوئی ایسی Government premises کو ہم نے نقصان پہنچایا ہو تو بالکل میں استعفیٰ دینے کے لئے بھی تیار ہوں لیکن اگر ان کا یہ موقف ہے کہ شفیق شیر آفریدی اپنے عوام کے ساتھ کھڑا نہیں ہوگا، یہ ان کی بھول ہوگی، جب تک میرے بچے عمر کے لواحقین کو انصاف نہیں ملے گا اس وقت تک میں ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہونگا۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت):</u> جناب سپیکر۔۔۔۔

(مداخلت)

<u>میاں نثار گل:</u> جناب سپیکر صاحب، پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>جناب سپیکر:</u> جواب ان کا ختم ہ پھر آپ کو، اسی پر بات کرنی ہے؟

<u>میاں نثار گل:</u> جی ہاں۔

<u>جناب سپیکر:</u> چلیں کریں۔

<u>میاں نثار گل:</u> سپیکر صاحب، آپ کا بہت بہت شکریہ۔ شوکت صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ہم سارے پارلیمنٹرین جتنے بھی ہیں یا اپوزیشن سے ہیں یا حکومت سے ہیں، ہر دوسرے تیسرے دن ہسپتال جاتے ہیں، اس لئے کہ علاقے کے لوگ مریض ہوتے ہیں، کورونا کی بیماریاں ہیں، آپ 2002 کو دیکھ لیں 2008 کو دیکھ لیں لیکن جب سے ایم ٹی آئی ایکٹ آیا ہوا ہے، کوئی پارلیمنٹرین اگر ہاسپٹل جاتا ہے، وہ اگر ڈاکٹر کے ساتھ بات کرتا ہے تو وہ ایسا سمجھ رہا ہے کہ یہ بہت غلط سوچ سے آیا ہوا ہے، میں پرسوں کڈنی سنٹر گیا ہوا تھا، جگہ جگہ پر بورڈ لگے ہوئے ہیں، لکھا ہوا ہے دیواروں پہ کہ سیاسی مداخلت بند ہونی چاہیئے، جناب سپیکر، پہلے تو میرے خیال میں جب ہم ہاسپٹل جاتے تھے، ایک کاؤنٹر ہوتا تھا پارلیمنٹرین کے لئے، اس کاؤنٹر کے پاس چلے جاتے تھے، پھر اس کاؤنٹر کے Reception کے ساتھ وہ اس مریض کے پاس جاتے تھے، ڈاکٹر کے ساتھ بات کرتے تھے لیکن ایک اس ایم ٹی آئی ایکٹ کی وجہ سے جتنے بھی ڈائریکٹرز

ہیں، ان کے ساتھ اتنی سیکورٹی ہوتی ہے، آپ اس کو دیکھ لیں، دو سو، تین سو بندے جب ایک ہاسپٹل میں سیکورٹی والے ہوں اور وہ دس بارہ بندے اس کے پیچھے آئیں، تو وہ ڈاکٹر نہیں ہے، ہمارے ڈاکٹر صاحبان قابل عزت ہیں، قابل احترام ہیں، ان کے مسئلے ہم ایوانوں میں اٹھاتے ہیں لیکن جب ان کے پیچھے دس بارہ وردی والے ہوں تو وہ اپنے آپ کو ایس پی سمجھتے ہیں، وہ ڈاکٹر اپنے آپ کو نہیں سمجھتے، برائے مہربانی شوکت صاحب، آپ ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، آپ تو منسٹر ہیں، چلے جائیں گے، آپ کو تو لوگ پروٹوکول بھی دینگے، جھگڑا صاحب چلے جائے تو ان کو پروٹوکول بھی دینگے لیکن ہم بھی آپ کے پارلیمنٹرین ہیں، آپ کی عزت ہے، اس اسمبلی کی عزت ہے جب ہاسپٹل جائیں تو ایک مریض کا پوچھیں یا کسی ڈاکٹر کو کہیں کہ جناب مہربانی کرکے اس کا خیال رکھیں، تو پھر یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے سیاسی مداخلت کی۔ جناب سپیکر، میں نے پہلے روزوں میں ایک بات اٹھائی تھی ہاسپٹل کے متعلق، دوائیوں کے متعلق اور آپ نے اس پر رولنگ دی تھی، میں نے کہا تھا کہ کرک سے دوائیاں چوری ہو کر چارسدہ میں فروخت ہوئی ہیں، آپ نے رولنگ دی تھی کہ اس پر چودہ دن کے اندر اندر انکوائری ہو گی لیکن جب ایسی بات کو ہم اٹھاتے ہیں تو پھر ڈاکٹر ہم سے ناراض ہوتے ہیں، ان کا سٹاف ہم سے ناراض ہوتا ہے، برائے مہربانی اپنے پارلیمنٹرین کی خاطر جس طرح شفیق آفریدی صاحب نے کہا، ہم تو کوشش کر رہے ہیں کہ جدھر بھی جائیں، جس طرح بھی جائیں، عزت کے طریقے سے جائیں لیکن اخباروں میں آیا ہوا تھا کہ نگہت اورکزئی صاحبہ پر، شفیق آفریدی صاحب پر ایف آئی آر درج ہوئی ہے، اچھی بات ہے، اس نے غلطی کی ہو گی لیکن ہم روزانہ دیکھتے ہیں کہ ڈاکٹر اور اس کے سٹاف آپ کے جتنے بھی پارلیمنٹرین ہیں، منسٹر کے علاوہ، ان کے ساتھ اتنی غلطیاں کرتے ہیں تو پھر روزانہ کا استحقاق ہو گا، برائے مہربانی اپنے شوکت بھائی کو کہنا چاہتا ہوں کہ جتنے بھی ہاسپٹلز ہیں، شیر پاؤ ہاسپٹل ہے، لیڈی ریڈنگ ہاسپٹل ہے، کڈنی سنٹر ہے، ایل آر ایچ ہے، ان میں پارلیمنٹرین کے لئے کاؤنٹر بنا دیں، درانی صاحب جب وزیراعلیٰ تھے، امیر حیدر خان ہوتی صاحب جب وزیراعلیٰ تھے تو کاؤنٹر ہوا کرتے تھے، ادھر پارلیمنٹرین جاکر اپنے مریض کے پاس یا ڈاکٹر ان کی Look after کرتا تھا، ہم عزت والے لوگ ہیں، تیس، پینتیس ہزار ووٹ لیکر اس اسمبلی میں آئے ہوئے ہیں، ہمارے حلقے کے لوگ، ہمارے ضلع کے لوگ اگر ہاسپٹلز میں آتے ہیں، اگر ہم ان کی خدمت کے لئے جاتے ہیں، یہ کوئی بری بات نہیں ہے لیکن ایم ٹی آئی ایکٹ کے بعد جگہ جگہ ہاسپٹل میں لکھا ہوا ہے کہ سیاسی مداخلت بند، یہ اچھی بات نہیں ہے، جناب سپیکر۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر صاحب، ایک بات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شوکت یوسفزئی۔ آپ کی بات کا جواب تو آنے دیں۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): جناب سپیکر، ٹائم بھی کافی ہو گیا ہے، نماز کا بھی ٹائم ہے، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایم ٹی آئی سسٹم از خود کوئی غلط سسٹم نہیں ہے اور نہ ہی یہ سارے ڈاکٹرز اس طرح ہو سکتے ہیں، دیکھیں یہ مشکل وقت ہے، اس وقت جو کورونا کی صورتحال سے ہم گزرے، اس میں ہمارا جو طبی عملہ ہے جس میں ڈاکٹرز بھی ہیں، پیرا میڈکس بھی ہیں، نرسنگ سٹاف ہے، سب نے بڑی محنت کی، کوشش کی، ابھی بھی کر رہے ہیں، لڑ رہے ہیں، بہت سارے ڈاکٹر ہمارے کورونا سے شہید بھی ہوئے ہیں، تو اس طرح جو اس دن شفیق بھائی، میرے بھائی ہیں اور میڈم ہماری معزز وہ ہیں لیکن جو Viral ہوئی ویڈیو ان کی، جس انداز سے انہوں نے ڈاکٹروں کو، کیونکہ ان کی Video viral نہیں ہوئی، اگر انہوں نے کوئی ان کے ساتھ بد تمیزی کی ہے یا کچھ بھی کیا ہے لیکن وہ چیز ہمارے سامنے نہیں آئی ہے، جو ان کی ویڈیو ہے، وہ Viral ہوئی ہے، (مداخلت) میں ایک عرض کرتا ہوں سر، میں آپ کو بتا دونگا سر، میں آپ کو بتا دونگا لیکن میں اس پر نہیں جانا چاہتا، میں تو جو کہنا چاہتا ہوں کہ ہماری عزت ہمارے اپنے پاس ہے، ہمیں لوگوں نے منتخب کیا ہے، ٹھیک ہے آپ جائیں، اگر آپ کو کسی نے عزت نہیں دی، کسی نے بات نہیں مانی تو پریویلج کمیٹی موجود ہے، اس میں جناب سپیکر، آپ اپنی بات کر سکتے ہیں، ان کو بلا سکتے ہیں۔ تو آپ کے پاس تو ایک Tool ہے لیکن اگر ہم سارے ڈاکٹروں کو اس طرح کرینگے تو وہ Disheart ہونگے، مشکل وقت ہے، اس پر ہم کسی کو Disheart نہیں کرنا چاہتے اور وہ ہمارے اس وقت فرنٹ لائن ایک قسم کے سپاہی ہیں، اس میں ہماری پولیس بھی ہے، بہت، میں سب کو کہنا چاہتا ہوں، جتنے بھی سرکاری ملازمین ہیں، اس وقت مشکل دور سے اور عوام بھی مشکل دور سے گزر رہے ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا ہمیں جناب سپیکر، اگر ہم ایم ٹی آئی کے خلاف ہیں تو وہ ایک الگ چیز ہے، اس کا ان رویوں سے تعلق نہیں ہے۔

جناب سپیکر: آپ ایسا کریں کہ ان کی اور ڈاکٹرز کی صلح کرادیں اور ایف آئی آر جو ہے Withdraw کروالیں، صلح کرادیں، بس جو ہو گیا سو ہو گیا۔

وزیر محنت وثقافت: سر، بالکل ٹھیک ہے، میں گزارش کرونگا اپنے بھائی سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ظاہر ہے لوگ جذباتی تھے، اب ان کے عوامی نمائندے آ گئے، وہ اور جذباتی ہو جاتے ہیں۔

وزیر محنت وثقافت: لیکن وہ تب ہو گا جب میرے بھائی، اگر یہاں پر، اگر ان کو ہم گالیاں دینگے، اچھے نام سے نہیں بلائیں گے پھر ظاہر ہے وہ نہیں بیٹھیں گے۔

جناب سپیکر: ہاسپٹل والوں سے بات کر کے ایم ڈی یا ایچ ڈی سے، تو کوئی اپنے دفتر میں بلالو اس کو اور یہ بھی آپ کے آفس میں آکر، تو کیس۔۔۔۔۔

وزیر محنت وثقافت: ہم حاضر ہیں سر، ہم حاضر ہیں، انشاء اللہ بٹھا کر جو بھی، دیکھیں وہ بھی ہمارے بھائی ہیں، وہ بھی ایک ڈاکٹر جب بنتا ہے تو وہ بھی بڑی محنت سے ہو کر بنتا ہے، تو ہمیں اس طرح۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی شفیق۔

جناب شفیق آفریدی: اصل میں، شوکت صاحب ہمارے قابل احترام منسٹر صاحب ہیں، میں ان کے ساتھ Agree کرتا ہوں لیکن سپیکر صاحب، بعض ایسی چیزیں ہوتی ہیں کہ وہ اگلے بندے کو Blackmail کرتا ہے، ٹھیک ہے ہمیں یہ پتہ ہے کہ یہاں پہ Covid کی Situation ہے لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے سپیکر صاحب، کہ اس کی وجہ ہم لوگوں کے خون چوستے رہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ سے التماس کرنا چاہتا ہوں، میں پورے ڈاکٹرز کے خلاف نہیں ہوں، میں فیصل شہزاد جو ڈائریکٹر حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، میں نے آج تک اس کو دیکھا تک نہیں ہے، اس سے پہلے ہمارے ہیڈلائنز پر جو ہے ناں میرے Alternate بلاول صاحب کا نام لے رہے تھے وہ، ان کو یہ پتہ نہیں ہے کہ یہ بلاول ہے کہ شفیق شیر ہے؟ تو آپ اس چیز سے اندازہ لگائیں کہ ان کی جھوٹ کتنی حد سے انہوں نے کہی، صرف یہ آخری گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس فیصل شہزاد صاحب کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور جوڈیشل کمیٹی بنائی جائے تاکہ پتہ چلے لوگوں کو بھی کہ ہمارے، جناب سپیکر، ہمارے اس ایوان کو ہم اور آپ لوگوں نے عزت دینی ہے، جب ہم ایک دوسرے کو عزت نہیں دینگے جناب سپیکر، یہ کالی بھیڑیں، باہر کے لوگ جو ہیں، ہمیں اس طرح Blackmail بھی کرینگے اور ہماری بے عزتی بھی اس چیز کی وجہ سے ہو گی۔

جناب سپیکر: شفیق صاحب، میں نے ابھی تھوڑی دیر پہلے ایک بات کی تھی کہ جس چیز کا آپ جواب چاہیں، اس کو کال اٹنشن کی صورت میں لائیں تاکہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے Proper جواب آئے اور انہی کا منسٹر آپ کو Answer کریں۔ اب یہ، یہاں پر جو بات کرنے کا مقصد جو ہوتا ہے بس Highlight، یہ اخبار والے ہماری بھائی ہیں یہ لکھ دینگے کہ آپ نے یہ بات کی، اس کا میں نے پہلے کہہ

دیا آپ کو کہ کوئی فائدہ نہیں ہوتا، سوائے Wastage of time کے، کیونکہ Concern Minister نہیں ہوگا، ڈیپارٹمنٹ سے جواب نہیں آئے گا، Highlight ضرور ہو جائیگی وہ چیز Point of Order پر کہ جس چیز کا آپ جواب چاہتے ہیں، کوئی ایکشن چاہتے ہیں، کوئی چاہتا ہے کہ یہ کمیٹی کے سپرد ہو جائے، کہیں تحقیقات ہو جائیں، وہ Proper طریقے سے لائیں تاکہ پھر آپ کا وہ مسئلہ اس طریقے سے حل ہو ورنہ Point of Order پر بس Highlight ہوتا ہے۔

The sitting is adjourned till 2:00 pm, Tuesday, 25th May.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 25 مئی 2021ء بعداز دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)